پاکستانی سوانح حیات کا انسائیکلوپیڈیا

علمی، ادبی، سماجی اور دیگر نامور شخصیات کے حالاتِ زندگی

حفیظ گوہر

Marfat.com

پاکستانی شخصیات

کا

انسائیکلوپیڈیا

علمی، ادبی، سماجی اور دیگر نامور شخصیات کے حالاتِ زندگی

حفیظ گوھر

گوہر پبلی کیشنز
راجپوت مارکیٹ
اُردو بازار، لاہور

Marfat.com

Mobile No: 0320-4606478

ناشر:

حفیظ گوھر (ایم اے اُردو)

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب ..... پاکستانی شخصیات کا انسائیکلوپیڈیا

مرتب ..... حفیظ گوہر

سرورق ..... محمد عامر سعید

کمپوزنگ ..... محمد جاوید/ حافظ کاشف ظہیر

تعداد ..... ایک ہزار

قیمت ..... -/125 روپے

انتساب

بہادر، نڈر، شفیق اور مہربان

بزرگ دوست

جناب چوھدری شفقات احمد بھدر

(ایس ایس پی لاہور)

کے نام

حفیظ گوھر

Marfat.com

پیش لفظ

تاریخ انسانوں سے عبارت ہے اور تاریخ وہ انسان رقم کرتے ہیں جو اشرف المخلوقات ہونے کا ثبوت دیتے ہیں اور اشرف المخلوقات ہونے کا وہ لوگ ثبوت دیتے ہیں جو اپنی زندگیاں وقف کر دیتے ہیں عظیم کاموں کے لئے۔ عظیم کام وہ ہوتے ہیں جس سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق فائدہ حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس چیز سے فائدہ حاصل کرتی ہے جو منظر عام پر ہو' کسی چیز کو منظر عام تک لانے کے لئے اپنا تن من دھن سب قربان کرنا پڑتا ہے۔

مجھے اپنے پیارے ملک پاکستان کی تعمیر اور بقا میں حصہ لینے والے بڑے عزیز ہیں اور اس لئے میں نے ''پاکستانی شخصیات کا انسائیکلوپیڈیا'' مرتب کیا ہے اس خیال کے ساتھ کہ اپنی آنے والی نسلوں کو یہ بتا سکوں کہ اگر تم بھی ان لوگوں کی طرح اس ملک اسلام اور انسانیت کی خدمت کرو گے تو کل تم بھی تاریخ کا ایک درخشاں باب ہو گے۔

حفیظ گوھر
ایم اے (اُردو)

Marfat.com

پاکستانی شخصیات ..... ست رنگی روشنیوں میں

شخصیت پرستی شرک مگر شخصیت پسندی خیر ہے۔ خیر افروز شخصیات کی حیات و مہمات سے استفادہ کرنا نہ صرف مفید ہے بلکہ ضروری بھی۔ شخصیات میں اپنے اسلاف و اکابرین کے ساتھ ساتھ معاصرین میں بھی ایسی ایسی ہستیاں موجود رہتی ہیں جن سے انسانی معاشرہ فلاح پاتا ہے۔ ملک عزیز پاکستان اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے مالا مال ہے ان نعمتوں میں جہاں کوہ و میداں' کھیت کھلیان' دریا' سمندر اور ایسے ہی لاتعداد انعامات سے سرفراز ہے وہیں کئی ایسی شخصیات بھی یہاں پر گذری ہیں یا موجود ہیں جن کو آبروئے وطن کا درجہ حاصل ہے۔ پاکستانی شخصیات پر اشاعتی ترسیل و ابلاغ اور قلمی کام اگرچہ پہلے ہو چکا ہے تاہم برادرم حفیظ گوہر صاحب کی اس فن میں محنت و محبت دونوں انتہائی قابل قدر اور لائق ستائش ہیں۔ اس موضوع پر اپنی اس کاوش میں موصوف نے شخصیات پر اس طرح ست رنگی روشنیاں ڈالی ہیں کہ قاری کی آنکھ کہیں بھی چکا چوند نہیں ہوتی۔ بلکہ تیز نگاہ والوں سے لے کر کم نظر یہاں تک کہ کورنگاہ تک ہر آنکھ اس سے استفادہ حاصل کر سکتی ہے شرط یہ ہے کہ چشم و نگاہ کا تعلق دل اور دل میں وطن کی سچی محبت موجود ہو۔ آسمان سے محبت رکھنے والا اس کے ستاروں سے بھی پیار کرتا ہے۔ وطن سے محبت رکھنے والا وطن کی شخصیت سے بھی یقیناً محبت رکھتا ہے۔ جناب حفیظ گوہر نے اسی محبت کو اُجاگر کرنے بلکہ اس میں اضافہ کرنے کے لیے یہ حسین قدم اُٹھایا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی خوب کو قبولیت بخشے۔ آمین ثم آمین۔

از: پروفیسر ڈاکٹر محمد افضال
ایم۔اے' ایم فل' پی ایچ ڈی
(گولڈ میڈلسٹ)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
1	انتساب	1
2	پیش لفظ	3
3	پاکستانی شخصیات.....ست رنگی روشنیوں میں	4
4	ابراہیم اسماعیل چندریگر	11
5	ابراہیم رحمت اللہ ۔	13
6	ابن انشاء	14
4	احسان دانش	16
7	احسان الٰہی ظہیر	18
8	احمد شاہ پطرس بخاری	20
9	احمد فراز	22
10	احمد ندیم قاسمی	23
11	احمد یار خان، میر	25
12	اختر حسین	26
13	اختر علی جی، قاضی	28
14	ارباب سکندر خاں خلیل	28
15	ارباب محمد جہانگیر خان	29
16	ارشاد احمد حقانی	31
17	اسرار احمد، ڈاکٹر	33
18	اسلم خٹک، محمد	35
19	اشرف تابانی	36
20	اشفاق احمد	37
21	آصف نواز جنجوعہ، جنرل	38
22	اصغر خان، ائیر مارشل	40
23	اعتزاز احسن، چوہدری	41
24	اعظم خاں، جنرل محمد	43
25	آغا خاں، سر	44
26	آغا شاہی	46
27	آفتاب شعبان میرانی	47
28	افتخار الدین، میاں	47
29	افتخار حسین ممدوٹ، نواب	49
30	افتخار خان، میجر جنرل، محمد	50
31	افضل خان، میر	51
32	اکبر خان بگٹی نواب	52

Marfat.com

نمبر شمار	نام عنوان	صفحہ
33	اکبر خان، میجر جنرل، محمد	53
34	اکرم میجر، محمد، شہید	54
35	الطاف حسین	56
36	امام بخش ناسخ سیفی، ملک	57
37	امتیاز علی تاج، سید	59
38	امجد اسلام امجد	60
39	امیر احمد محمد راجہ صاحب محمود آباد	62
40	امیر الدین، میاں	63
41	امیر گلستان جنجوعہ	64
42	امیر محمد خان، ملک	65
43	امین الدین، میاں	66
44	انتظار حسین	68
45	انصار برنی	69
46	انوار الحق، جسٹس	70
47	انوار حسین نفیس رقم، سید	71
48	انور سدید، ڈاکٹر	73
49	ایوب خان، محمد، فیلڈ مارشل	75
50	ایوب کھوڑو، محمد	77
51	بشریٰ رحمٰن	79
52	بانو قدسیہ	80
53	میر بلخ شیر مزاری	81
54	بہادر خان، سردار	83
55	بھولو پہلوان	84
56	بیگم جہاں آراء شاہنواز	85
57	بیگم حکم	86
58	سلمیٰ، تصدق حسین بیگم	89
59	بے نظیر بھٹو	91
60	پرویز مشرف، جنرل	93
61	پروین شاکر	94
62	پیر الٰہی بخش	95
63	پیر پگاڑا	97
64	تاج محمد جمالی، میر	98
65	ٹکا خان، جنرل	99
66	جارج کنتگھم، سر	101
67	جام صادق علی	102
68	جاوید اقبال، ڈاکٹر	104
69	جاوید میانداد	106
70	جھارا پہلوان	106

Marfat.com

نمبر شمار	نام عنوان	صفحہ
71	جہانداد، لیفٹیننٹ جنرل	107
72	جہانگیر خان	109
73	جی۔اے الانا	110
74	جی۔ایم سید	111
75	چراغ حسن حسرت	112
76	حبیب ابراہیم رحمت اللہ	114
77	حبیب جالب	115
78	حسن حفیظ احمد، وائس ایڈمرل	116
79	حسرت موہانی، مولانا	117
80	حسین شہید سہروردی	120
81	حفیظ جالندھری، ابوالاثر	122
82	حنیف رامے، محمد	123
83	حیات محمد خان، شیر پاؤ	125
84	خان، ڈاکٹر	126
85	خدا بخش مری، جسٹس	128
86	خدیجہ مستور	128
87	خلیق الزمان، چودھری	129
88	خورشید، محمد، صاحبزادہ	130
89	دلاور خان، نواب	130
90	ذوالفقار علی بھٹو	131
91	رابرٹ فرانسس موڈی	135
92	راشد منہاس، پائلٹ آفیسر شہید	137
93	رحمٰن عطاء، ڈاکٹر	138
94	رحمان گل، لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ)	139
95	رحمت علی، چودھری	140
96	رسول بخش، تالپور، میر	142
97	رضی الدین صدیقی، ڈاکٹر	143
98	رعنا لیاقت علی خان، بیگم	144
99	رحیم الدین خان، جنرل	146
100	ریاض حسین لیفٹیننٹ جنرل	146
101	ساغر صدیقی	147
102	سعادت حسن منٹو	151
103	سکندر، مرزا میجر جنرل	152
104	سرفراز خان، میجر جنرل	155
105	سرور شہید، کیپٹن محمد	156
106	سلیم الزمان صدیقی، ڈاکٹر	158
107	سلیمان ندوی، سید	161
108	سوار محمد حسین شہید	163

Marfat.com

نمبر شمار	نام عنوان	صفحہ
109	سوار خان محمد، لیفٹیننٹ جنرل	164
110	ایس، ایم ظفر	165
111	شبیر احمد عثمانی، مولانا	166
112	شبیر شریف، میجر شہید	168
113	شہاب الدین، خواجہ	170
114	شیر محمد خان غازی	172
115	صادق حسین قریشی، نواب	173
116	صادق رشید عباسی، لیفٹیننٹ جنرل	175
117	صادق نسیم	175
118	صدیق سالک، بریگیڈیئر	176
119	ضمیر جعفری، سید	177
120	ضیاء الحق جنرل محمد	178
121	طارق عزیز	182
122	طفیل محمد شہید، میجر	182
123	ظفر احمد عثمانی، مولانا	184
124	ظفر اللہ خان جمالی، میر	186
125	ظفر علی خان مولانا	186
126	ظہور الٰہی، چودھری	189
127	ظہیر عباس	190
128	عباس خان عباسی، نواب محمد	191
129	عبدالحق، ڈاکٹر مولوی	192
130	عبدالحکیم خان، جسٹس	194
131	عبدالحکیم، خلیفہ	195
132	عبدالرب نشتر، سردار	196
133	عبدالرشید، سردار	197
134	عبدالرشید، جسٹس میاں	198
135	عبدالستار ایدھی	199
136	عبدالستار، پیرزادہ	201
137	عبدالستار خان نیازی، مولانا	202
138	عبدالسلام، ڈاکٹر	204
139	عبدالغفور خان ہوتی، نوابزادہ	207
140	عبدالقیوم خان، خان	207
141	عبدالولی خان، خان	209
142	عطاء اللہ شاہ بخاری، سید	211
143	عطاء الحق قاسمی	213
144	عطاء اللہ خان مینگل، سردار	215
145	عنایت اللہ خان گنڈاپور، سردار	216
146	عمران خان	216

Marfat.com

نمبر شمار	نام عنوان	صفحہ
147	غلام اسحاق خان	217
148	غلام جیلانی خان لیفٹیننٹ جنرل	219
149	غلام حسین ہدایت اللہ، شیخ	221
150	غلام حیدر وائیں	222
151	غلام رسول مہر، مولانا	223
152	غلام قادر خان، جام میر	224
153	غلام عباس	225
154	غلام علی تالپور، میر	227
155	غلام محمد خان	228
156	غلام محمد، ملک	229
157	غلام مصطفیٰ تبسم، صوفی	231
158	غلام مصطفیٰ جتوئی	233
159	غلام مصطفیٰ کھر	234
160	غواث، میجر جنرل	236
161	غوث بخش بزنجو	236
162	غوث بخش رئیسانی	237
163	غوث علی شاہ، سید	239
164	فاروق احمد لغاری	240
165	فخر الدین جی ابراہیم	242
166	فدا محمد خان	242
167	فضل الحق، مولوی	243
168	فضل الرحمٰن، مولوی	246
169	فضل حق، لیفٹیننٹ جنرل	247
170	فضل اللہ، قاضی	248
171	فضل الٰہی، چودھری	249
172	فیروز خان نون ملک	250
173	فیض احمد فیض	252
174	قائم علی شاہ، سید	255
175	قتیل شفائی	255
176	قدیر الدین احمد، جسٹس	256
178	قربان علی خاں	256
179	کے۔ کے آفریدی، لیفٹیننٹ جنرل	256
180	گاما پہلوان	257
181	گل محمد خاں سردار جوگزئی	258
182	لیاقت علی خان، نوابزادہ	259
183	محسن بھوپالی	262
184	محفوظ، محمد شہید	263
185	محمد خاں جونیجو	264

Marfat.com

نمبر شمار	نام عنوان	صفحہ
186	محمد خاں، کرنل	266
187	مخدوم سجاد حسین قریشی	267
188	محمد علی بوگرا	268
189	محمد علی جناح، قائداعظم	269
190	محمد علی چودھری	274
191	مدثر نذر	275
192	مراتب علی شاہ، سید	276
193	مستنصر حسین تارڑ	277
194	مظفر حسین شاہ، سید	278
195	معراج خالد	279
196	معین قریشی، ڈاکٹر	281
197	ممتاز علی، ڈاکٹر، میاں	282
198	ممتاز علی بھٹو	283
199	ممتاز محمد خان دولتانہ، میاں	285
200	محمود اعظم فاروقی	286
201	محمود علی قصوری	288
202	مودودی، مولانا سید ابوالاعلیٰ	290
203	موسیٰ خان، محمد، جنرل	291
204	منظور احمد وٹو	294
205	منیر، جسٹس، محمد	295
206	منیر نیازی	297
207	ناصر کاظمی	298
208	ناظم الدین، خواجہ	299
209	نسیمہ ترمذی، ڈاکٹر	301
210	نصر اللہ خاں بابر، میجر جنرل (ر)	302
211	نصر اللہ خاں	303
212	نصرت عبداللہ ہارون، لیڈی	304
213	نذر محمد	305
214	نور خان ائر مارشل	305
215	نورالامین	307
216	نواز شریف، محمد	310
218	وحید قریشی، ڈاکٹر	311
219	وزیر آغا، ڈاکٹر	313
220	ہمایوں خان مری	314
221	یحییٰ خان، جنرل، آغا محمد	314

Marfat.com

ابراہیم اسماعیل چندریگر

سوال : وہ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1897ء کو احمد آباد (بھارت) میں۔

سوال : انہوں نے قانون کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

جواب : بمبئی یونیورسٹی سے۔

سوال : انہوں نے پریکٹس کس شہر میں شروع کی؟

جواب : احمد آباد میں۔

سوال : احمد آباد میونسپل کارپوریشن کے رکن کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1924ء تا 1927ء۔

سوال : احمد آباد کے کس علاقے سے بمبئی کی مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : دیہاتی علاقے کے۔

سوال : کس شہر کی ہائی کورٹ میں وکالت شروع کی؟

جواب : بمبئی کی۔

سوال : اسمبلی میں مسلم لیگ کے ڈپٹی لیڈر کب رہے؟

جواب : 1938ء میں۔

سوال : بمبئی کی صوبائی لیگ کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1940ء تا 1945ء۔

سوال : آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلسِ عاملہ کے رکن کب تک رہے؟

جواب : 1943ء تا 1947ء۔

Marfat.com

سوال : 1946ء تا 1947ء عبوری وزارت میں کس کے نمائندے رہے؟

جواب : مسلم لیگ کے۔

سوال : قیام پاکستان کے فوراً بعد انہیں کون سی وزارت ملی؟

جواب : تجارت وصحت۔

سوال : 1948ء میں کس ملک میں پاکستان کے سفیر رہے؟

جواب : کابل میں۔

سوال : صوبہ سرحد کے گورنر کب نامزد ہوئے؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : صوبہ پنجاب کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 24 نومبر 1951ء تا 2 مئی 1953ء۔

سوال : پاکستان کے وزیراعظم کب نامزد ہوئے؟

جواب : 17 اکتوبر 1957ء کو۔

سوال : وہ کتنا عرصہ پاکستان کے وزیراعظم رہے؟

جواب : 17 اکتوبر 1957ء تا 16 دسمبر 1957ء یعنی تین ماہ۔

سوال : انہوں نے استعفیٰ کیوں دیا؟

جواب : اصولی اختلافات کی وجہ سے خود مستعفی ہوگئے۔

سوال : انہوں نے اس دنیا کو خیرباد کب کہا؟

جواب : 26 ستمبر 1960ء کو کراچی میں انتقال کیا۔

☆

Marfat.com

ابراہیم رحمت اللہ

سوال : ان کا سنِ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 1912ء۔

سوال : بی اے کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : بمبئی یونیورسٹی سے بی اے۔ ایل ایل بی کی ڈگری لی۔

سوال : کتنی ہندوستانی کمپنیوں کے ڈائریکٹر رہے؟

جواب : تقریباً پندرہ کے۔

سوال : بمبئی کے مسلم ایوان تجارت کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : بمبئی صوبائی مسلم لیگ پارلیمانی بورڈ برائے بلدیات کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1945ء تا 1947ء۔

سوال : مسلم ایوان تجارت وصنعت کی فیڈریشن (نئی دہلی) کے صدر کب چنے گئے؟

جواب : 1947ء میں۔

سوال : ہندوستان میں پاکستان ہائی کمشنر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 15 اگست 1947ء کو۔

سوال : گورنر سندھ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 12 اگست 1953ء تا 23 جون 1954۔

سوال : پنجاب کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 26 ستمبر 1954ء تا 26 نومبر 1954ء۔

سوال : وزیر تجارت وصنعت کب رہے؟

Marfat.com

جواب : 1954ء تا 1955ء۔

سوال : کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1958ء میں۔

سوال : واٹر کو آرڈی نیشن کونسل کے چیئرمین کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1958ء تا 1960ء۔

سوال : 1959 اور 1971ء میں کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : 1959ء میں پاکستان گورنمنٹ شپنگ ریٹس ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور 1971ء میں پاکستان کے ریڈ کراس کے چیئرمین بنائے گئے۔

☆

ابنِ انشاء

سوال : ابن انشاء کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1927ء میں۔

سوال : مشرقی پنجاب کے کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب : جالندھر میں۔

سوال : ان کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : شیر محمد۔

سوال : والد کا نام کیا تھا؟

جواب : منشی خان۔

سوال : گورنمنٹ ہائی سکول لدھیانہ میں کب داخلہ لیا؟

جواب 1940ء میں داخلہ لیا اور بورڈنگ ہاؤس میں قیام پذیر رہے۔

Marfat.com

سوال : کون سے مشہور شاعر کے کلاس فیلو تھے؟

جواب : ساحر لدھیانوی کے۔

سوال : شعر کہنا کب شروع کیے؟

جواب : سکول کے زمانے میں۔

سوال : کیا وہ تحریک پاکستان کے کارکن رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : کیا وہ آل انڈیا ریڈیو سے وابستہ رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد انہوں نے کہاں سکونت اختیار کی؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : لاہور میں آ کر کہاں ملازمت کی؟

جواب : ریڈیو پاکستان میں۔

سوال : ان کا شمار ''پاکستان رائٹر گلڈ'' کے بانیوں میں ہوتا ہے انہوں نے اس کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : 1969ء میں۔

سوال : پاکستان نیشنل بک سنٹر کے پہلے ڈائریکٹر کا نام کیا تھا؟

جواب : ابن انشاء۔

سوال : پاکستان نیشنل بک سنٹر کس ادارے کے تعاون سے قائم کیا گیا؟

جواب : یونیسکو کے تعاون سے۔

سوال : ان کی لکھی ہوئی بچوں کی نظمیں کس نام سے شائع ہوئیں؟

جواب : ''بلو کا بستہ'' کے نام سے۔

Marfat.com

سوال : ان کے مشہور سفرنامے کون سے ہیں؟

جواب : چلتے ہو تو چین کو چلیے 'آوارہ گرد کی ڈائری' دنیا گول ہے اور ابن بطوطہ کے تعاقب میں وغیرہ۔

سوال : ان کے پہلے شعری مجموعے کا نام کیا تھا؟

جواب : ''چاند نگر''

سوال : ان کے آخری شعری مجموعے کا نام کیا تھا؟

جواب : ''اس بستی کے کوچے میں''۔

سوال : ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب : 11 جنوری 1977ء کو لندن کے ایک ہسپتال میں۔

سوال : وہ کس مرض میں مبتلا تھے؟

جواب : کینسر میں۔

کمر باندھے ہوئے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں
بہت آگے گئے 'باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں
نہ چھیڑ اے نکہت بادِ بہاری' راہ لگ اپنی
تجھے اٹھکیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

☆

احسان دانش

سوال : احسان دانش کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1914ء میں۔

سوال : ان کا مقام پیدائش کون سا ہے؟

Marfat.com

جواب : کاندھلہ ضلع مظفر نگر یو۔پی بھارت۔

سوال : ان کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : احسان الحق نام اور احسانؔ تخلص تھا۔

سوال : والد کا اسمِ گرامی کیا تھا؟

جواب : قاضی دانش علی۔

سوال : والد کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

جواب : ملازمت (ایک سپاہی تھے)۔

سوال : احسان اپنی تنگدستی کے متعلق کیا کہتے ہیں؟

جواب : ''ہمارے گھر کپڑے رکھنے کے لیے ایک مٹکا تھا۔ مکان نہایت بوسیدہ اور کواڑوں کے بغیر تھا۔اور میری والدہ لوگوں کے کپڑے سی کر اور آٹا پیس کر گزر اوقات کرتی تھیں۔''

سوال : ''شاعر مزدور'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب : احسان دانش کو۔

سوال : انہوں نے اپنی سوانح عمری کس نام سے لکھی ہے؟

جواب : ''جہانِ دانش'' کے نام سے۔

سوال : انہوں نے رحلت کب فرمائی؟

جواب : 1982ء میں۔

اُف یہ رکھوالوں کے جھونپے یہ کسانوں کے مچان
جن کی قسمت حاکموں کی لوٹ بینوں کی کھسوٹ
بھوک کی ماری غلامی پُر مدار زندگی
وہ مدار زندگی جس میں الیکشن ہے نہ ووٹ

یہ خدا کی لاڈلی مخلوق فاقوں کا شکار
یہ ضمیروں کے کھرے سونے یہ تقدیروں کا کھوٹ

☆

احسان الٰہی ظہیر

سوال : احسان الٰہی ظہیر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 31 مئی 1946ء کو جمعرات کے روز سیالکوٹ کے محلہ احمد پورہ میں پیدا ہوئے۔

سوال : اُن کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : حاجی ظہور الٰہی۔

سوال : سیالکوٹ کے محلہ احمد پورہ کا نام کس شخصیت کے نام پر رکھا گیا؟

جواب : علامہ احسان الٰہی ظہیر کے دادا احمد دین کے نام پر۔

سوال : کتنی عمر میں قرآن پاک حفظ کر لیا؟

جواب : 9 برس کی عمر میں۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی سے عربی میں بی اے آنرز کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1960ء میں

سوال : ایم -اے اُردو اور ایم - اے فارسی کب کیا؟

جواب : 1961ء میں

سوال : جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں کتنا عرصہ زیر تعلیم رہے؟

جواب : چار سال۔

سوال : مدینہ یونیورسٹی میں آپ کو کیا اعزاز ملا؟

Marfat.com

جواب . 92 ممالک کے طلباء میں 93.5 فیصد نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔

سوال : اُنہوں نے اُردو اور فارسی کے علاوہ کن مضامین میں ایم اے کیا؟

جواب : عربی' اسلامیات اور پولیٹیکل سائنس میں۔

سوال : ایل ایل بی کہاں سے کیا؟

جواب : جامعہ یونیورسٹی کراچی سے۔

سوال : سعودی عرب سے واپس آنے پر کون سی خدمات سرانجام دیں؟

جواب : اُنہیں چیدیانوالی مسجد میں خطیب مقرر کیا گیا اور ہفت روزہ ''الاعتصام'' کی ادارت بھی دی گئی۔

سوال : اُنہوں نے صحافت کا آغاز کس روزنامہ سے کیا؟

جواب : کوہستان سے۔

سوال : تحریک ختم نبوت میں کتنے مقدمات اُن پر بنا دیئے گئے؟

جواب : اُنہوں نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں اور پینتالیس سے زیادہ مقدمات کا سامنا کیا۔

سوال : علامہ احسان الٰہی ظہیر 23 مارچ 1987ء کو کس علاقے میں بم دھماکے سے شدید زخمی ہو گئے؟

جواب : گول چوک قلعہ لچھمن سنگھ راوی روڈ لاہور (موجود قلعہ محمدی)

سوال : علاج کے لئے کس ملک بھیج دیا گیا؟

جواب : سعودی عرب۔

سوال : زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے کس تاریخ کو انتقال کر گئے؟

جواب : 30 مارچ 1987ء کو فجر کی نماز کے وقت۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

Marfat.com

جواب : ریاض میں اُن کے اُستاد اور عالم اسلام کی نامور شخصیت الشیخ عبدالعزیز بن باز نے پڑھائی؟

سوال : دوسری بار نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب : مسجد نبوی میں امام عبداللہ زاہم نے۔

سوال : اُنہیں کہاں دفن کیا گیا؟

جواب : جنت البقیع میں۔

سوال : القادیانیۃ اور الشعیہ والسنۃ البابیہ کس کی تصانیف ہیں؟

جواب : علامہ احسان الٰہی ظہیر کی۔

☆

احمد شاہ پطرس بخاری

سوال : پروفیسر احمد شاہ بخاری نے کب اور کہاں جنم لیا؟

جواب : یکم اکتوبر 1898ء کو پشاور میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کا قلمی نام کیا تھا؟

جواب : پطرسؔ۔

سوال : آپ نے میٹرک تک تعلیم کہاں پائی؟

جواب : پشاور میں۔

سوال : ایم اے انگریزی تک کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور میں۔

سوال : یونیورسٹی میں کون سی پوزیشن حاصل کی۔

جواب : اول آئے۔

Marfat.com

سوال : کس یونیورسٹی سے آنرز کیا؟

جواب : کیمبرج یونیورسٹی لندن سے علمی اعزاز کے ساتھ آنرز کیا۔

سوال : گورنمنٹ کالج میں کس مضمون کے استاد مقرر ہوئے؟

جواب : انگریزی ادبیات کا استاد مقرر کیا گیا۔

سوال : محکمہ تعلیم سے ملازمت چھوڑ کر کس محکمے میں کی؟

جواب : آل انڈیا ریڈیو میں۔

سوال : آل انڈیا میں کہاں تک ترقی کی؟

جواب : ڈائرکٹر جنرل تک۔

سوال : پاکستان وجود میں آیا تو آپ دہلی سے لاہور آ گئے۔ یہاں آپ کس کالج کے پرنسپل مقرر ہوئے؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور کے۔

سوال : حکومت پاکستان نے انہیں اپنا مستقل مندوب بنا کر کہاں بھیجا؟

جواب : اقوامِ متحدہ میں۔

سوال : اقوام متحدہ میں کس عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : اسٹنٹ سیکرٹری جنرل کے عہدہ پر۔

سوال : آپ کا انتقال کب ہوا؟

جواب : پانچ دسمبر 1985ء کو آپ نے وفات پائی۔

سوال : موت کا بہانہ کیا بنا؟

جواب : حرکت قلب بند ہونے کا۔

سوال : ''مرید پور کا پیر'' ان کی کس کتاب کا مضمون ہے؟

جواب : ''پطرس کے مضامین'' کا

Marfat.com

احمد فراز

سوال : احمد فراز کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 4 اگست 1944ء۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : کوہاٹ میں۔

سوال : والد کا نام کیا تھا؟

جواب : آغا برق۔

سوال : والد محترم کس زبان کے شاعر تھے؟

جواب : فارسی زبان کے۔

سوال : کن دو مضامین میں ایم اے کیا؟

جواب : اردو اور فارسی میں۔

سوال : شعبہ نشریات میں کتنا عرصہ خدمات سرانجام دیں؟

جواب : 1950ء تا 1960ء یعنی دس سال۔

سوال : کیا انہوں نے لیکچرار کی حیثیت سے کام کیا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پاکستان نیشنل سنٹر راولپنڈی اور پاکستان اکیڈمی آف لیٹرز میں کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : دونوں کے ڈائریکٹر رہے۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : تنہا تنہا' درد آشوب' شب خون' نایافت اور جاناں جاناں وغیرہ۔

Marfat.com

تجھ سے بچھڑ کے ہم بھی مقدر کے ہوگئے
پھر جو بھی در ملا ہے اسی در کے ہوگئے
پھریوں ہوا کہ غیرکو دل سے لگا لیا
اندر وہ نفرتیں تھیں کہ باہر کے ہو گئے

☆

احمد ندیم قاسمؔی

سوال : احمد ندیم قاسمؔی کا خاندانی نام کیا ہے؟

جواب : احمد شاہ۔

سوال : آپ تخلص کیا لکھتے ہیں؟

جواب : ندیم۔

سوال : آپ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 20 نومبر 1916ء کو۔

سوال : کس علاقے میں پیدا ہوئے؟

جواب : انگہ تحصیل خوشاب ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے آباؤ اجداد کہاں سے آئے تھے؟

جواب : عرب سے۔

سوال : آپ کے والد گرامی کا نام کیا تھا؟

جواب : پیر غلام نبی۔

سوال : آپ کے والد نے کب وفات پائی؟

جواب : 1923ء میں۔

Marfat.com

سوال : ان کے چچا پیر حیدر شاہ انہیں کیمبل پور کب لے گئے؟

جواب : 1925ء میں۔

سوال : محکمہ آب کاری میں کب بھرتی ہوئے؟

جواب : 1935ء میں انسپکٹر سے ملازمت شروع کی۔

سوال : آپ نے ملازمت سے استعفیٰ کب دیا؟

جواب : 20 دسمبر 1942ء کو استعفیٰ دے کر لاہور چلے آئے۔

سوال : ''ادب لطیف'' کی ادارت کب سنبھالی؟

جواب : 1943ء میں۔

سوال : گرفتار کیوں اور کب ہوئے؟

جواب : 1944ء کے سالنامے میں ایک مضمون لکھنے کی بناء پر گرفتار کیا گیا۔

سوال : اس مقدمے میں بری کب ہوئے؟

جواب : ایک سال تک مقدمہ چلنے کے بعد 1945ء کو آپ کو بری کر دیا گیا۔

سوال : رسالہ ''ادب لطیف'' سے استعفیٰ کب اور کیوں دیا؟

جواب : 1946ء میں علالت کی بناء پر۔

سوال : پاکستان بننے کے بعد ریڈیو پشاور میں کتنا عرصہ کام کیا؟

جواب : ڈیڑھ سال۔

سوال : کیا ندیم نے رسالہ ''نقوش'' کی ادارت بھی سنبھالی تھی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : روزنامہ ''امروز'' کے مدیر کب مقرر ہوئے؟

جواب : پانچ مارچ 1953ء کو۔

سوال : انہیں ''امروز'' کی ادارت سے برطرف کب کیا گیا؟

Marfat.com

جواب : صدر پاکستان ایوب خان کے دور حکومت میں۔

سوال : ان کے افسانوں کے کتنے مجموعے شائع ہو چکے ہیں؟

جواب : کم و بیش سولہ سترہ مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

سوال : ان کے شعری مجموعے کون کون سے ہیں؟

جواب : رم جھم، جلال و جمال، شعلہ و گل، دھڑکنیں اور دشتِ وفا وغیرہ ان کے شعری مجموعے ہیں۔

سوال : ان کا نمونہء کلام سنائیں؟

جواب :

داورِ حشر ! مجھے تیری قسم
عمر بھر میں نے عبادت کی ہے
تو مرا نامۂ اعمال تو دیکھ
میں نے انساں سے محبت کی ہے

☆

احمد یار خان، میر

سوال : احمد یار خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1901ء میں لورالائی میں پیدا ہوئے۔

سوال : بلوچستان میں گورنر جنرل کے ایجنٹ کے پرسنل اسسٹنٹ کب مقرر ہوئے؟

جواب : تکمیل تعلیم کے بعد 1921ء میں۔

سوال : فوجی تربیت کب حاصل کی؟

جواب : 1923ء میں فوجی تربیت حاصل کی اور ژوب ملیشیا میں سیکنڈ لیفٹیننٹ کے

Marfat.com

عہدے پر فائز ہوئے۔

سوال : قلات کے ولی عہد کب بنے؟

جواب : 1928ء میں۔

سوال : خان آف قلات کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : میر احمد یار خان کو۔

سوال : تخت نشین کب ہوئے؟

جواب : والد کی وفات کے بعد 30 ستمبر 1933ء کو۔

سوال : 1958ء کو کس جرم میں گرفتار ہوئے؟

جواب : بغاوت کے جرم میں اور کچھ عرصہ لاہور میں نظر بند رہے۔

سوال : بلوچستان کے گورنر کب بنے؟

جواب : 3 جنوری 1974ء کو۔

سوال : کتنا عرصہ اس عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : مارشل لاء کے نفاذ تک یعنی 5 جولائی 1977ء تک۔

☆

اختر حسین

سوال : اختر حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1902ء میں۔

سوال : انہوں نے کہاں پر تعلیم حاصل کی؟

جواب : علی گڑھ اور سینٹ جان کالج کیمبرج میں۔

سوال : انڈین سول سروس میں شمولیت کب اختیار کی؟

Marfat.com

جواب : 1926ء میں۔

سوال : متحدہ ہندوستان کی حکومت میں صوبہ پنجاب میں کن اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : صوبہ پنجاب کے اسسٹنٹ کمشنر کے علاوہ محکمہ تعلیم، صحت اور مال میں۔

سوال : کیا وہ پنجاب کے فنانشل کمشنر بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : او۔بی۔آئی کا اعزاز کب ملا؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد انہیں کس صوبے کا فنانشل کمشنر مقرر کیا گیا؟

جواب : پنجاب کا۔

سوال : پاکستان کے کس وزیراعظم کے قتل کے تحقیقاتی کمیشن کے رکن بھی رہے؟

جواب : پاکستان کے پہلے وزیراعظم نوابزادہ لیاقت علی خان کے۔

سوال : لارڈ بائر اور زرعی کمیٹی کی سفارشات کے بعد جب ان سفارشات کو نافذ کرنے کے سلسلے میں ایک ایکسپرٹ کمیٹی بنی تو انہیں اس میں کیا عہدہ ملا؟

جواب : اس کے صدر منتخب ہوئے۔

سوال : کیا وہ وزارت دفاع کے سیکریٹری بھی رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : مغربی پاکستان کے گورنر کب نامزد ہوئے؟

جواب : 2 ستمبر 1957ء کو۔

سوال : کب تک مغربی پاکستان کے گورنر رہے؟

جواب : یکم جون 1960ء تک۔

سوال : گورنر کے عہدہ سے سبکدوش ہونے کے بعد کس انجمن کے صدر منتخب ہوئے؟

Marfat.com

جواب انجمن ترقی اردو کے۔

سوال : انہوں نے وفات کب پائی؟

جواب : 15 جولائی 1983ء کو۔

☆

اختر علی جی، قاضی

سوال : اختر علی جی پہلی بار سندھ کے وزیر اعلیٰ کب بنے؟

جواب : 10 اپریل 1988ء کو دسویں وزیر اعلیٰ بنے۔

سوال : کب تک اس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 29 مئی 1988ء تک۔

سوال : اختر علی نے بحیثیت نگران وزیر اعلیٰ سندھ کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 31 اگست 1988ء کو۔

سوال : کب تک نگران وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 2 دسمبر 1988ء تک۔

☆

ارباب سکندر خان خلیل

سوال : سکندر خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1914ء میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : اسلامیہ کالج پشاور سے بی اے کرنے کے بعد علی گڑھ یونیورسٹی سے ایل ایل بی

Marfat.com

کیا۔

سوال : کتنا عرصہ حکومت برطانیہ کے خلاف سرخیوش تحریک میں شامل رہے؟

جواب : 1930ء تا 1940ء۔

سوال : کیا انہوں نے زمانہ طالب علمی میں جیل بھی کاٹی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : مسلم لیگ میں کتنا عرصہ کام کیا؟

جواب : 1941ء تا فروری 1948ء مسلم لیگ میں شامل رہے اور تحریک پاکستان میں بہت کام کیا۔

سوال : 1957ء تا 1976ء کس پارٹی کے رکن رہے؟

جواب : نیشنل عوامی پارٹی کے۔

سوال : کیا وہ صوبہ سرحد کے گورنر بھی رہے؟

جواب : جی ہاں! بھٹو دور میں۔

سوال : ان کی موت کس طرح ہوئی؟

جواب : 7 مارچ 1982ء کو قتل کر دیئے گئے۔

سوال : صوبہ سرحد کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 29 اپریل 1972ء تا 15 فروری 1973ء۔

☆

ارباب محمد جہانگیر خان

سوال : ارباب محمد جہانگیر خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : یکم اگست 1938ء کو پشاور کے نواح تہکال بالا میں۔

Marfat.com

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : ارباب شیر علی خان۔

سوال : پرائمری تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : تہکال بالا میں۔

سوال : میٹرک کس سکول سے کیا؟

جواب : اسلامیہ کالجیٹ سکول پشاور سے۔

سوال : بی اے کب اور کس کالج سے کیا؟

جواب : 1956ء میں ایڈورڈ کالج پشاور سے۔

سوال : پشاور یونیورسٹی سے ایل ایل بی کی ڈگری کب لی؟

جواب : 1965ء میں۔

سوال : پشاور ڈسٹرکٹ بار کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : کیا وہ پشاور یونیورسٹی کی سینٹ اور سنڈیکیٹ کے رکن بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : وہ کس پارٹی سے وابستہ رہے؟

جواب : پہلے نیشنل عوامی پارٹی سے پھر پیپلز پارٹی سے۔

سوال : صوبائی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1970ء میں۔

سوال : وفاقی کابینہ میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1976ء میں۔

سوال : بیک وقت صوبائی اور قومی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 1977ء کے انتخابات میں۔

سوال : 1981ء میں صوبہ سرحد کی کابینہ میں کس حیثیت سے داخل ہوئے؟

جواب : سنئیر وزیر کی حیثیت سے۔

سوال : صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 7 اپریل 1985ء تا یکم دسمبر 1988ء۔

سوال : کیا وہ مسلم لیگ کے صدر بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

☆

ارشاد احمد حقانی

سوال : وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 6 ستمبر 1928ء کو قصور میں۔

سوال : میٹرک کہاں سے کیا؟

جواب : قصور سے۔

سوال : ایم اے اسلامیات اور ہسٹری کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : تحریک پاکستان میں کس طرح خدمات سرانجام دیں؟

جواب : مسلم سٹوڈنٹس میں فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے۔

سوال : اسلامی جمعیت طلبہ میں کب شامل ہوئے؟

جواب : ایم اے کرنے کے دوران۔

سوال : جماعت اسلامی کے کس روزنامہ کے مدیر رہے؟

Marfat.com

جواب : ''تسنیم'' کے۔

سوال : جماعت اسلامی میں باقاعدہ کب شامل ہوئے؟

جواب : 1951ء میں۔

سوال : جماعت اسلامی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1954ء میں۔

سوال : عوامی جمہوری چین کب گئے؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : فروری 1957ء میں ماچھی گوٹھ میں جماعت اسلامی کے سالانہ اجتماع کے موقع پر جماعت سے علیحدگی اختیار کیوں کر لی؟

جواب : امیر جماعت اسلامی مولانا مودودی کے ساتھ کچھ اختلافات کی بناء پر۔

سوال : سول اینڈ ملٹری گزٹ میں کس عہدے پر کام کیا؟

جواب : بطور سب ایڈیٹر۔

سوال : گورنمنٹ کالج قصور میں کیا خدمات سرانجام دیں؟

جواب : اُستاد مقرر ہوئے۔

سوال : روزنامہ ''نوائے وقت'' میں کس عہدے پر رہے؟

جواب : اداریہ نویس۔

سوال : 23 مارچ 1971ء میں کو انہوں نے ''نوائے وقت'' کو چھوڑ کر کس روزنامہ میں لکھنا شروع کر دیا؟

جواب : روزنامہ ''وفاق'' میں۔

سوال : دانشور، صحافی اور کالم نگار ارشاد احمد حقانی نگران وزیر اعظم ملک معراج خالد کی کابینہ میں کس عہدے پر رہے؟

Marfat.com

جواب : مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات۔

☆

اسرار احمد' ڈاکٹر

سوال : ڈاکٹر اسرار احمد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : عالم دین' خطیب' مفسر قرآن' مبلغ 1932ء ضلع حصار میں پیدا ہوئے۔

سوال : مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن حصار کے جنرل سیکرٹری کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : میٹرک کب کیا؟

جواب : 1947ء میں۔

سوال : حصول آزادی کے بعد پاکستان کے کس شہر میں آئے؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : 1949ء میں کس کالج سے ایف ایس سی کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : اسلامی جمعیت طلبہ کے ناظم اعلیٰ کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1952ء میں

سوال : ایم بی بی ایس کب کیا؟

جواب : 1954ء میں۔

سوال : جماعت اسلامی ساہیوال کے امیر کب بنائے گئے؟

جواب : 1955ء میں۔

سوال : 1957ء میں جماعت اسلامی سے استعفیٰ کیوں دے دیا؟

Marfat.com

جواب : مولانا مودودی کی پالیسی سے اختلاف کی بناء پر۔

سوال : قرآن سٹڈی سرکل کب قائم کیا؟

جواب :1959ء میں

سوال : 1965ء میں جامعہ کراچی سے کس مضمون میں ایم اے کیا؟

جواب : اسلامیات میں۔

سوال : اُنہوں نے کونسا ماہنامہ جاری کیا؟

جواب : ''میثاق''

سوال : لاہور میں مرکزی انجمن خدام الدین کی بنیاد کب ڈالی؟

جواب :1972ء میں۔

سوال : تنظیم اسلامی کب قائم کی؟

جواب :1975ء میں

سوال : قرآن اکیڈمی کب قائم کی؟

جواب :1976ء میں

سوال : قرآن کالج کی بنیاد کب رکھی؟

جواب :1986ء میں۔

سوال : جنرل ضیاء الحق کی نامزد مجلس شوریٰ میں کیا عہدہ ملا؟

جواب : رکن منتخب ہوئے لیکن اختلافات کی بنیاد پر جلد ہی مستعفی ہو گئے۔

سوال : ڈاکٹر اسرار احمد کی ادارت اور نگرانی میں کونِ کون سے جریدے شائع ہوتے ہیں؟

جواب : میثاق' حکمت قرآن اور انگریزی کا سہ ماہی جریدہ Quranic Horizons شائع ہوتے ہیں۔

Marfat.com

اسلم خٹک، محمد

سوال : اسلم خٹک کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1908ء میں چترال میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : لاہور میں تعلیم حاصل کی۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے آکسفورڈ یونیورسٹی کا رخ کیا۔

سوال : تحریک پاکستان کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : 1929ء میں جب آکسفورڈ میں تھے تو انہوں نے چوہدری رحمت علی اور دیگر حضرات سے مل کر تحریک پاکستان کے لیے کام کیا۔

سوال : انہوں نے پشتو میں کئی کتابیں لکھیں ان میں سے سب سے مشہور کتاب کون سی ہے؟

جواب : ''دینو جام''۔

سوال : ان کی کون سی کتاب کو پشتو زبان میں پہلے مکمل ڈرامے کا درجہ حاصل ہے؟

جواب : ''دینو جام'' کو۔

سوال : انہوں نے اپنی کس کتاب کے ذریعے پشتو زبان و ادب میں مقالہ نویسی کی داغ بیل ڈالی؟

جواب : ''گل مستی'' نامی کتاب کے ذریعے۔

سوال : وفاقی مجلس شوریٰ کے رکن کب بنے؟

جواب : 12 جنوری 1982ء کو۔

سوال : 12 جنوری 1982ء کو ہی اور کون سا عہدہ ملا؟

جواب : صوبہ سرحد سے وفاقی مجلس شوریٰ کے نائب چیئرمین نامزد ہوئے۔

Marfat.com

سوال : وفاقی وزیر داخلہ کب رہے؟

جواب : 1985ء تا 1986ء۔

سوال : گورنر سرحد کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 15 فروری 1973ء تا مئی 1974ء۔

سوال : ایران میں پاکستان کے سفیر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 26 اگست 1974ء کو۔

سوال : ایران کے علاوہ اور کن ممالک میں پاکستان کے سفیر رہے؟

جواب : وہ 1957ئتا1959ء افغانستان اور 1960ء تا 1961ء عراق میں پاکستان کے سفیر رہے۔

☆

اشرف تابانی

سوال : اشرف تابانی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 17 دسمبر 1930ء کو رنگون میں۔

سوال : انہوں نے ٹیکسٹائل انجینئرنگ میں گریجویشن کب کیا؟

جواب : 1952ء میں۔

سوال : پاکستان چیمبرز آف کامرس کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1970ء میں۔

سوال : کوئین بورڈ کے چیئرمین کب بنے؟

جواب : 1972ء میں۔

سوال : 1973ء میں وہ انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آف بنک میں کس عہدے پر فائز

Marfat.com

ہوئے؟

جواب : چیئرمین کے۔

سوال : لیبر آرگنائزیشن کے ممبر کب بنے؟

جواب : 1980ء میں۔

سوال : سندھ گورنمنٹ میں ان عہدوں پر کتنا عرصہ فائز رہے وزیر فنانس، انڈسٹریل ایکسائز اور ٹیکسیشن؟

جواب : 1981ء تا 1984ء۔

سوال : ایمپلائز فیڈریشن کے صدر کب نامزد ہوئے؟

جواب : 1984ء میں۔

سوال : صوبہ سندھ کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 4 جنوری 1987ء تا 24 جون 1988ء۔

☆

اشفاق احمد

سوال : اشفاق احمد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 22 اگست 1925ء کو مکتسر (ضلع فیروز پور) بھارت میں۔

سوال : ایم اے اردو کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : کس کالج میں لیکچرار مقرر ہوئے؟

جواب : دیال سنگھ کالج میں۔

سوال : روم یونیورسٹی میں کتنا عرصہ اردو کے لیکچرار رہے؟

Marfat.com

جواب : دو سال تک۔

سوال : وطن واپس آ کر کونسا رسالہ شائع کرنا شروع کیا؟

جواب : ماہنامہ ''لیل و نہار''۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی اورنٹیل کالج میں کتنا عرصہ پنجابی کے اعزازی لیکچرار رہے؟

جواب : ایک سال تک۔

سوال : آر۔سی۔ڈی کے علاقہ ثقافتی انسٹی ٹیوٹ میں کتنا عرصہ ڈائریکٹر کی حیثیت سے فرائض انجام دیئے؟

جواب : چار سال تک۔

سوال : وہ مرکزی اردو ترقیاتی بورڈ (وزارت تعلیم) لاہور میں کس عہدہ پر فائز ہیں؟

جواب : ڈائریکٹر۔

سوال : انہیں کون سی زبانوں پر عبور حاصل ہے؟

جواب : اردو، انگریزی، پنجابی، فرانسیسی اور اطالوی زبانوں پر۔

سوال : اشفاق احمد کا مشہور ریڈیو فیچر کونسا ہے؟

جواب : ''تلقین شاہ''۔

سوال : ان کی چند ایک تصانیف کے نام بتائیں؟

جواب : ٹاہلی دے تھلے (پنجابی) شہر کنارے، اجلے پھول اور داغ جنگ وغیرہ۔

☆

آصف نواز جنجوعہ، جنرل

سوال : آصف نواز کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1937ء میں چکری راجگان (جہلم) میں۔

Marfat.com

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : سینٹ میری راولپنڈی میں۔

سوال : بنیادی فوجی تربیت کہاں پر حاصل کی؟

جواب : پنڈ ہرسٹ (یوکے) میں رائل ملٹری اکیڈمی میں۔

سوال : انہیں پاکستان آرمی میں کمیشن کب ملا؟

جواب : مارچ 1957ء میں۔

سوال : آصف نواز کا سولجرز کی کونسی ''جنریشن'' سے تعلق ہے؟

جواب : چوتھی ''جنریشن'' سے۔

سوال : کمیشن ملنے کے بعد پنجاب رجمنٹ کی کس بٹالین میں شامل ہوئے؟

جواب : شیر دل بٹالین میں۔

سوال : جنرل جنجوعہ نے ''پیرنٹ بٹالین'' کی کمان کب سنبھالی؟

جواب : 1972ء میں۔

سوال : انہوں نے کون سی پاک بھارت جنگوں میں حصہ لیا؟

جواب : 1965ء اور 1971ء کی جنگوں میں۔

سوال : وہ کس کالج کے گریجوایٹ ہیں؟

جواب : کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ اور نیشنل ڈیفنس کالج راولپنڈی کے۔

سوال : بریگیڈیئر کے عہدے پر ترقی کب ملی؟

جواب : 1975ء میں۔

سوال : میجر جنرل کب بنے؟

جواب : 1975ء میں۔

سوال : لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر کب ترقی ملی؟

جواب : 1988ء میں۔

سوال : پاکستان بری فوج کے نویں چیف آف سٹاف کا نام بتادیں؟

جواب : جنرل آصف نواز جنجوعہ۔

سوال : پاکستان بری فوج کے چیف آف سٹاف کب مقرر ہوئے؟

جواب : 11 جون 1991ء کو۔

سوال : انہوں نے اپنے عہدے کا چارج کب لیا؟

جواب : 16 اگست 1991ء کو۔

اصغر خان' ایئر مارشل

سوال : اصغر خان کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : کشمیر میں توی کے مقام پر۔

سوال : کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : پرنس آف ویل رائل انڈین ملٹری کالج میں۔

سوال : 1945ء کی جنگ میں کس محاذ پر خدمات سرانجام دیں؟

جواب : برما کے محاذ پر۔

سوال : چیف فلائنگ آفیسر کب بنے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : 1949ء میں کس کالج سے وابستہ ہوئے؟

جواب : سٹاف کالج کوئٹہ سے۔

سوال : پاکستان فضائیہ کے کمانڈر انچیف کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1957ء میں۔

Marfat.com

سوال : پاکستان فضائیہ کے پہلے کمانڈر انچیف کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

جواب : اصغر خاں کو۔

سوال : پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کے سربراہ کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1965ء میں۔

سوال : سیاست میں قدم کب رکھا؟

جواب : 1968ء میں۔

سوال : اصغر خان نے "تحریک استقلال" کب قائم کی؟

جواب : مارچ 1970ء میں۔

سوال : 1970ء کے انتخابات میں اصغر خان کی پوزیشن کیا رہی؟

جواب : انہیں مات ہوئی۔

سوال : 1977ء میں کس اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : قومی اسمبلی کے۔

☆

اعتزاز احسن، چوہدری

سوال : اعتزاز احسن کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : ستمبر 1945ء میں مری میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : چودھری محمد احسن علیگ جو کہ ممتاز مسلم لیگی رہنما تھے۔

سوال : ان کے دادا 1922ء میں ضلع گجرات میں کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : وائسرائے کونسل کے رکن۔

Marfat.com

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : ایچی سن کالج لاہور سے۔

سوال : بی۔اے کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : بار ایٹ لاء کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

جواب : کیمبرج یونیورسٹی سے۔

سوال : سی ایس پی کے امتحان میں کونسی پوزیشن حاصل کی؟

جواب : اول پوزیشن لیکن سول سروس میں آنا پسند نہ کیا اور وکالت کا پیشہ اختیار کر لیا۔

سوال : 1970ء میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ بتائیں وزارت کونسی ملی؟

جواب : وزیر اطلاعات بنے۔

سوال : بے نظیر بھٹو کے دونوں ادوار میں کن کن محکموں کے وزیر رہے؟

جواب : وفاقی وزیر قانون' وزیر داخلہ اور وزیر تعلیم رہے۔

سوال : کس مارشل لاء دور میں متعدد مرتبہ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں؟

جواب : جنرل محمد ضیاء الحق کے مارشل لاء دور میں۔

سوال : ان کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : انگریزی میں دو کتابیں انڈس ساگا اور میکنگ آف انڈس ساگا کا اُردو ترجمہ بھی شائع ہو چکا ہے۔

☆

Marfat.com

اعظم خان، جنرل محمد

سوال : اعظم خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : یکم جولائی 1908ء میں متھرا (پشاور) میں۔

سوال : والد بزرگوار کا نام کیا تھا؟

جواب : خان محمد اکرم خان، وہ بھی فوجی ملازم تھے۔

سوال : ان کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

جواب : پٹھانوں کے نامور قبیلے مہمند سے۔

سوال : تعلیم کہاں پر پائی؟

جواب : اسلامیہ کالج پشاور میں اپنی تعلیم مکمل کرنے کے، بعد فوجی تعلیم ڈیرہ دون ملٹری اکیڈمی اور رائل ملٹری اکیڈمی سندھرست سے حاصل کی۔

سوال : کمیشن کب ملا؟

جواب : 1929ء میں۔

سوال : دوسری جنگ عظیم میں کس محاذ پر خدمات انجام دیں؟

جواب : برما کے محاذ پر۔

سوال : 28 اکتوبر 1958ء تا 17 فروری 1960ء میں کن محکموں کے وزیر رہے؟

جواب : مرکزی وزیر بحالیات، زراعت، خوراک اور آب پاشی۔

سوال : گورنر مشرقی پاکستان کب بنے؟

جواب : 17 فروری 1960ء تا 15 اپریل 1960ء۔

سوال : لاہور میں مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے فرائض کب انجام دیئے؟

جواب : 1953ء کی تحریک ختم نبوت کے دوران اور نظم و نسق کے بارے میں ایسے

Marfat.com

اقدامات کیے جس کے سبب انہیں بڑی شہرت ملی۔

سوال : 1958ء میں صدر ایوب خان نے جب اقتدار سنبھالا تو محمد اعظم خان نے کراچی میں کورنگی کالونی کی تعمیر میں کیا کردار ادا کیا؟

جواب : کالونی کی تعمیر وقت سے پہلے مکمل کر کے عوام سے داد حاصل کی ۔وزیر بحالیات کی حیثیت سے تمام بحالیاتی کاموں کو نمٹایا۔

سوال : انہوں نے کس سیاسی جماعت کی بنیاد رکھی؟

جواب : جناح مسلم لیگ کے نام سے ایک سیاسی جماعت کی بنیاد رکھی۔

☆

آغا خان' سر

سوال : آپ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : سلطان محمد شاہ۔

سوال : آپ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 2 نومبر 1877ء کو۔

سوال : آپ کتنی عمر میں اسماعیلی فرقے کے سربراہ بنے؟

جواب : آٹھ سال کی عمر میں۔

سوال : ترتیب کے لحاظ سے آپ اسماعیلیہ فرقہ کے کون سے امام ہیں؟

جواب : اڑتالیسویں۔

سوال : کیا آپ نے گول میز کانفرنس میں مسلمانوں کی نمائندگی کے فرائض سرانجام دیئے؟

جواب : جی ہاں۔

Marfat.com

سوال : حکومت برطانیہ نے آپ کو سر کا خطاب کب دیا؟

جواب : 1898ء میں۔

سوال : 1924ء میں کس ادارے نے آپ کو امن کا نوبل انعام دینے کی سفارش کی؟

جواب : ہندوستان کی کونسل آف سٹیٹ نے۔

سوال : آپ نے علی گڑھ یونیورسٹی کے لیے کتنا چندہ اکٹھا کیا؟

جواب : تیس لاکھ روپے۔

سوال : آپ کتنا عرصہ تک مسلم لیگ کے صدر رہے؟

جواب : 1906ء سے 1912ء تک۔

سوال : 1949ء میں کس حکومت نے آپ کو اپنی قومیت دینے کا اعلان کیا؟

جواب : ایران نے۔

سوال : آپ کے ایما پر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی منظوری برطانیہ کے کس تاجدار نے دی؟

جواب : جارج پنجم نے۔

سوال : سرسید احمد خان اور نواب محسن الملک سے ملاقات کب کی؟

جواب : 1896ء میں۔

سوال : آپ کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 11 جولائی 1957ء کو۔

سوال : آپ کی وفات کہاں ہوئی اور آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب : درسوا (سوئٹزر لینڈ) میں فوت ہوئے اور اسوان (مصر) میں دفن ہوئے۔

☆

Marfat.com

آغا شاہی

سوال : آغا شاہی کب پیدا ہوئے؟

جواب : 25 اگست 1920ء کو۔

سوال : ایم اے کب کیا؟

جواب : 1941ء میں۔

سوال : ایل ایل بی کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1943ء میں۔

سوال : انڈین سول سروس میں کب تعینات ہوئے؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : وہ دفتر خارجہ میں تعینات کب ہوئے؟

جواب : 1951ء میں۔

سوال : سفیر کب بنے؟

جواب : 1961ء میں۔

سوال : اقوام متحدہ میں کتنا عرصہ پاکستان کے مستقل مندوب رہے؟

جواب : 1967ء تا 1972ء۔

سوال : انہیں سیکرٹری وزارتِ خارجہ کب مقرر کیا گیا؟

جواب : 1973ء میں۔

سوال : انہیں امور خارجہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے پر ترقی کب دی گئی؟

جواب : 1977ء میں۔

سوال : چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے منسٹر برائے امور خارجہ کب مقرر ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 1978ء میں۔

سوال : پاکستان کے وزیر خارجہ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1980ء تا 1985ء۔

☆

آفتاب شعبان میرانی

سوال : صوبہ سندھ کے 14ویں وزیر اعلیٰ کا نام بتادیں؟

جواب : آفتاب شعبان میرانی۔

سوال : آفتاب کتنا عرصہ وزیر اعلیٰ سندھ رہے؟

جواب : 26فروری 1990ء تا 6اگست 1990ء۔

☆

افتخار الدین' میاں

سوال : افتخار الدین کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 8اپریل 1908ء کو باغبان پورہ لاہور میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : ایچی سن کالج لاہور اور انگلستان کی آکسفورڈ یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی۔

سوال : انڈین نیشنل کانگریس میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : پنجاب کانگریس کی اسمبلی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1937ء میں جس کے لیے سیکرٹری کی خدمات بھی انجام دیں۔

سوال : کانگریس سوشلسٹ پارٹی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : 1938ء میں۔

سوال : پنجاب کانگریس کے صدر کب چنے گئے؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : 1942ء تا 1945ء تک قید میں کس وجہ سے رہے؟

جواب : کانگریس نے ''ہندوستان چھوڑ دو'' کے نعرے کے ساتھ جو تحریک شروع کی تھی اس سلسلے میں۔

سوال : کانگریس کو چھوڑ کر کس پارٹی سے وابستہ ہو گئے؟

جواب : مسلم لیگ سے۔

سوال : کس کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک کی قیادت کی؟

جواب : 1946ء کے انتخابات میں کامیاب ہوئے اور یونینسٹ پارٹی کے صدر ملک خضر حیات کی وزارت پنجاب کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک کی قیادت کی۔

سوال : آزاد پاکستان پارٹی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : نومبر 1950ء میں۔

سوال : یہ پارٹی کس پارٹی میں ضم کر دی گئی؟

جواب : 1956ء میں اسے نیشنل عوامی پارٹی میں ضم کر دیا گیا اسی سال وہ دوسری ستور ساز اسمبلی کے رکن بھی منتخب ہوئے۔

سوال : ادارۂ نشر و اشاعت کس نام سے قائم کیا؟

جواب : پروگریسو پیپرز لمیٹڈ کے نام سے جس کے زیر اہتمام 1946ء میں ''پاکستان ٹائمز'' جاری ہوا اور 1948ء میں روزنامہ ''امروز'' بھی نکلنے لگا۔

Marfat.com

سوال : میاں افتخارالدین کی مرضی کے خلاف یہ اخبارات کس کے عہد میں نیشنل پریس ٹرسٹ کے قبضے میں آ گئے؟

جواب : صدر ایوب خان کے عہد میں۔

☆

افتخار حسین ممدوٹ، نواب

سوال : افتخار حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب : 31 دسمبر 1906ء کو۔

سوال : کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : حویلی نواباں کڑہ پور لاہور میں۔

سوال : پاکستان بننے سے قبل اور بعد میں پنجاب مسلم لیگ کے کس عہدے پر رہے؟

جواب : صدر۔

سوال : پنجاب مسلم لیگ پارٹی کے لیڈر کب چنے گئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : پنجاب کے وزیر اعلیٰ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 15 اگست 1947ء تا 25 جنوری 1949ء۔

سوال : 1950ء میں مسلم لیگ سے علیحدہ ہو کر کون سی پارٹی تشکیل دی؟

جواب : جناح مسلم لیگ کے نام سے ایک نئی پارٹی تشکیل دی جسے بعد ازاں عوامی مسلم لیگ میں ملا دیا گیا۔

سوال : صوبائی اسمبلی میں حزب مخالف کے لیڈر اور پاکستان کی پہلی قانون ساز اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 1951ء کے بعد۔

سوال : دوبارہ مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1953ء میں۔

سوال : گورنر سندھ کے عہدے پر کتنا عرصہ فائز رہے؟

جواب : 24جون1954ء تا14اکتوبر1955ء۔

سوال : پنجاب کی طرف سے پاکستان کی قانون ساز اسمبلی کے ممبر کب ہوئے؟

جواب : جون 1955ء میں۔

سوال : سیاسی زندگی سے ریٹائر کب ہوگئے؟

جواب : 1958ء میں۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 19نومبر 1969ء کو۔

☆

افتخار خان، میجر جنرل محمد

سوال : کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : سندھرست فوجی کالج سے 1929ء میں کمیشن حاصل کیا اور ساتویں لائٹ کیولری سے منسلک ہوئے۔

سوال : 1933ء تا1940ء میں کن عہدوں پر کام کیا؟

جواب : تیسری کیولری میں سکوارڈن آفیسر اور ایڈجوٹنٹ کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے۔ازاں بعد جی ایچ کیو کی جنوبی کمان میں لگادیا گیا اور کمانڈر اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ سے وابستہ ہوئے۔

Marfat.com

سوال : 1942ء میں جنرل سٹاف آفیسر سیکنڈ سیلون آری کی حیثیت سے کہاں گئے؟

جواب : سری لنکا۔

سوال : 1943ء میں کس کالج میں انسٹرکٹر مقرر ہوئے؟

جواب : سٹاف کالج کوئٹہ میں۔

سوال : 1945ء میں ساتویں لائٹ کیولری کے سیکنڈ ان کمانڈ کی حیثیت سے کس ملک گئے؟

جواب : جاپان۔

سوال : جنوری 1947ء میں ان کو اعلیٰ تعلیم کے لیے کہاں بھیجا گیا؟

جواب : برطانیہ میں جائنٹ سروسز سٹاف کالج میں اور وہاں سے واپسی پر انہیں نوشہرہ میں 103 بریگیڈ کی کمان سونپی گئی۔

سوال : پاکستانی فوج کے سب سے کم عمر میجر جنرل کون تھے؟

جواب : محمد افتخار خان تھے اور 1947ء سے ہی ڈویژن کی کمان کر رہے تھے۔۔

سوال : میجر جنرل محمد اکبر خان سے ان کا کیا رشتہ تھا؟

جواب : ان کے بھائی تھے۔

سوال : انہوں نے وفات کیسے پائی؟

جواب : 13 دسمبر 1949ء کو اس وقت ہوائی حادثے کا شکار ہوگئے جب کراچی سے 45 میل دور جنگ شاہی میں پاک ایئرویز کے طیارے کو حادثہ پیش آیا۔

☆

افضل خان، میر

سوال : میر افضل خان 22 اکتوبر 1974ء تا 5 فروری 1976ء کس کی وزارت میں

Marfat.com

وزیر تجارت رہے؟

جواب : ذوالفقار علی بھٹو کے دوسرے دور کی وزارت میں۔

سوال : میر افضل خان' ذوالفقار علی بھٹو کی وزارت کے تیسرے دور میں کتنا عرصہ اور کن محکموں کے وزیر رہے؟

جواب : 5 فروری 1976ء تا 23 مارچ 1977ء وزیر تجارت اور سیاحت رہے۔

سوال : میر افضل خان بجلی اور پانی کے وزیر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 30 مارچ 1977ء تا 5 جولائی 1977ء۔

سوال : میر افضل خان نے وزیر اعلیٰ سرحد کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 6 اگست 1990ء کو

اکبر خان بگٹی' نواب

سوال : اکبر خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : جولائی 1927ء میں ڈیرہ بگٹی میں پیدا ہوئے۔

سوال : ان کے والد بزرگوار کا نام کیا تھا؟

جواب : نواب محراب خان۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : چیفس کالج لاہور سے۔

سوال : اپنے قبیلے کے 19 ویں سردار کب بنے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : پاکستان سول سروس کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب : 1949ء میں۔

Marfat.com

سوال : کن صوبوں کے شاہی جرگے کے رکن نامزد ہوئے؟

جواب : سندھ اور بلوچستان کے۔

سوال : بلوچستان کے ایجنٹ گورنر جنرل کے مشیر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1951ء میں۔

سوال : وزیر مملکت کتنا عرصہ رہے؟

جواب : ستمبر 1957ء تا اکتوبر 1957 اور پھر ستمبر 1958ء تا اکتوبر 1958ء وزیر مملکت رہے۔

سوال : پاکستان کے کس صدر سے اختلافات کی وجہ سے کچھ عرصہ قیدو بند میں گزارا؟

جواب : نیشنل عوامی پارٹی میں شامل ہوئے اور ایوب خان (صدر پاکستان) سے اختلافات کی بنا پر کچھ عرصہ قیدو بند میں بسر کیا۔

سوال : تحریکِ استقلال میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : نومبر 1977ء میں۔

سوال : نومبر 1978ء میں نااہلیوں کے کمیشن نے کتنا عرصہ کے لیے انہیں مرکزی یا صوبائی اسمبلی کا انتخاب لڑنے کے لیے نااہل قرار دے دیا؟

جواب : سات سال کے لیے۔

☆

اکبر خان، میجر جنرل محمد

سوال : محمد اکبر کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1895ء میں ضلع جہلم میں۔

سوال : فوجی زندگی کا آغاز کہاں سے کیا؟

Marfat.com

جواب : برطانوی فوج کی مشہور رجمنٹ پروبین ہارس میں اپنی فوجی زندگی کا آغاز کیا۔

سوال : برصغیر کے پہلے جرنیل کا نام بتائیں جنہوں نے پہلی جنگ عظیم میں میسو یوٹیمیا (عراق) کے محاذ پر شجاعت کے صلہ میں 1918ء میں گنگو کمیشن حاصل کیا؟

جواب : میجر جنرل محمد اکبر خان نے۔

سوال : کیا انہوں نے دوسری جنگ عظیم میں بھی حصہ لیا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پاکستانی فوج کے پہلے میجر جنرل کون تھے؟

جواب : قائد اعظم کے گورنر جنرل بننے کے بعد اکبر خان پاکستانی فوج کے پہلے میجر جنرل ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔

سوال : وہ قائد اعظم کی کابینہ میں کس محکمہ کے مشیر رہے؟

جواب : فوجی مشیر۔

سوال : انہوں نے اسلام پیغمبر اسلام عظیم مسلمان سپہ سالاروں اور حربی طریقوں پر کتنی کتابیں لکھیں؟

جواب : کم و بیش اڑتالیس کتابیں۔

سوال : ان کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب : کراچی میں۔

☆

اکرمؔ میجر محمد شہید (نشانِ حیدر)

سوال : محمد اکرم کی ولادت کب ہوئی؟

جواب : 4 اپریل 1938ء کو۔

سوال : آپ کس مقام پر پیدا ہوئے؟

جواب : ضلع گجرات کے قصبہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے۔

سوال : وہ پاکستان آرمی میں کمیشن کر کے فرنٹیئر رجمنٹ فورس میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 13 اکتوبر 1963ء میں۔

سوال : انہیں فرینٹئر فورس رجمنٹ کی ایک کمپنی کی کمان کب سونپی گئی؟

جواب : 7 جولائی سن 1968ء کو وہ (سابق) مشرقی پاکستان میں متعین ہوئے اور یہیں پر انہیں یہ کمان سونپی گئیں۔

سوال : ان کا واقعہ شہادت بیان کریں؟

جواب : سن 1971ء کی جنگ چھڑنے کے وقت وہ ہلی محاذ کے اگلے علاقے میں جہاں ہندوستان نے زبردست اور مسلسل دباؤ ڈال رکھا تھا اپنی کمپنی کی قیادت کر رہے تھے دشمن کی فضائیہ اس کے توپ خانے اور بکتر بند دستوں کی لگاتار یلغاروں کی زد میں رہتے ہوئے میجر اکرم کی کمپنی نے دشمن کے ہر دھارے کو روکے رکھا اور اسے پاکستان کی سرزمین پر ایک انچ بھی آگے بڑھنے نہ دیا۔ ایک موقع پر تو دشمن بھر پور حملے کے ارادے سے پورے بریگیڈ کی نفری لے کر جس کے ہمراہ ٹینکوں کا ایک سکوارڈن بھی تھا۔ اس کمپنی پر چڑھ آیا مگر تعداد اور اسلحہ کے لحاظ سے دشمن کی برتری کے باوجود میجر اکرم اور اس کے جیالے جوانوں نے دشمن کو نہ صرف دو مہینے تک وہیں روکے رکھا بلکہ بھاری جانی نقصان پہنچاتے ہوئے اس کے ہر حملے کو پسپا کر دیا۔ میجر اکرم کو آگ کے نہایت تند و تیز سیلاب کے سامنے جس بے مثال جرات و استقامت سے آخری دم تک لڑتے رہے وہ قابل تعریف ہے اس یادگار معرکہ میں انہوں نے اپنے جرات آزما فرض کی تعمیل میں جس بانکپن سے نذرانہء جان پیش کیا ان کی یہ

عظیم قربانی ایک لازوال روایت کی حیثیت رکھتی ہے۔

سوال : آپ کونشان حیدر کب ملا؟

جواب : آپ نے 24 دسمبر 1971ء کونشان حیدر کا اعزاز پایا؟

☆

الطاف حسین

سوال : الطاف حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب : 17 ستمبر 1953ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کتنی اور کہاں حاصل کی؟

جواب : 1969ء میں گورنمنٹ بوائز سیکنڈری سکول جیل روڈ کراچی سے میٹرک' سٹی کالج کراچی سے ایف ایس سی اور اسلامیہ سائنس کالج سے بی ایس سی کیا' 1979ء میں کراچی یونیورسٹی سے بی فارمیسی کرنے کے بعد ایم فارمیسی میں داخلہ لیا لیکن بعض مجبوریوں کی وجہ سے یونیورسٹی چھوڑنی پڑی۔

سوال : انہوں نے آل پاکستان مہاجر اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (اے۔پی۔ایم۔ایس) کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : کراچی میں 11 جون 1978ء کو۔

سوال : مہاجر قومی موومنٹ (ایم۔کیو۔ایم) کب تشکیل دی گئی؟

جواب : 18 مارچ 1984ء کو۔

سوال : وہ کتنی بار گرفتار ہوئے؟

جواب : تین مرتبہ۔ پہلی مرتبہ 14 اگست 1979ء کو مزار قائد اعظم پر مہاجرین مشرقی پاکستان کو پاکستان لانے کے لیے مظاہرہ کرنے پر گرفتار ہوئے اور 2

Marfat.com

اکتوبر 1979ء کو فوجی عدالت سے نو ماہ قید با مشقت اور پانچ کوڑوں کی سزا سنائی گئی ۔ کوڑوں کی سزا نہ ملی لیکن نو ماہ قید بامشقت کاٹی۔ دوسری مرتبہ 31 اکتوبر 1986ء کو حیدر آباد میں ایم کیو ایم کے تاریخی جلسہء عام میں شرکت کے بعد ٹھٹھہ کے راستہ کراچی واپس آتے ہوئے گھگر پھاٹک سے گرفتار کیا گیا۔تیسری بار 30 اگست 1987ء کو رضا کارانہ طور پر گرفتاری پیش کی کیونکہ پولیس ایم کیو ایم کے کارکنوں کو نشانہ بنا رہی تھی۔

سوال : ان کے والد گرامی کون تھے اور ان کا کیا نام تھا؟

جواب : نذیر حسین جو کہ انڈیا میں اسٹیشن ماسٹر تھے تشکیل پاکستان کے بعد کراچی میں ایک مل میں آفس ورک پر مامور ہوئے۔

سوال : والد محترم کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 13 مارچ 1967ء کو اور 5 دسمبر 1985ء کو والدہ کا۔

سوال : ان کے مکان کا رقبہ کتنا ہے؟

جواب : 120 مربع گز۔

☆

امام بخش ناسخ سیفی، ملک

سوال : سیفی صاحب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1918ء میں کمالیہ ضلع فیصل آباد میں۔

سوال : ناسخ سیفی صاحب کا پورا نام کیا تھا؟

جواب : ملک امام بخش ناسخ سیفی۔

سوال : لائلپور (فیصل آباد) سے کس شہر میں چلے گئے؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : سیاست اور صحافت کا آغاز کس روزنامہ سے کیا؟

جواب : روزنامہ ''زمیندار'' سے۔

سوال : 1937ء میں قیام پاکستان کی جدوجہد کے لیے کون سا ہفت روزہ نکالا؟

جواب : کمالیہ ضلع فیصل آباد سے ہفت روزہ ''سعادت'' کا اجراء کیا۔ جس نے قیام پاکستان کے لیے بے بہا خدمات سرانجام دیں۔

سوال : سیفی صاحب نے یہ ہفت روزہ کس عظیم شخصیت کی ہدایت پر نکالنا شروع کیا تھا؟

جواب : قائداعظم محمد علی جناح کے پرزور اصرار پر۔

سوال : ساندل بار کی علاقائی صحافت کو مستقل بنیادیں فراہم کرنے کا اعزاز کس شخصیت کو حاصل ہے؟

جواب : جناب ناسخ سیفی کو۔

سوال : ناسخ سیفی کی خدمات کا اعتراف 4 جنوری 1988ء کے اخبارات کے ذریعیقومی دستاویزات کے ادارے نے کس طرح کیا؟

جواب : اس ادارے میں تحریک پاکستان کے متعلق نایاب اخبارات اور دوسری دستاویزات محفوظ ہیں روزنامہ ''سعادت'' کی فائل (1937 تا 1988ء) بھی اس ادارے میں محفوظ ہے۔

سوال : رونامہ ''سعادت'' پاکستان کے کن دو شہروں سے جاری ہوتا ہے؟

جواب : لاہور اور فیصل آباد سے۔

سوال : اس کا ایڈیٹر کون ہے؟

جواب : ناسخ سیفی کے صاحبزادے خلیق الرحمٰن سیفی۔

سوال : ناسخ سیفی کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 7 جولائی 1984ء کو۔

☆

امتیاز علی تاج، سید

سوال : سید امتیاز علی تاج کب پیدا ہوئے؟

جواب : 13 اکتوبر 1900ء کو۔

سوال : کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : آپ کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : شمس العلماء مولوی ممتاز علی۔

سوال : آپ کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

جواب : محمدی بیگم۔

سوال : ابتدائی تعلیم کس سکول میں حاصل کی؟

جواب : کنیرڈ گرلز سکول میں حاصل کی۔

سوال : میٹرک کا امتحان کس سکول سے پاس کیا؟

جواب : گورنمنٹ سنٹرل ماڈل سکول لاہور سے۔

سوال : ڈگری کس کالج سے لی؟

جواب : گورنمنٹ کالج سے۔

سوال : طالب علمی کے زمانے میں کون سا رسالہ جاری کیا؟

جواب : ''کہکشاں''

Marfat.com

سوال : اپنا مشہور ڈرامہ انارکلی کتنی عمر میں تحریر کیا؟

جواب : 22 برس کی عمر میں۔

سوال : مزاح میں اپنی مثال آپ ان کی کون سی کتاب ہے؟

جواب : ''چچا چھکن'' ان کی بہترین کتاب ہے جسے مزاحیہ کتابوں میں کامیاب کتاب شمار کیا جاتا ہے۔

سوال : آپ کب یہ دنیا چھوڑنے پر مجبور ہو گئے اور کس وجہ سے؟

جواب : 19 اپریل 1970ء کو رات دو بجے دو شقی القلب آدمیوں نے چاقوؤں کے پے در پے واروں سے آپ کو شدید زخمی کر دیا اور وہ اسی دن اللہ کو پیارے ہو گئے۔

☆

امجد اسلام امجد

سوال : ان کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 4 اگست 1944ء کو لاہور میں پیدا ہوئے۔

سوال : میٹرک کس سکول سے کیا؟

جواب : مسلم ماڈل ہائی سکول سے۔

سوال : ایف اے اور بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : ایف اے اسلامیہ کالج ریلوے روڈ سے اور بی اے اسلامیہ کالج سول لائنز لاہور سے۔

سوال : ایم اے اردو کب کیا؟

جواب : 1967ء میں پنجاب یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں ایم اے اردو کیا۔

Marfat.com

سوال : ملازمت کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : ستمبر 1968ء میں ایم اے او کالج لاہور میں شعبہ اردو کے استاد مقرر ہوئے۔

سوال : پنجاب آرٹ کونسل لاہور کے ڈپٹی ڈائریکٹر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1975ء میں۔

سوال : 1975ء میں انہیں کس ٹی وی ڈرامہ پر گریجوایٹ ایوارڈ ملا؟

جواب : ''خواب جاگتے ہیں۔''۔

سوال : ان کے مشہور ٹی وی ڈرامے کون سے ہیں؟

جواب : وارث' دہلیز' سمندر' وقت' رات اور فشار وغیرہ ۔ ان کے علاوہ پچاس سے زائد ڈرامے ٹی وی پر چل چکے ہیں۔

سوال : ''اپنے لوگ'' اور ''لہو میں پھول'' کس کے ڈراموں کے مجموعے ہیں؟

جواب : امجد اسلام امجد کے۔

سوال : ان کا سفرنامہ کون سا ہے؟

جواب : ''شہر در شہر''۔

سوال : ان کے مشہور مجموعہء کلام کون سے ہیں؟

جواب : ''ذرا پھر سے کہنا'' اور ''آنکھوں میں تیرے سپنے'' وغیرہ۔

سوال : ان کا مشہور اخباری کالم کون سا ہے؟

جواب : ''چشمے تماشا''۔

سوال : ان کو کتنے ایوارڈ مل چکے ہیں؟

جواب : پچاس کے قریب۔

موسم موسم آنکھوں کو اک سپنا یاد آیا
صدیاں جس میں سمٹ گئیں وہ لمحہ یاد آیا

قوسِ قزح کے رنگ تھے ساتوں اس کے لہجے میں
ساری محفل بھول گئی وہ چہرہ یاد آیا

☆

امیر احمد، محمد راجہ صاحب محمود آباد

سوال : راجہ صاحب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : محمد امیر احمد۔

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : نومبر 1914ء میں یورپی بھارت میں۔

سوال : اعلیٰ تعلیم کے لیے لندن گئے بتائیں بھارت کے کس شہر میں تعلیم مکمل کی؟

جواب : لکھنؤ میں۔

سوال : قائداعظم کے دستِ راست کی حیثیت سے تحریک پاکستان میں کب شامل ہوئے؟

جواب : تعلیم سے فارغ ہو کر۔

سوال : آل انڈیا مسلم لیگ میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : ورکنگ کمیٹی کے رکن اور خزانچی۔

سوال : مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن میں کس عہدہ پر کام کیا؟

جواب : سربراہ کی حیثیت سے۔

سوال : وہ اسلامک سنٹر لندن کے ڈائریکٹر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : پانچ سال۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

Marfat.com

جواب : 14 اکتوبر 1973ء کو فوت ہوئے اور شہر (ایران) میں دفن ہیں۔

سوال : ذوالفقار علی بھٹو نے ان کے متعلق کیا کہا تھا؟

جواب : ''راجہ صاحب محمود آباد کی قومی خدمات ناقابل فراموش ہیں''۔

☆

امیر الدین' میاں

سوال : میاں امیر الدین لاہور میں کس سن میں پیدا ہوئے؟

جواب : 2 فروری 1889ء کو۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : ابتدائی تعلیم لنگے منڈی سکول لاہور کے اور پھر انجمن حمایت اسلام کے سکول شیرانوالہ گیٹ لاہور سے حاصل کی۔

سوال : میٹرک کس سن میں کیا؟

جواب : 1906ء میں۔

سوال : بی اے کب اور کس کالج سے کیا؟

جواب : 1911ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : بلدیہ لاہور کے بلامقابلہ صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1924ء میں۔

سوال : 1930ء میں امیر الدین کو کون سا خطاب ملا؟

جواب : ''خان صاحب'' کا۔

سوال : امیر الدین نے محکمہ زراعت سے منٹو پارک (موجودہ اقبال پارک) قرارداد پاکستان کے سلسلے میں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس کے لیے کتنے کرایہ پر

حاصل کیا؟

جواب : آٹھ ہزار روپیہ میں۔

سوال : قیام پاکستان کے وقت امیر الدین بلدیہ لاہور میں کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : میئر تھے۔

سوال : پنجاب مسلم لیگ کے فنانس سیکرٹری کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1938ء تا 1949ء تک۔

سوال : لیجسٹو اسمبلی پاکستان کے رکن کب چنے گئے؟

جواب : فروری 1951ء میں۔

سوال : ''انجمن حمایت اسلام'' کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : جون 1969ء میں۔

سوال : ان کی کتاب ''یاد ایام'' کس موضوع پر ہے؟

جواب : ان کی سوانح حیات ہے۔

سوال : ان کے کون سے صاحبزادے پنجاب اسمبلی میں وزیر بھی رہ چکے ہیں؟

جواب : میاں صلاح الدین۔

☆

امیر گلستان جنجوعہ

سوال : امیر گلستان کب صوبہ سرحد کے گورنر بنے؟

جواب : 16 جون 1988ء تا -

☆

Marfat.com

امیر محمد خان، ملک

سوال : ان کا مقام پیدائش اور سنِ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 20 جون 1910ء کو کالا باغ میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

جواب : آکسفورڈ یونیورسٹی سے۔

سوال : 1958ء کے مارشل لاء کے بعد جب ملک میں زرعی اصلاحات نافذ ہوئیں تو انہوں نے اپنی زرعی جائیداد میں سے کتنی زرعی زمین کمیشن کے حوالے کر دی؟

جواب : 22 ہزار ایکڑ۔

سوال : مارشل لاء سے قبل آپ کن عہدوں پر فائز تھے؟

جواب : قومی اسمبلی اور صوبائی مقننہ کے رکن تھے۔

سوال : سابقہ حکومتوں کی طرف سے دوبارہ ان عہدوں کی پیش کش ہوئی۔ ایک دفعہ مرکزی وزارت اور دوسری دفعہ صوبائی گورنر کی۔ کیا آپ نے یہ قبول کی؟

جواب : نہیں۔

سوال : پی۔آئی۔ڈی۔سی کے صدر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 9 دسمبر 1958ء کو۔

سوال : یکم جون 1960ء کو پاکستان کے کس صدر نے ان کو مغربی پاکستان کا گورنر بنایا؟

جواب : فیلڈ مارشل صدر ایوب خان نے۔

سوال : وہ اس عہدے سے کب مستعفی ہو گئے؟

جواب : 8 ستمبر 1966ء کو۔

Marfat.com

سوال : انہوں نے وفات کیسے پائی؟

جواب : 26 نومبر 1967ء کو اپنے آبائی علاقہ میں قتل کر دیئے گئے۔

☆

امین الدین، میاں

سوال : میاں امین الدین کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1901ء میں لاہور میں۔

سوال : ان کے والدگرامی کا نام کیا تھا؟

جواب : میاں جلال الدین۔

سوال : میاں امین الدین نے میٹرک کب اور کس سکول سے کیا؟

جواب : 1913ء میں اسلامیہ ہائی سکول شیرانوالہ گیٹ لاہور سے۔

سوال : 1917ء میں بی۔ایس۔سی لاہور کے کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : 1919ء میں کس مضمون میں ایم۔ایس۔سی کیا؟

جواب : باٹنی میں کیمبرج یونیورسٹی سے۔

سوال : انڈین سول سروس میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 25 اکتوبر 1933ء کو۔

سوال : میاں امین الدین کی زوجہ کا نام بتادیں؟

جواب : سعید امین الدین۔

سوال : سرگودھا کے ڈی سی کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1939ء میں۔

Marfat.com

سوال : چیف کنٹرولر پورٹس آف انڈیا کب رہے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد وہ کتنا عرصہ کراچی پورٹس کے چیئرمین رہے؟

جواب : 1947ء تا 1951ء۔

سوال : میاں امین الدین ایجنٹ ٹو گورنر جنرل بلوچستان کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1951ء میں۔

سوال : میاں امین الدین کتنا عرصہ گورنر سندھ رہے؟

جواب : 18 نومبر 1952ء تا یکم مئی 1953ء۔

سوال : صوبہ پنجاب کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 2 مئی 1953ء تا 24 جون 1954ء۔

سوال : ترکی میں کتنا عرصہ پاکستان کے سفیر رہے؟

جواب : دو سال۔

سوال : پبلک سروس کمیشن کراچی کے چیئرمین کب بنے؟

جواب : 1958ء میں۔

سوال : 1959ء میں ایچی سن (سٹاف) کالج لاہور میں کس عہدے پر کام کیا؟

جواب : ڈائریکٹر۔

سوال : انجمن حمایت اسلام کی بنیاد کس نے رکھی؟

جواب : میاں امین الدین کے دادا کریم بخش نے اپنے رفقاء کے ساتھ مل کر۔۔

سوال : میاں امین الدین کے کونسے صاحبزادے 1981ء تا 1986ء انجمن حمایت اسلام کے سپیکر رہے؟

جواب : پرویز امین۔

سوال : میاں امین الدین نے کب وفات پائی ؟

جواب : 18 ستمبر 1962ء کو۔

سوال : ان کے دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں نام بتادیں؟

جواب : فرح امین الدین' پرویز امین' عثمان امین الدین' فریدہ امین الدین۔

☆

انتظار حسین

سوال : انتظار حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب : دسمبر 1925ء میں ضلع بلند شہر میں (یو۔ پی۔ بھارت)۔

سوال : ایم۔اے کب اور کس کالج سے کیا؟

جواب : 1946ء میں میرٹھ کالج سے۔

سوال : تکمیل تعلیم کے بعد کس پیشے سے وابستہ ہو گئے؟

جواب : صحافت سے۔

سوال : روزنامہ ''مشرق'' میں کس عنوان سے کالم لکھتے ہیں؟

جواب : ''لاہور نامہ'' کے عنوان سے۔

سوال : انہوں نے پہلا ناول کونسا لکھا؟

جواب : ''چاند گرہن''۔

سوال : ان کے ڈراموں کے مجموعے کا نام بتائیں؟

جواب : ''پانی کے قیدی''۔

سوال : ان کے مضامین کے مجموعہ کا نام کیا ہے؟

جواب : ''علامتوں کا زوال''۔

Marfat.com

سوال : انتظار حسین لاہور کے انگریزی روزنامہ ''سول اینڈ ملٹری گزٹ'' میں کیا لکھتے رہے؟

جواب : انگریزی کالم۔

سوال : ان کی مشہور تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : ''دن اور داستان''، ''گلی کوچے''، ''کنکری''، ''آخری آدمی'' اور ''شہر افسوس''۔

☆

انصار برنی

سوال : معروف سماجی کارکن اور قانون دان انصار برنی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 14 اگست 1946ء کو کراچی میں۔

سوال : بی۔اے، ایم۔اے اور ایل ایل بی کی ڈگریاں کہاں سے حاصل کیں؟

جواب : جامعہ کراچی سے۔

سوال : پی۔ایچ۔ڈی (فلسفہ) کی اعزازی ڈگری کہاں سے ملی؟

جواب : سری لنکا سے۔

سوال : انسانی حقوق کا دفاع ان کا مقصد عظیم رہا ہے۔ اس پاداش میں مارشل لاء 1977ء میں کتنا عرصہ قید و بند کی صعوبتیں اٹھائیں؟

جواب : آٹھ ماہ۔

سوال : رہائی کے فوراً بعد پھر کتنے عرصہ کے لیے جیل گئے؟

جواب : دو ماہ کے لیے۔

سوال : دوران قید انہوں نے کیا فیصلہ کیا؟

جواب : جب بھی رہائی ملی وہ بے گناہ اور مظلوم قیدیوں کی نجات کے لیے کوئی ادارہ

قائم کریں گے۔

سوال : انصار برنی ویلفیئر ٹرسٹ کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : 1980ء میں۔

سوال : اس کے تحت ذیلی ادارے کونسے قائم کیے؟

جواب : پرزنرز ایڈ سوسائٹی، گم شدہ اور اغواء شدہ افراد کی بازیابی کے لیے ایک بیورو اور انسداد دہشت گردی کے لیے ایک کمیشن۔ اس حیثیت میں اس کی رجسٹریشن امریکہ میں ہوچکی ہے۔

سوال : انصار برنی کی خدمات کے اعتراف میں انہیں اب تک کتنے ایوارڈز اور اعزازات مل چکے ہیں؟

جواب : 180 سے زائد۔

☆

انوار الحق، جسٹس

سوال : انوار الحق کب پیدا ہوئے؟

جواب : 11 مئی 1917ء کو۔

سوال : کس یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : انڈین سول سروس میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 1939ء کو۔

سوال : آکسفورڈ میں ایک سال کی تربیت کے بعد صوبہ پنجاب میں کن عہدوں پر رہے؟

Marfat.com

جواب : ڈویژنل مجسٹریٹ' اسسٹنٹ کمشنر' ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

سوال : وزارت دفاع میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : ڈپٹی سیکرٹری۔

سوال : مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے ایڈیشنل جج کب بنے؟

جواب : 1959ء میں۔

سوال : مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے جج کب بنے؟

جواب : 1962ء میں مغربی پاکستان کے جج اور ازاں بعد سپریم کورٹ کے جج رہے۔

سوال : چیف جسٹس آف پاکستان کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب : 24 دسمبر 1977ء کو۔

سوال : کب تک اس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 22 مارچ 1981ء تک۔

انور حسین نفیس رقم' سید

سوال : بتایئے عصرِ حاضر کے معروف خطاط سید انور حسین رقم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 11 مارچ 1933ء موضع گھوڑیالہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔

سوال : کیا آپ ان کے والد بزرگوار کا نام بتا سکتے ہیں؟

جواب : سید محمد اشرف علی زیدی۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ان کے والد محترم بھی قرآن پاک کے اعلیٰ پایہ کے خطاط ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : بتایئے نفیس رقم نے میٹرک کب اور کہاں سے کیا؟

جواب : 1948ء میں لائل پور (اب فیصل آباد) سے۔

سوال : بتایئے ایف اے، کب اور کس کالج سے کیا؟

جواب : 1951ء میں گورنمنٹ کالج لائل پور سے۔

سوال : بتایئے ایف اے کرنے کے بعد لاہور آ کر کس نامور خطاط کے بیٹھک کا بتاں میں خطاطی کی باقاعدہ مشق شروع کی؟

جواب : تاج الدین زریں رقم۔

سوال : بتایئے انہوں نے کن کن اخبارات میں بطور خطاط ملازمت کی؟

جواب : روزنامہ احسان' روزنامہ نوائے وقت۔

سوال : بتایئے روزنامہ نوائے وقت سے کب علیحدہ ہو گئے؟

جواب : 1957ء میں۔

سوال : بتایئے جب ان کی طبیعت دین کی جانب مائل ہوئی تو اس مجتہد عصر کے دست اقدس پر بیعت کر لی؟

جواب : مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری کے۔

سوال : بتایئے آل پاکستان خوشنویس یونین کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1971ء میں۔

سوال : بتایئے خوشنویسوں کے حقوق کی بحالی کے لیے انہوں نے کیا کچھ کیا؟

جواب : انہوں نے خوشنویسوں کی تنخوائیں بڑھانے اور بنیادی قسم کی مراعات دلانے کے لیے ویج بورڈ میں نمائندگی کی اور تنخواہوں سمیت ان کے تمام جائز مطالبات تسلیم کرانے تک عملی جدوجہد میں حصہ لیتے رہے۔۔

Marfat.com

سوال : بتایئے انہوں نے خطاطی کے موضوع پر کس رسالے میں بہت کچھ لکھا؟

جواب : سیارہ ڈائجسٹ میں۔

سوال : بتایئے انہیں کب صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے تحفہ حسن کارکردگی سے نوازا؟

جواب : 1986ء میں۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ یہ تقریباً تمام اسلامی ممالک کا سفر کر چکے ہیں اور دنیا کی بڑی بڑی مساجد اور عمارتوں پر ان کے کتبے کندہ یا آویزاں ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : نفیس رقم کی مشہور و معروف کتب کے نام بتایئے؟

جواب : تذکرہ خوشنویساں اور کتاب خطاطی' سیرت حضرت خواجہ گیسو دراز (فارسی سے اردو ترجمہ) تذکرہ مخدوم زادہ سید محمد اکبر حسینی' تذکرہ شمائل گیسو دراز اور نفاس اتعلم۔

سوال : بتایئے ان کے فرزند کا نام کیا ہے اور وہ کس پیشہ سے متعلق ہیں؟

جواب : سید انیس رقم وہ بھی خطاطی میں مہارت رکھتے ہیں۔

☆

انور سدید' ڈاکٹر

سوال : ڈاکٹر انور سدید کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 4 دسمبر 1928ء کو میانی ضلع سرگودھا میں۔

سوال : ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : محمد انور الدین۔

Marfat.com

سوال : ادیب فاضل کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : ایم - اے کس مضمون میں کیا؟

جواب : اُردو میں۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی سے کتنے گولڈ میڈل حاصل کئے؟

جواب : دو

سوال : گورنمنٹ انجینئرنگ میں ڈپلوما حاصل کرنے کے بعد کونسا امتحان پاس کیا؟

جواب : اے ایم آئی ای کا۔

سوال : کس محکمہ میں ملازمت اختیار کی؟

جواب : محکمہ آبپاشی پنجاب میں ایگزیکٹو انجینئر (ایکس ای این)

سوال : ملازمت سے ریٹائرمنٹ کب ہوئی؟

جواب : 1989ء میں۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری کس مقالہ پر ملی؟

جواب : اُردو ادب کی تحریکیں پر۔

سوال : ڈاکٹر انور سدید کی تالیفات کون کون سی ہیں؟

جواب : رادھے شام کے نام' 1968ء کا بہترین ادب' 1970ء کا بہترین ادب' راجا مہدی علی خان کی آخری نظمیں' 1975ء کی بہترین نظمیں اور 1977ء کی بہترین نظمیں۔

سوال : اُن کی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : فکر و خیال' اختلافات' اقبال کے کلاسیکی نقوش' ذکر اُس پری وش کا (انشائیے) غالب کے نئے خطوط (طنز و مزاح) اُردو افسانے میں دیہات کی پیشکش' ڈاکٹر

Marfat.com

وزیر ایک مطالعہ' انشائیہ اُردو ادب میں' غالب کا جہاں اور' سفر نامہ اور ادب میں میر انیس کی قلمرو۔

☆

ایوب خان' محمد' فیلڈ مارشل

سوال : ان کی جائے پیدائش کون سی ہے؟

جواب : 14 مئی 1907ء میں ضلع ہزارہ کے ایک گاؤں ریحانہ میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کہاں پر پائی؟

جواب : مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں۔

سوال : رائل ملٹری سٹاف کالج سینڈ ہرسٹ میں کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : 1928ء میں۔

سوال : شروع میں وہ کس رجمنٹ سے منسلک رہے؟

جواب : پہلے برطانوی رجمنٹ سے اور بعد میں چودھویں پنجاب رجمنٹ میں بھیجے گئے۔

سوال : دوسری جنگ عظیم میں کس محاذ پر فوجی خدمات سرانجام دیں؟

جواب : برما کے محاذ پر۔

سوال : کرنل کب بنے؟

جواب : 1947ء کے آغاز میں۔

سوال : کس بریگیڈ کے کمانڈر بنائے گئے؟

جواب : شمالی وزیرستان بریگیڈ کے۔

سوال : جب پاکستانی حکومت نے قبائلی علاقہ سے اپنی فوجیں واپس بلالیں تو ایوب

Marfat.com

خان کو مشرقی پاکستان میں کیا عہدہ دیا گیا؟

جواب : جنرل کمانڈر مشرقی پاکستان کا (اب بنگلہ دیش)

سوال : انہیں میجر جنرل کب بنایا گیا؟

جواب : دسمبر 1948ء میں بعد ازاں پاکستان فوج کے ایڈجوٹنٹ کمانڈر انچیف جنرل مقرر ہوئے۔

سوال : لیفٹیننٹ جنرل کا عہدہ کب ملا؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : پہلے پاکستانی کمانڈر انچیف کون تھے؟

جواب : 1951ء میں ایوب خان پاکستانی فوج کے پہلے پاکستانی کمانڈر انچیف مقرر ہوئے اور اس کے بعد ان کو جنرل کا عہدہ بھی دے دیا گیا۔

سوال : مرکزی کابینہ میں وزیر دفاع کتنا عرصہ رہے؟

جواب : نومبر 1951ء تا اگست 1955ء

سوال : جنرل ایوب کے عہدے کی مدت میں کتنی توسیع کر دی گئی؟

جواب : چار سال۔

سوال : وہ مارشل لاء کے ناظم اعلیٰ اور فوجوں کے سپریم کمانڈر کب مقرر ہوئے؟

جواب : اکتوبر 1958ء میں۔

سوال : پاکستان کے صدر کب بنے؟

جواب : 27 اکتوبر 1958ء کو۔

سوال : ہندوستان کے ساتھ پانی کا مسئلہ کب حل کیا؟

جواب : 1960ء میں۔

سوال : ایوب خان پاکستانی عوام کی نظر میں کیسے صدر تھے؟

Marfat.com

جواب : امن اور جنگ کے دوران پاکستان کے امور کی نگہداشت سے فیلڈ مارشل ایوب خان نے قوم کے دل میں گھر کرلیا اور پاکستان کا وقار دنیا کی نظروں میں بہت بلند کردیا۔

سوال : 1968ء کے آخر میں ملک میں سیاسی مظاہرے ہوئے پاکستان کو انتشار سے بچانے کے لیے رخصت پر چلے گئے جاتے ہوئے چارج کس کے حوالے کیا؟

جواب : جنرل آغا محمد یحیٰی خان کے۔

سوال : انہوں نے کب وفات پائی ؟

جواب : 20اپریل 1974ء کو اسلام آباد میں فوت ہوئے۔

سوال : وہ کتنا عرصہ پاکستان کے صدر رہے؟

جواب : 27اکتوبر 1958 تا 25مارچ 1969ء یعنی دس سال۔

سوال : انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

جواب : ان کے گاؤں ریحانہ میں۔

ایوب کھوڑو، محمد

سوال : محمد ایوب کھوڑو کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1901ء میں۔

سوال : وہ کتنا عرصہ صوبہ بمبئی کی مقننہ کے رکن رہے؟

جواب : 1924ء تا 1938ء۔

سوال : کتنے سال بمبئی یونیورسٹی کے فیلو رہے؟

جواب : چھ سال۔

سوال : آزاد کانفرنس اور سندھ مسلم ایسوسی ایشن کے رکن کب تک رہے؟

Marfat.com

جواب : 1935ء تک۔

سوال : گورنر سندھ کی مشاورتی کمیٹی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : قبل از قیام پاکستان 1947ء میں جب غلام حسین ہدایت اللہ وزیر اعلیٰ تھے تو کھوڑو کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : نائب وزیر اعلیٰ۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کب صوبہ سندھ کے پہلے وزیر اعلیٰ مقرر ہوئے؟

جواب : 15 اگست 1947ء کو۔

سوال : کب تک وزیر اعلیٰ سندھ رہے؟

جواب : 26 اپریل 1948ء تک۔

سوال : سندھ مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : دسمبر 1948ء میں۔

سوال : دوبارہ وزیر اعلیٰ سندھ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 23 مارچ 1951ء تا مارچ 1953ء۔

سوال : تیسری بار وزیر اعلیٰ سندھ کب بنے؟

جواب : 8 نومبر 1954ء کو۔

سوال : کب تک وزیر اعلیٰ سندھ رہے؟

جواب : 13 اکتوبر 1955ء تک۔

سوال : وزیر دفاع کے عہدے سے سبکدوش کب ہوئے؟

جواب : 1958ء کے مارشل لاء کے نفاذ پر۔

سوال : مارشل لاء 1958ء میں ان پر ریگولیشن کے تحت بلیک مارکیٹنگ کے الزام میں

مقدمہ چلا۔ بتائیں انہیں کتنی سزا ہوئی؟

جواب : پانچ سال قید با مشقت اور ڈیڑھ لاکھ روپے جرمانہ ہوا لیکن اپیل پر بری ہوگئے۔

سوال : چھ سال تک ایبڈو کے تحت خاموش زندگی بسر کرنے کے بعد مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1967ء میں۔

☆

بشریٰ رحمٰن

سوال : بشریٰ رحمٰن کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب : 29 اگست 1942ء کو بہاولپور میں۔

سوال : انہوں نے ایم اے صحافت کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : وہ کون کون سی اصناف میں لکھتی ہیں؟

جواب : افسانہ، ناول، سفرنامہ نگاری اور شاعری۔

سوال : بشریٰ رحمٰن کس زبانوں میں لکھتی ہیں؟

جواب : اردو، انگریزی اور سرائیکی میں۔

سوال : بشریٰ رحمٰن صوبائی اسمبلی کی رکن کب منتخب ہوئیں؟

جواب : 1985ء میں۔

سوال : انہیں پشیماں پر بحث گولڈ میڈل کب ملا؟

جواب : 1986ء میں۔

Marfat.com

سوال : روزنامہ ''جنگ'' میں کس عنوان سے کالم لکھتی ہیں؟

جواب : چادر' چار دیواری اور چاندنی۔

☆

بانو قدسیہ

سوال : بانو قدسیہ کب پیدا ہوئیں؟

جواب : 28 نومبر 1928ء کو۔

سوال : کنیرڈ کالج لاہور سے بی اے کن مضامین میں کیا؟

جواب : ریاضی اور معاشیات میں۔

سوال : بانو قدسیہ نے ایم اے اردو کب اور کس کالج سے کیا؟

جواب : 1950ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : بانو قدسیہ کس ادبی پرچے کی مدیر رہیں؟

جواب : ''داستان گو'' کی۔

سوال : انہیں ٹی وی تمثیل نگار کا گریجوایٹ ایوارڈ کب ملا؟

جواب : 1968ء میں۔

سوال : بانو قدسیہ کے شوہر کا نام بتائیں؟

جواب : مشہور ادیب اشفاق احمد۔

سوال : ان کی شادی کب ہوئی؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : انہیں تمغہء امتیاز کب ملا؟

جواب : 1983ء میں۔

Marfat.com

سوال : ان کے ڈرامے' ناول اور افسانے وغیرہ کے نام بتائیں؟

جواب : موم کی کلیاں' بازگشت' پروا' امبر بیل اور دانت کا دستہ وغیرہ افسانے ہیں۔ ایک تیرے آنے سے' سانول موڑ مہاراں (ایوارڈ یافتہ) وغیرہ ڈرامے ہیں۔" آنچ'اک گناہ اور سہی نامی فلموں کی مصنفہ ہیں ۔شہر بے مثال اور ایک دن ناول ہیں۔

☆

میر بلخ شیر مزاری

سوال : نگران وزیر اعظم میر بلخ شیر مزاری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 8 جولائی 1928ء کو راجن پور ضلع ڈیرہ غازی خان میں۔

سوال : ڈسٹرکٹ بورڈ ڈیرہ غازی خان کے چیئرمین کب چنے گئے؟

جواب : 1951ء کو

سوال : مسلم لیگ پنجاب میں کس عہدہ پر خدمات انجام دیں؟

جواب : خزانچی اور مسلم لیگ پارلیمانی بورڈ کے رکن رہے

سوال : پاکستان دستور ساز اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : آزاد اُمیدوار کی حیثیت سے 1955ء میں

سوال : مغربی پاکستان اسمبلی کے رکن کب چنے گئے؟

جواب : 1956ء میں

سوال : میر بلخ شیر مزاری کو پاکستان کے پہلے آئین پر دستخط کرنے کا اعزاز کب حاصل ہوا؟

جواب : 1956ء میں

Marfat.com

سوال : آزاد اُمیدوار کی حیثیت سے پنجاب اسمبلی کے رکن کب چنے گئے؟

جواب : 1970ء میں

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1977ء میں

سوال : 1982ء میں کون سے صدر پاکستان نے مجلس شوریٰ کا رکن نامزد کیا؟

جواب : جنرل محمد ضیاء الحق نے۔

سوال : 1985ء میں غیر جماعتی انتخابات میں کس اسمبلی کے رکن چنے گئے؟

جواب : قومی اسمبلی کے

سوال : آئی جے آئی کے ٹکٹ پر راجن پور سے قومی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 24 اکتوبر 1990ء کو

سوال : میر بلخ شیر مزاری کو نگران وزیر اعظم کب نامزد کیا گیا؟

جواب : 18 اپریل 1993ء کو صدر پاکستان غلام اسحاق خان نے قومی اسمبلی توڑ دی اس کے ساتھ ہی نواز حکومت اختتام پذیر ہوئی اور میر بلخ شیر مزاری کو نگران وزیر اعظم نامزد کر دیا گیا۔

سوال : ٹھیک 39 دن کے بعد 26 مئی 1993ء کو ان کا اقتدار کس طرح اختتام پذیر ہوا؟

جواب : 26 مئی 1993ء کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے صدر کے اس اقدام کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے نواز شریف حکومت کو غیر مشروط طور پر بحالی کر دیا۔ اسمبلی کی بحالی کے ساتھ ہی نگران وزیر اعظم میر بلخ شیر مزاری رخصت ہو گئے اور اقتدار دوبارہ نواز شریف کو منتقل کر دیا گیا۔

سوال : 24 اکتوبر 1993ء کے عام انتخابات میں میر بلخ شیر مزاری کس اسمبلی کے رکن

چنے گئے؟

جواب : قومی اسمبلی کے۔

☆

بہادر خان، سردار

سوال : بہادر خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 5 جولائی 1908ء کو ہری پور (ضلع ہزارہ) میں۔

سوال : علی گڑھ سے ایل ایل بی کی ڈگری کب لی؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : سابق صدر جناب محمد ایوب خان سے ان کا کیا رشتہ تھا؟

جواب : بھائی تھے۔

سوال : سرحد کی اسمبلی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1939ء میں۔

سوال : کتنا عرصہ سرحد اسمبلی کے سپیکر رہے؟

جواب : اگست 1944ء تا مارچ 1946ء۔

سوال : بہادر خان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس منعقدہ پیرس میں پاکستان کی نمائندگی کب کی؟

جواب : 1947ء میں۔

سوال : کب تک مسلم لیگ کے چیف وپ رہے؟

جواب : 1948ء تک۔

سوال . : نائب وزیر خارجہ پاکستان کے بعد 1949ء میں کس محکمہ کے وزیر بنے؟

Marfat.com

جواب : مواصلات کے۔

سوال : کیا بہادر خان پارلیمنٹ میں حزب اختلاف کے رکن بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : وہ کتنا عرصہ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 19 جولائی 1955ء تا 14 اکتوبر 1955ء۔

سوال : انکا انتقال کب ہوا؟

جواب : 31 دسمبر 1975ء کو گوشہ نشینی کی حالت میں وفات پائی۔

☆

بھولو پہلوان

سوال : بھولو کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1927ء میں امرتسر میں۔

سوال : ان کے والد گرامی کا کیا نام تھا؟

جواب : رستم ہند امام بخش۔

سوال : رستم زماں گاما پہلوان بھولو کے کیا لگتے تھے؟

جواب : چچا۔

سوال : کشتی لڑنے کی تربیت کس سے حاصل کی؟

جواب : والد اور چچا سے۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کس پہلوان کو ہرا کر ''رستم پاکستان'' کا خطاب حاصل کیا؟

جواب : یونس پہلوان کو۔

سوال : رستم زماں گاما پہلوان کے انتقال کے بعد بھولو پہلوان نے دنیا بھر کے

Marfat.com

پہلوانوں کو کشتی لڑنے کا چیلنج کیا۔ بتائیں اس کا نتیجہ کیا رہا؟

جواب : بھولو کے چھوٹے بھائیوں نے ایک ایک کر کے سب کو زیر کر لیا اور نتیجۃً کوئی بھی پہلوان بھولو سے مقابلے کا اعزاز حاصل نہ کر سکا۔

سوال : 1967ء میں بھولو پہلوان نے اپنے بھائیوں کے ہمراہ انگلستان کا دورہ کیا اور وہاں پہلوانوں کو ہرا کر پاکستان کا نام روشن کیا' بتائیں واپسی پر صدر ایوب خان نے انہیں کتنا انعام دیا؟

جواب : دو لاکھ روپے۔

سوال : بھولو پہلوان کو سونے کا تاج کب پہنایا گیا؟

جواب : 10 ستمبر 1967ء کو کراچی میں۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1985ء میں۔

☆

بیگم جہاں آرا شاہنواز

سوال : جہاں آرا کس کی صاحبزادی تھیں؟

جواب : محمد شفیع کی۔

سوال : اولڈ گرلز ایسوسی ایشن کس نے قائم کی؟

جواب : بیگم جہاں آرا شاہنواز نے کوکن میری کالج میں۔

سوال : تقسیم ہند کے سلسلے میں تین گول میز کانفرنسیں منعقد ہوئیں بتائیں ان میں سے کتنی میں بیگم جہاں آرا نے شرکت کی؟

جواب : تینوں میں۔

سوال : آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کی پہلی رکن خاتون کون منتخب ہوئیں؟

جواب : بیگم جہاں آرا شاہنواز۔

سوال : 1937ء میں کس عہدے پر فائز ہوئیں؟

جواب : پنجاب کی مجلس قانون کی رکن چنی گئیں۔

سوال : بیگم جہاں آرا نے جیل کس جرم میں کاٹی؟

جواب : مسلم لیگ کی حمایت میں سول نافرمانی کی تحریک میں حصہ لینے کی وجہ سے۔

سوال : پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کی رکن کب منتخب ہوئیں؟

جواب : 1947ء میں۔

سوال : مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کی رکن کب منتخب ہوئیں؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : 1958ء کے آئین مرتب کرنے والے کمیشن میں انہیں کونسا عہدہ ملا؟

جواب : مشیر کا۔

سوال : بیگم جہاں آرا شاہنواز نے وفات کب پائی؟

جواب : 27 نومبر 1972ء کو۔

☆

بیگم حکم

سوال : بیگم حکم کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب : امریکہ میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

Marfat.com

جواب : گل محمد خان۔

سوال : بیگم حکم نے تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : کیمبرج میں۔

سوال : ان کا آبائی وطن کون سا تھا؟

جواب : سوات۔

سوال : بیگم حکم کی شادی کب اور کس سے ہوئی؟

جواب : 1907ء میں مخلص الرحمٰن ابوالحکم سے جو کلکتہ کے دولت مند زمیندار تھے۔

سوال : بیگم حکم نیشنل انڈین ایسوسی ایشن کلب کی رکن کب بنیں؟

جواب : 1910ء میں۔

سوال : بیگم حکم پردہ کے متعلق کیا کہتی ہیں؟

جواب : یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ عورت پردہ میں رہ کر کام نہیں کر سکتی۔ میں نے اس دور میں بھی برقعہ پہن کر کام کیا ہے جب عورت کے نام کی بھی پردہ داری تھی۔

سوال : تحریک خلافت میں کب حصہ لیا؟

جواب : 1914ء میں۔

سوال : کس کی کوششوں سے 1915ء میں علی گڑھ میں آل انڈیا مسلم لیڈیز کانفرنس کی بنیاد رکھی گئی؟

جواب : بیگم حکم کی کوششوں سے۔

سوال : وہ "انجمن خواتین اسلام" کی رکن کب بنیں؟

جواب : 1918ء میں۔

سوال : ان کے شوہر کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1924ء میں۔

Marfat.com

سوال : علی گڑھ کالج کی طرز پر لڑکیوں کے لیے ایک مدرسہ مسلم اینگلو اورینٹل گرلز سکول کس نے قائم کیا؟

جواب : 1927ء میں بیگم حکم نے۔

سوال : وہ آل انڈیا ویمن کانفرنس کی نمائندہ کب نامزد ہوئیں؟

جواب : 1925ء میں۔

سوال : انہیں سلطان جہاں بیگم بھوپالی نے طلائی تمغہ کب دیا؟

جواب : 1925ء میں۔

سوال : گورنر بنگال لارڈلٹن نے انہیں کلکتہ کی اعزازی مجسٹریٹ کب مقرر کیا؟

جواب : 1927ء میں۔

سوال : انہیں گرل گائیڈ کارکن کب نامزد کیا گیا؟

جواب : 1935ء میں۔

سوال : بیگم 1940ء میں بنگال مسلم لیگ کونسل کے کتنے اراکین میں واحد خاتون رکن منتخب ہوئیں؟

جواب : ایک سو اراکین میں سے۔

سوال : 1945ء میں گورنر بنگال نے کس سلسلے میں بیگم حکم کو نقرئی تمغہ دیا؟

جواب : 1943ء کو قحط بنگال کو کنٹرول کرنے پر۔

سوال : بنگال لیجسٹیو اسمبلی کی رکن کب منتخب ہوئیں؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : 3 جون 1947ء کو اپریل ہوٹل دہلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کے کونسل ممبروں کے اجلاس میں شریک ہونے والی واحد خاتون ممبر کا نام بتادیں؟

جواب : بیگم حکم۔

سوال : بیگم حکم نے تنظیم جمعیت خواتین پاکستان کب قائم کی؟

جواب : 1965ء میں۔

سوال : انہوں نے 1971ء میں کن لوگوں کو کراچی میں آباد کیا؟

جواب : بہاریوں کو۔

سوال : انہیں جماعت اتحاد اسلامیہ کی طرف سے نقرئی تمغہ کب دیا گیا؟

جواب : 1980ء میں۔

سوال : 1982ء میں یوم خدیجۃ الکبریٰ کے موقع پر کس کلب کی طرف سے انہیں طلائی تمغہ دیا گیا؟

جواب : بزنس اینڈ پروفیشنل ویمن کلب کی جانب سے۔

سوال : بیگم حکم کن کن اداروں کی رکن ہیں؟

جواب : اقبال اکیڈمی لاہور' آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی' سینٹ جوزف ایمبولینس کراچی' سینٹ جان ایمبولینس کلکتہ' نیشنل انجمن خواتین اسلام اسلامیہ ہسپتال کلکتہ' آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ' ویمن ایجوکیشن لیگ کلکتہ 'بنگال پریزیڈنسی کونسل آف ویمن' بنگال ویمن' یونین کلکتہ' آل انڈیا کانفرنس (سوشل ورک) کلکتہ میونسپلٹی ایجوکیشن کمیٹی وغیرہ وغیرہ۔

☆

سلمیٰ تصدق حسین' بیگم

سوال : ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : سلمیٰ محمودہ۔

Marfat.com

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 11 اگست 1908ء کو گکھڑ (گوجرانوالہ) میں۔

سوال : ان کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : میاں فضل الہیٰ۔

سوال : بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : ان کے شوہر کا نام کیا تھا؟

جواب : ڈاکٹر میاں تصدیق حسین۔

سوال : سیاست میں قدم کب رکھا؟

جواب : 1936ء میں مسلم لیگ کی رکن بنیں۔

سوال : لاہور سے صوبائی اسمبلی کی رکن کب منتخب ہوئیں؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : آل انڈیا مسلم لیگ خواتین سب کمیٹی میں کس حیثیت سے داخل ہوئیں؟

جواب : رکن کی حیثیت سے۔

سوال : فروری 1947ء میں ان کو گرفتار کیوں کیا گیا؟

جواب : یونینسٹ حکومت کے خلاف مسلم لیگ نے پنجاب میں سول نافرمانی کی تحریک شروع کی تو بیگم سلمیٰ نے بھر پور حصہ لیا اور اسی وجہ سے گرفتار ہوئیں۔

سوال : قیام پاکستان کے موقع پر پنجاب میں کیا کام کیا؟

جواب : مہاجرین کی امداد۔

سوال : 1948ء میں قیام پاکستان کے بعد در پیش مسائل کو حل کرنے کے سلسلے میں بھارت میں منعقد ہونے والی کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کس نے کی؟

Marfat.com

جواب : بیگم سلمیٰ تصدیق حسین نے۔

سوال : قائداعظم نے ان کو کس وفد میں شامل کیا تھا؟

جواب : پاکستان کی طرف سے اقوام متحدہ جانے والے وفد میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد وہ بار بار ہندوستان کیوں گئیں؟

جواب : اغواء شدہ خواتین کی تلاش میں۔

سوال : صوبائی اسمبلی کی رکنیت کے علاوہ اور کن عہدوں پر فائز رہیں؟

جواب : رکن لاہور امیر ومنٹ ٹرسٹ' فیلو پنجاب یونیورسٹی' رکن پارلیمانی وفد برائے چین نائب وزیر حکومت مغربی پاکستان' رکن مجلس شوریٰ۔

سوال : ''گلہائے رنگ رنگ'' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : بیگم سلمیٰ تصدیق حسین کا۔

سوال : انہیں حکومت پاکستان نے طلائی تمغہ کب دیا؟

جواب : 1977ء میں۔

بے نظیر بھٹو

سوال : بے نظیر بھٹو کب پیدا ہوئیں؟

جواب : 21 جون 1953ء کو کراچی میں۔

سوال : وہ پاکستان کے کس مشہور وزیر اعظم کی بیٹی ہیں؟

جواب : سابق وزیر اعظم سابق صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کی۔

سوال : بھٹو انہیں پیار سے کہا کہتے تھے؟

جواب : پنکی۔

سوال : بے نظیر نے کتنی عمر سے تعلیم کا آغاز کیا؟

Marfat.com

جواب : 3برس کی عمر سے۔

سوال : انہیں کراچی کے کس سکول میں داخل کروایا گیا؟

جواب : لیڈی جینگ کے مشہور نرسری سکول میں۔

سوال : بے نظیر کو کتنی زبانیں آتی ہیں؟

جواب : سندھی' اردو' انگریزی' عربی اور فارسی۔

سوال : اعلیٰ تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : برکلے' راڈکلفے اور کیلیفورنیا یونیورسٹی سے۔

سوال : ان کی زندگی کا پہلا الیکشن کون سا تھا اور اس کا رزلٹ کیا رہا؟

جواب : بے نظیر نے 1976ء میں آکسفورڈ یونین کا الیکشن لڑا۔ یہ ان کی زندگی کا پہلا الیکشن تھا جس میں وہ صدر منتخب ہوئیں۔

سوال : ان کی شادی کب ہوئی؟

جواب : دسمبر 1987ء میں آصف زرداری کے ہمراہ۔

سوال : انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کب سنبھالی؟

جواب : 25 مئی 1979ء کو۔

سوال : بے نظیر کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی نے ایم آر ڈی میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 1981ء میں۔

سوال : بے نظیر بھٹو وطن واپس کب آئیں؟

جواب : اپریل 1986ء میں جب ہر طرف جمہوریت کا دور دورہ تھا۔

سوال : بے نظیر کو پارٹی کا چیئرمین کب چنا گیا؟

جواب : 19 مئی 1986ء کو۔

Marfat.com

سوال : نومبر 1988ء کے عام انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کا نتیجہ کیا رہا؟

جواب : پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی اسمبلی کے انتخابات میں 204 میں سے 92 نشستیں جیت لیں۔

سوال : 17 جون 1988ء کو پاکستان پیپلز پارٹی نے تین نئے فورم بنائے جن کا رابطہ افسر ظفر جان کو مقرر کیا۔ بتائیں وہ تین فورم کیا تھے؟

جواب : 1۔ پیپلز فورم برائے آرٹ و کلچر

2۔ پیپلز اکیڈمی آف سوشل سائنسز

3۔ انفرمیشن اینڈ پبلسٹی سیل۔

سوال : بے نظیر بھٹو کب پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعظم منتخب ہوئیں؟

جواب : 2 دسمبر 1988ء کو۔

سوال : وہ کب تک وزارت عظمٰی پر فائز رہیں؟

جواب : 6 اگست 1990ء تک۔

پرویز مشرف، جنرل

سوال : جنرل پرویز مشرف کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 11 اگست 1943ء کو نئی دہلی کے کوچہ سعد اللہ نہر والی حویلی میں پیدا ہوئے۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : سید مشرف الدین۔

سوال : ابتدائی تعلیم کس شہر میں حاصل کی؟

جواب : کراچی میں۔

سوال : فوج میں کمیشن کب حاصل کی؟

Marfat.com

جواب : 1946ء میں

سوال : 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں کس محاذ پر لڑے؟

جواب : کھیم کرن کے محاذ پر

سوال : لیفٹیننٹ کرنل کب بنے؟

جواب : 1992ء میں

سوال : کس وزیراعظم پاکستان نے انہیں آرمی چیف بنا دیا؟

جواب : نواز شریف نے

سوال : جنرل پرویز مشرف نے نواز شریف کا تختہ کب اُلٹا دیا؟

جواب : 12 اکتوبر 1999ء کو نواز شریف کا تختہ اُلٹ کر خود حکومت سنبھال لی۔

سوال : امریکن صدر بل کلنٹن نے پاکستان کا دورہ کب کیا؟

جواب : 24 اور 25 مارچ 2000ء کو

سوال : سپریم کورٹ نے جنرل پرویز مشرف کے حق میں اور نواز شریف کے خلاف فیصلہ کب دیا؟

جواب : 12 مئی 2000ء کو

سوال : جنرل پرویز مشرف نے صدر پاکستان کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب : 20 جون 2001ء کو

☆

پروین شاکر

سوال : پروین شاکر کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب : 24 نومبر 1952ء کو کراچی میں۔

سوال : پروین شاکر نے کس مضمون میں ایم اے کیا؟

جواب : انگریزی میں۔

سوال : کن محکموں کے لیے اپنی خدمات پیش کیں؟

جواب : درس و تدریس عبداللہ کالج برائے خواتین کراچی اور محکمہ کسٹم (کراچی) میں ملازمت کی۔

سوال : وہ کس زبان اور کس صنف میں لکھتی ہیں؟

جواب : زبان اردو اور صنف شاعری۔

سوال : انہیں رائٹرز گلڈ آدم جی ایوارڈ کب ملا؟

جواب : 1987ء میں۔

سوال : ان کے چند ایک مجموعہ کلام کے نام بتائیں؟

جواب : خوشبو، صد برگ، خود کلامی اور انکار وغیرہ۔

☆

پیر الٰہی بخش

سوال : پیر الٰہی بخش کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1885ء میں پیر گوٹھ ضلع داؤد میں۔

سوال : اس کے بعد کہاں تعلیم حاصل کی؟

جواب : علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں۔

سوال : تعلیم سے فارغ ہو کر کس تحریک میں شامل ہوئے؟

جواب : حسرت موہانی، علی برادران اور ظفر علی خان سے متاثر ہو کر تحریک خلافت میں حصہ لینے لگے۔

Marfat.com

سوال : صوبہ سندھ کس شخصیت کی ذاتی کوششوں سے وجود میں آیا؟

جواب : پیر الہیٰ بخش نے قائداعظم سے مل کر بمبئی سے سندھ کو الگ کروالیا۔

سوال : کیا وہ مسلم لیگ کے سرگرم رکن رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : حکومت ہند میں کن اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : وزیر اور وزیر اعلیٰ رہے۔

سوال : پاکستان کے کس شہر میں مہاجروں نے ان کے نام پر" پیر الہیٰ بخش کالونی" قائم کی؟

جواب : کراچی میں۔

سوال : صوبہ سندھ کے وزیر اعلیٰ کب بنے؟

جواب : 2 مئی 1948ء کو۔

سوال : کس گورنر جنرل نے آپ کو وزیر اعلیٰ بنایا؟

جواب : قائداعظم محمد علی جناح نے۔

سوال : وزیر اعلیٰ سندھ پیر الہیٰ بخش کب تک اس عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : 4 فروری 1949ء تک۔

سوال : مسلم لیگ سے علیحدگی کیوں اختیار کی؟

جواب : قائداعظم کی وفات کے بعد کچھ بدعنوانیاں دیکھ کر۔

سوال : حسین شہید سہروردی' پیر مانکی شریف اور خان افتخار حسین خان ممدوٹ کے ساتھ مل کر کون سی پارٹی قائم کی؟

جواب : عوامی مسلم لیگ۔

سوال : صدر ایوب کے دور میں کون سی تحریک چلائی؟

جواب : جیئے سندھ۔

سوال : 1968ء میں جی ایم سید کے افکار و نظریات پر ایک کتابچہ لکھا۔ اس کا نام کیا تھا؟

جواب : ''ادب کی آڑ''۔

سوال : اس کتابچہ میں کیا لکھا تھا؟

جواب : جی ایم سید اور ان کے رفقاء کی پاکستان دشمن سرگرمیوں کو بے نقاب کیا۔

سوال : پیر الٰہی بخش کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 18 اکتوبر 1975ء کو۔

☆

پیر پگاڑا

سوال : پیر پگاڑا کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1929ء میں پیر جو گوٹھ میں (یہ گاؤں خیر پور اور سندھ کے وسط میں ہے)۔

سوال : ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : علی مردان شاہ۔

سوال : پیر پگاڑا' پگاڑا خاندان کے نمبر کے لحاظ سے کون سے گدی نشین ہیں؟

جواب : ساتویں۔

سوال : جس وقت انگریزوں نے ان کے والد سید صبغتہ اللہ شاہ کو پھانسی دی پیر پگارا کی عمر کیا تھی؟

جواب : سترہ برس۔

سوال : انگریز نے انہیں اعلیٰ تعلیم کے لئے کہاں بھیج دیا تھا؟

Marfat.com

جواب : علی گڑھ اور برطانیہ۔

سوال : انہیں کن زبانوں پر عبور حاصل ہے؟

جواب : عربی اور لاطینی پر۔

سوال : پاکستان واپس کب آئے؟

جواب : 1952ء میں آئے اور اسی سال گدی نشین ہوئے۔

سوال : سیاست میں کب سے حصہ لینا شروع کیا؟

جواب : 1973ء سے۔

سوال : کیا پیر پگارا پاکستان مسلم لیگ کے صدر بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : 19 اکتوبر 1979ء کو پیر پگارا نے کس نام سے اپنی ایک الگ جماعت تشکیل دی؟

جواب : پاکستان مسلم لیگ پگارا گروپ۔

تاج محمد جمالی' میر

سوال : میر تاج محمد خان جمالی کتنا عرصہ ذوالفقار علی بھٹو کے تیسرے دور وزارت میں محنت' افرادی قوت' صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کے وزیر رہے؟

جواب : 5 فروری 1976ء تا 23 مارچ 1977ء۔

سوال : وہ ذوالفقار علی بھٹو کی چوتھے دور کی وزارت میں 30 مارچ 1977ء تا 5 جولائی 1977ء کن محکموں کے وزیر رہے؟

جواب : صحت اور منصوبہ بندی کے۔

سوال : میر تاج محمد جمالی کس سن میں وزیر اعلیٰ بلوچستان بنے؟

جواب : 1990ء میں۔

☆

ٹکا خان، ریٹائرڈ جنرل

سوال : ٹکا خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1915ء میں موضع جوچھا ممدوٹ تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔

سوال : انڈین ملٹری اکیڈمی ڈیرادون سے بطور آرٹلری آفیسر کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : دوسری جنگ عظیم کے دوران کس علاقے میں خدمات انجام دیں؟

جواب : مغربی صحرا اور برما میں۔

سوال : 1946ء میں کس ملٹری اکیڈمی میں انسٹرکٹر مقرر ہوئے؟

جواب : انڈین ملٹری اکیڈمی ڈیرا دون میں۔ آزادی کے بعد اسی عہدے پر پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں تعینات ہوئے۔

سوال : کمانڈر اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ سے سند کب حاصل کی؟

جواب : 1949ء میں۔

سوال : 1951ء تک کس رجمنٹ کی کمان کی؟

جواب : آرٹلری رجمنٹ کی۔

سوال : 1954ء میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : جنرل ہیڈ کوارٹرز میں ڈپٹی ڈائریکٹر آف آرٹلری کے منصب پر فائز ہوئے۔

سوال : بریگیڈیئر کب بنا دیئے گئے؟

جواب : ٹکا خان 1955ء میں بریگیڈیئر بنا دیئے گئے اور انہیں ڈویژنل آرٹلری کی کمان

سونپی گئی۔

سوال : 1958ء، 1960ء، 1962ء اور اپریل 1965ء میں کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : 1958ء میں ڈائریکٹر سٹاف ڈیوٹیز اور 1960ء میں کور آرٹلری کے کمانڈر مقرر ہوئے۔ بعد ازاں ایک انفنٹری بریگیڈیئر کمانڈر 1962ء میں ڈویژن کمانڈر بنا دیئے گئے اور اپریل 1965ء میں رن کچھ کے معرکے میں پاکستانی فوج کی کمان کی۔

سوال : ستمبر 1965ء میں کس محاذ سے لڑے؟

جواب : ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں سیالکوٹ کے محاذ پر ایک ڈویژن کی کمان کی جس کے صلے میں ''ستارہ پاکستان'' کا اعزاز حاصل کیا۔

سوال : کوارٹر ماسٹر جنرل کب بنے؟

جواب : 1966ء میں جنرل ہیڈکوارٹرز میں کوارٹر ماسٹر جنرل کے عہدے پر فائز ہوئے

سوال : کمانڈر کب بنا دیئے گئے؟

جواب : 1969ء کے اوائل میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی دے کر کور کمانڈر بنا دیئے گئے۔

سوال : زون اے کے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کب مقرر ہوئے؟

جواب : اگست 1969ء میں اور مارچ 1971ء میں زون بی کے مارشل لاء ایڈ منسٹریٹر اور ایسٹرن کمانڈ کے کمانڈر بنائے گئے۔

سوال : مشرقی پاکستان کے گورنر کب بنے؟

جواب : 10 اپریل 1971ء کو مشرقی پاکستان کے گورنر مقرر ہوئے۔ ستمبر 1971ء میں مغربی پاکستان واپس آ کر کور کمانڈر کے عہدے پر فائز ہوئے۔

سوال : ہلال قائداعظم اور ہلال جرات کے اعزاز کب ملے؟

Marfat.com

جواب : 14اگست 1971ء کو ہلال قائد اعظم اور 8دسمبر 1971ء کو ہلالِ جرات کے اعزاز ملے۔

سوال : 3مارچ1972ء کو کس عہدے پر ترقی ملی؟

جواب : جنرل اور چیف آف دی آرمی سٹاف بنا دیا گیا۔

سوال : فوج سے ریٹائر کب ہوئے؟

جواب : یکم مارچ 1976ء کو۔

سوال : فوج سے فراغت کے بعد کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : وزیر اعظم کے خصوصی مشیر برائے قومی تحفظ مقرر ہوئے بھٹو دور حکومت کے آخر میں پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے اور مرکزی حکومت میں وزیر مملکت مقرر ہوئے۔مارشل لاء (جولائی 1977ء) کے بعد کچھ عرصہ پیپلز پارٹی کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل رہے۔

سوال : پنجاب کے گورنر کب بنے؟

جواب : 9دسمبر 1988ء تا6اگست 1990ء۔

☆

Marfat.com

جام صادق علی

سوال : جام صادق کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1935ء میں ضلع سانگھڑ کے گوٹھ جام علی نواز میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : جام نواب کا بھوخان۔

سوال : انہوں نے تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : علی گڑھ میں۔

سوال : جام صادق نے سیاسی زندگی کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : مسلم لیگ (کنونشن) میں شمولیت کر کے۔

سوال : کس پارٹی کے ٹکٹ پر مغربی پاکستان اسمبلی کے رکن بنے؟

جواب : مسلم لیگ کے۔

سوال : تھرپارکر سے کس اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : قومی اسمبلی کے۔

سوال : ایوب خان کے دور میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : پارلیمانی سیکرٹری رہے۔

سوال : وہ پاکستان پیپلز پارٹی میں کب شامل ہوئے؟

جواب : اس کے قیام کے وقت یعنی 1967ء میں۔

سوال : 1970ء کے عام انتخابات میں وہ کس پارٹی کے ٹکٹ پر سانگھڑ سے سندھ اسمبلی کے رکن اور بلدیات کے وزیر مقرر ہوئے؟

جواب : پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر۔

Marfat.com

سوال : وہ سینئر وزیر کی حیثیت سے کب تک اپنے فرائض انجام دیتے رہے؟

جواب : 1977ء تک۔

سوال : ضیاء الحق مارشل لاء دور میں انہوں نے کہاں اور کتنا عرصہ جلاوطنی کی زندگی گزاری؟

جواب : پہلے دوبئی اور پھر لندن میں تقریباً گیارہ سال۔

سوال : انہیں جلاوطنی کی زندگی کیوں گزارنا پڑی؟

جواب : وہ پیر پگارا کے چھ مریدوں کے مشہور مقدمہ قتل میں اہم ملزم تھے۔

سوال : بے نظیر دور میں وہ 1989ء میں وطن واپس آئے۔ بتائیں وزیر اعظم بے نظیر بھٹو نے انہیں کونسا عہدہ دیا؟

جواب : صوبائی رابطہ کا مشیر مقرر کیا۔

سوال : جام صادق علی نے وزیر اعلیٰ سندھ کے عہدے کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 6 اگست 1990ء کو۔

سوال : جام صادق کتنا عرصہ صوبہ سندھ کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 6 اگست 1990ء تا 6 مارچ 1992ء۔

سوال : عہدہ پر فائز انتقال کرنے والے پہلے وزیر اعلیٰ کا نام بتادیں؟

جواب : جام صادق علی۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب : مولانا دین محمد نے۔

سوال : ان کا انتقال تو کراچی میں ہوا بتائیں انہیں دفن کہاں کیا گیا؟

جواب : ان کے آبائی گاؤں گوٹھ جام نواز علی میں۔

سوال : جام صادق علی کے انتقال پر حکومت نے صوبے میں کتنے روز تک سوگ منانے

Marfat.com

کا اعلان کیا؟

جواب : تین دن تک۔

سوال : جام صادق علی نے آخری ملاقات کس سے کی؟

جواب : ایم کیو ایم کے چیئرمین عظیم احمد طارق اور ان کے ساتھیوں سے۔

☆

جاوید اقبال، ڈاکٹر

سوال : ڈاکٹر جاوید اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : اکتوبر 1924ء میں سیالکوٹ میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا ہے؟

جواب : علامہ محمد اقبال۔

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے آنرز کب کیا؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی سے کن مضامین میں ایم اے کیا؟

جواب : ایم۔اے انگلش اور فلسفہ۔

سوال : کیمبرج یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1954ء میں۔

سوال : لندن سے بار ایٹ لاء کی ڈگری کب لی؟

جواب : 1956ء میں

سوال : وطن واپس کب آئے اور لاہور ہائی کورٹ میں پریکٹس شروع کی؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : لاہور ہائی کورٹ بار ایسی ایشن کے رکن کب بنے؟

جواب : 1968ء میں

سوال : پاکستان بار کونسل کے رکن کب چنے گئے؟

جواب : 1971ء میں

سوال : لاہور ہائی کورٹ کے جج کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1971ء میں

سوال : لاہور ہوئی کورٹ کے چیف جسٹس کب بنے؟

جواب : 1982ء میں

سوال : سپریم کورٹ کے جج کب بنے؟

جواب : 1986ء میں

سوال : 1989ء میں کس عہدہ سے ریٹائر ہوئے؟

جواب : سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے۔

سوال : قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کے سینڈیکیٹ کے رکن کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1983ء تا 1985ء

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور کی مجلس نظماء کے رکن کب سے کب تک رہے؟

جواب : 1989ء تا 1992ء

سوال : 1985ء تا 1994ء اقبال اکادمی کی مجلس نظماء میں کس عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : نائب صدر۔

سوال : اسلامی تہذیبی ریسرچ کرنے والی رائل اکادمی اردن کی تاحیات رکنیت کب دی گئی؟

جواب : 1989ء میں

سوال : 1989ء میں قونید کی سلجوق یونیورسٹی نے کونسی اعزازی ڈگری عطا کی؟

جواب : اسلامی ادب و سائنس کی۔

سوال : آپ کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : مئے لالہ فام، نظریہ پاکستان، میراث قائداعظم، افکار و پریشان، اور حیات اقبال وغیرہ۔

☆

جاوید میانداد

سوال : جاوید میانداد کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 12 جون 1957ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔

سوال : پہلا ٹیسٹ کب کھیلا؟

جواب : 1976-77ء میں نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلا اور سنچری بنائی۔

☆

جھارا پہلوان

سوال : جھارا کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1960ء میں۔

سوال : جھارے کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب : ان کا تعلق برصغیر میں فن کشتی میں بین الاقوامی شہرت رکھنے والے خاندان سے تھا، رستم زماں گاماں، رستم ہند امام بخش اور بھولو وغیرہ اسی خاندان سے تھے۔

Marfat.com

سوال : جھارے کا قد اور وزن کتنا تھا؟

جواب : قد چھ فٹ تین انچ اور وزن 240 پونڈ۔

سوال : جھارے نے ملتان کے مشہور پہلوان زوار حسین کو کتنی دیر میں چت کر دیا؟

جواب : تین منٹ میں۔

سوال : 27 جنوری 1978ء کو گوجرانوالہ کے گوگا پہلوان کو کتنے منٹ کے اندر اندر شکست دی؟

جواب : پندرہ منٹ میں۔

سوال : مئی 1978ء میں ملتان کے نامور پہلوان عباس کو کتنے وقت میں بچھاڑ دیا؟

جواب : سترہ منٹ میں۔

سوال : جھارے کا جاپان کے عالمی شہرت یافتہ پہلوان انٹوانیوااانوکی سے مقابلہ کب ہوا اور نتیجہ کیا رہا؟

جواب : 17 جون 1979ء کو ہوا اور پانچ راؤنڈ کا یہ مقابلہ برابر رہا۔

سوال : پاکستان کے کس پہلوان کو زیر کر کے بین الاقوامی شہرت حاصل کی؟

جواب : انوکی کو۔

سوال : ''فخر پاکستان'' دنگل کب جیتا؟

جواب : 1981ء میں۔

☆

جہانداد لیفٹیننٹ جنرل

وال : جہانداد کا سن ولادت کیا ہے؟

واب : 1924ء میں پیدا ہوئے۔

Marfat.com

سوال : کمیشن کب ملا؟

جواب : 1948ء میں انہیں آرٹلری رجمنٹ میں کمیشن ملا۔متعدد اہم کمان اور سٹاف عہدوں پر فائز رہے۔

سوال : لیفٹیننٹ کرنل کے عہدہ پر ترقی کب ملی؟

جواب : 1965ء میں ترقی ملی۔

سوال : 1978ء میں کس علاقے کے گورنر کے ملٹری سیکریٹری رہے؟

جواب : مغربی پاکستان کے گورنر کے۔

سوال : ڈپٹی مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1979ء میں۔

سوال : لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی کب ملی؟

جواب : 1980ء میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی دی گئی اور کور کمانڈر بنا دیئے گئے۔

سوال : صوبہ سندھ کے فوجی گورنر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 22 مارچ 1984ء کو۔

سوال : انہیں فوج سے ریٹائر کب کر دیا گیا؟

جواب : 1985ء کے آواخر میں۔

سوال : جہانداد جمہوریت کے قیام کے بعد سندھ کے گورنر کب بنے؟

جواب : ملک میں جمہوریت کے قیام پر 29 دسمبر 1985ء کے صوبہ سندھ کے گورنر مقرر ہوئے۔ وہ دسمبر 1986ء میں کراچی میں آپریشن کلین اپ کی ناکامی کے بعد اپنے عہدے سے مستعفی ہو کر اٹک چلے گئے۔

☆

Marfat.com

جہانگیر خان

سوال : ان کی وجہ شہرت کیا ہے؟

جواب : اسکوائش کے عالمی چیمپئین۔

سوال : ان کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 1964ء میں کراچی میں پیدا ہوئے۔

سوال : وہ کس مشہور کھلاڑی کے فرزند ہیں؟

جواب : اسکوائش کے سابق عالمی چیمپئین روشن خان کے صاحبزادے ہیں۔

سوال : کتنی عمر میں اسکوائش کھیلنا شروع کی؟

جواب : دس سال کی عمر میں۔

سوال : کتنی عمر میں عالمی جونیئر اسکواش چیمپئین شپ جیت لی؟

جواب : 14 سال کی عمر میں۔

سوال : اسکواش کا عالمی اعزاز کب حاصل کیا؟

جواب : 1981ء میں جیف ہنٹ کو ہرا کر اسکواش کا عالمی اعزاز ''ٹورنٹو'' (کینیڈا) حاصل کیا۔

سوال : صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے ان کو کیا انعام دیا؟

جواب : صدارتی تمغہ کے علاوہ ایک لاکھ روپیہ بطور انعام دیا۔

☆

Marfat.com

جی اے الانا

سوال : ان کا پورا نام کیا تھا؟

جواب : غلام علی الانا۔

سوال : ان کی جائے پیدائش کون سی ہے؟

جواب : کراچی۔

سوال : سندھ مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1942ء میں۔

سوال : کیا وہ کراچی کے میئر بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد فیڈریشن آف چیمبر اینڈ انڈسٹری کی تشکیل کس نے کی؟

جواب : جی اے الانا نے اور کئی سال اس کے صدر بھی رہے۔

سوال : کتنا عرصہ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی گورننگ باڈی کے رکن رہے؟

جواب : نو سال۔

سوال : انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف ایمپلائز کے رکن کب چنے گئے؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : کتنا عرصہ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے کمیشن میں پاکستان کی نمائندگی کی؟

جواب : 1974ء تا 1976ء۔

سوال : مذکورہ کمیشن کے چیئرمین کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1975ء۔

سوال : جی الانا کن زبانوں میں لکھتے تھے؟

Marfat.com

جواب : انگریزی میں۔

سوال : ان کی کتابوں کے نام کیا ہیں؟

جواب : قائد اعظم جناح' تحریک پاکستان' ہمارے مجاہدین' آزادی اور۔۔۔۔۔۔
پاکستان کی جدوجہد آزادی کی داستان وغیرہ۔

سوال : ان کی آخری کتاب کون سی ہے؟

جواب : کچھ یادیں کچھ باتیں۔

سوال : انکا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1985ء میں۔

☆

جی ایم سید

سوال : جی ایم سید کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1904ء میں۔

سوال : ان کا مقام پیدائش کون سا ہے؟

جواب : موضع سن' تعلقہ کوٹری ضلع دادو (سندھ)۔

سوال : ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : غلام مرتضٰی شاہ۔

سوال : سیاسی اور معاشرتی زندگی کی ابتدا کہاں سے کی؟

جواب : چودہ برس کی عمر میں لاڑکانہ خلافت کانفرنس سے۔

سوال : انڈین نیشنل کانگریس میں شمولیت کب کی؟

جواب : 1930ء میں۔

Marfat.com

سوال : یوتھ لیگ کے ممبر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1931ء میں۔

سوال : سندھ مسلم لیگ کے صدر کب بنے؟

جواب : 1938ء میں۔

سوال : ان کی ایک کتاب ''پیغام لطیف'' کس موضوع پر لکھی گئی ہے؟

جواب : شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام پر محققانہ تبصرہ ہے۔

☆

چراغ حسن حسرتؔ

سوال : مولانا چراغ حسن حسرت کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1902ء میں۔

سوال : آپ کی جائے پیدائش کون سی ہے؟

جواب : کشمیر کے ایک قصبے بارہ مولا میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے والد کو جائیداد سے کیوں محروم ہونا پڑا؟

جواب : اس لیے کہ وہ ہندو سے مسلمان ہوئے تھے۔

سوال : اُردو فارسی کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

جواب : اپنے والد محترم سے۔

سوال : آپ نے اپنی تعلیم کس طرح پوری کرنے کی کوشش کی؟

جواب : پرائیویٹ طور پر۔

سوال : آپ نے ملازمت کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : ملازمت کا آغاز مدرسی سے کیا اور شملہ میں بطور مدرس کام کرتے رہے۔

سوال : کون سا شوق انہیں کلکتہ لے گیا؟

جواب : صحافت سے طبعی لگاؤ جس کی بناء پر کلکتہ سدھارے۔

سوال : صحافتی زندگی کا آغاز کس اخبار سے کیا؟

جواب : اخبار ''نئی دنیا'' کے کالم نویس کی حیثیت سے۔

سوال : آپ کس فرضی نام سے کالم لکھتے تھے؟

جواب : ''کولمبس'' کے فرضی نام سے۔

سوال : لاہور آ کر کس اخبار سے منسلک ہوئے؟

جواب : ''زمیندار'' سے۔

سوال : یہاں پر کون سے فرضی نام سے لکھنا شروع کیا؟

جواب : ''سند باد جہازی'' کے فرضی نام سے۔

سوال : 1934ء میں جب ''انسان'' نکالا تو آپ کس فرضی نام سے اس میں لکھتے تھے؟

جواب : ''سند باد جہازی'' ہی کے نام سے۔

سوال : ان کے علاوہ کن کن اخبارات میں لکھا؟

جواب : شہباز' انصاف' پنچائت' مہاجر اور نوائے وقت میں بھی لکھتے رہے۔

سوال : روزنامہ ''امروز'' کے مدیر مقرر ہوئے بتائیں اس میں کس فرضی کا استعمال کیا؟

جواب : ''سند باز جہازی'' کا فرضی نام استعمال کیا۔

سوال : فوج میں ملازمت کب اختیار کی؟

جواب : جنگ عظیم کے دوران میں۔

سوال : آپ کو بلاوائے اجل کب آیا؟

جواب : 1955ء میں۔

سوال : آپ کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : ''کیلے کا چھلکا'' ''بربت کی بیٹی'' ''مردم دیدہ''۔ ''مطالبات''۔ ''دو ڈاکٹر'' اور ''پنجاب کا جغرافیہ'' کافی مشہور ہیں۔

☆

حبیب ابراہیم رحمت اللہ

سوال : ان کا سنِ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 1912ء۔

سوال : بی اے کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : بمبئی یونیورسٹی سے بی اے۔ ایل ایل بی کی ڈگری لی۔

سوال : کتنی ہندوستانی کمپنیوں کے ڈائریکٹر رہے؟

جواب : تقریباً پندرہ کے۔

سوال : بمبئی کے مسلم ایوان تجارت کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : بمبئی صوبائی مسلم لیگ پارلیمانی بورڈ برائے بلدیات کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1945ء تا 1947ء۔

سوال : مسلم ایوان تجارت وصنعت کی فیڈریشن (نئی دہلی) کے صدر کب چنے گئے؟

جواب : 1947ء میں۔

سوال : ہندوستان میں پاکستان ہائی کمشنر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 15 اگست 1947ء کو۔

سوال : گورنر سندھ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 12 اگست 1953ء تا 23 جون 1954۔

Marfat.com

سوال : پنجاب کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 26 ستمبر 1954ء تا 26 نومبر 1954ء۔

سوال : وزیر تجارت وصنعت کب رہے؟

جواب : 1954ء تا 1955ء۔

سوال : کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1958ء میں۔

سوال : واٹر کو آرڈی نیشن کونسل کے چیئرمین کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1958ء تا 1960ء۔

سوال : 1959 اور 1971ء میں کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : 1959ء میں پاکستان گورنمنٹ شپنگ ریٹس ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور 1971ء میں پاکستان کے ریڈکراس کے چیئرمین بنائے گئے۔

☆

حبیب جالب

سوال : ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : حبیب احمد۔

سوال : حبیب جالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1929ء میں میانی افغاناں ضلع ہوشیار پور میں۔

سوال : ان کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : صوفی عنایت اللہ۔

سوال : ان کی تعلیم کتنی ہے اور کہاں پر حاصل کی؟

Marfat.com

جواب : نویں جماعت تک اینگلو مرکب سکول دہلی میں۔

سوال : ان کا ذریعہ معاش کیا ہے؟

جواب : صحافت۔

سوال : برگ آوارہ کس کا مجموعہ کلام ہے؟

جواب : حبیب جالب کا۔

سوال : حبیب جالب کن اخبارات سے منسلک ہیں؟

جواب : جنگ وغیرہ (امروز سے بھی تھے مگر وہ بند ہو چکا ہے)۔

☆

حسن حفیظ احمد' وائس ایڈمرل

سوال : کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1926ء میں۔

سوال : 1946ء میں کس حیثیت سے بھرتی ہوئے؟

جواب : کیڈٹ۔

سوال : کمیشن کب ملا؟

جواب : 1947ء میں سب لیفٹیننٹ کی حیثیت سے کمیشن ملا۔

سوال : تربیت مکمل کرنے کے بعد وہ پاکستان کی بحریہ کے پہلے فیگ شپ پی این ایس جہلم سے وابستہ ہوئے۔ 1954ء تک تربیتی فرائض انجام دیئے اس دوران انہوں نے کن ممالک کا سفر کیا؟

جواب : بحیرہ روم' آسٹریلیا' نیوزی لینڈ' انڈونیشیا' برما' ملائیشیا اور سیلون کا سفر کیا۔

سوال : کمانڈر کے عہدہ پر ترقی کب ملی؟

جواب : 1960ء میں۔

سوال : بحری امور میں مہارت نامہ حاصل کر چکنے کے بعد انہوں نے کس سکول میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے فرائض انجام دیئے؟

جواب : ٹیکنیکل سکول اس کے بعد نیول اکیڈمی کے سربراہ مقرر ہوئے۔

سوال : وہ کس کورس میں شرکت کے لیے انگلستان گئے؟

جواب : جائنٹ سروسز سٹاف کورس کے لیے۔

سوال : 1965ء کی جنگ میں کس حیثیت سے خدمات انجام دیں؟

جواب : ڈائریکٹر نیول آپریشنز کی حیثیت سے۔

سوال : پیرس میں ملٹری اتاشی کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1966ء میں۔

سوال : دسمبر 1971ء کی جنگ میں وہ کس عہدہ پر فائز تھے؟

جواب : کوڈور تھے۔

سوال : کمانڈر انچیف' وائس ایڈمرل اور چیف آف سٹاف کب بنے؟

جواب : 23 دسمبر 1971ء کو پاک بحریہ کے قائم مقام کمانڈر انچیف اور مارچ 1972ء میں وائس ایڈمرل اور چیف آف سٹاف پاکستان نیوی بنا دیئے گئے۔

سوال : وفات کب پائی؟

جواب : 1975ء میں۔

حسرت موہانی' مولانا

سوال : سید فضل الحسن حسرت موہانی کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1875ء میں۔

سوال : آپ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : موہان ضلع اناؤ (یو پی) میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : سید اظہر حسن۔

سوال : ان کا سلسلہ نسب کس سے ملتا ہے؟

جواب : امام علی موسیٰ رضا سے۔

سوال : ان کے بزرگوں سے کون سے بزرگ موہان میں آ کر آباد ہوئے۔؟

جواب : جد اعلیٰ سید محمود نیشا پوری۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : موہان ہی سے۔

سوال : اردو اعلیٰ کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب : 1894ء میں۔

سوال : فارسی کس سے پڑھی؟

جواب : مولانا ظہور الاسلام اور نیاز فتح پوری کے والد سے۔

سوال : انٹرنس کب اور کہاں سے کیا؟

جواب : 1895ء میں علی گڑھ سے۔

سوال : بی اے کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب : 1903ء میں۔

سوال : سید سجاد حیدر یلدرم اور مولانا شوکت علی سے ان کا کیا رشتہ تھا؟

جواب : ان کے رفقائے کار میں سے تھے۔

سوال : آپ نے کون سا رسالہ جاری کیا؟

جواب : ''اردوئے معلیٰ''

سوال : انقلابی سرگرمیوں کی بناء پر کئی بار پابندِ سلاسل ٹھہرے، سختیاں برداشت کیں، اس پر انہوں نے کون سا شعر کہا تھا۔

جواب :

ہے مشقِ سخن جاری چکی کی مشقت بھی
اک طرفہ تماشہ ہے حسرت کی طبیعت بھی

سوال : ان کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

جواب : ایک چھوٹی سی کریانہ کی دکان ان کا ذریعہ معاش تھی۔

سوال : حسرت نے کب اور کہاں وفات پائی؟

جواب : 13 مئی 1951ء کو لکھنو میں۔

سوال : کہاں دفن ہوئے؟

جواب : انور باغ لکھنو میں اپنے پیرو مرشد مولانا عبدالوہاب صاحب خلف الصدق مولانا عبدالرزاق صاحب فرنگی محل کی پائیتی میں دفن ہوئے۔

سوال : آپ کو کون سا خطاب دیا گیا؟

جواب : رئیس المغز کا خطاب دیا گیا۔

سوال : آپ کونسی تحریک کے حامی تھے؟

جواب : سودیشی تحریک کے۔

سوال : ان کا کلام جو آپ کو اچھا لگتا ہو؟

جواب :

کھینچ لینا وہ مرا پردے کا کونا دفعتاً
اور دوپٹے سے ترا وہ منہ چھپانا یاد ہے
دوپہر کی دھوپ میں میرے بلانے کیلئے
وہ ترا کوٹھے پہ ننگے پاؤں آنا یاد ہے

Marfat.com

حسین شہید سہروردی

سوال : حسین شہید سہروردی کب پیدا ہوئے؟

جواب : 8 دسمبر 1893ء کو مدنا پور (مغربی بنگال) میں پیدا ہوئے۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : کلکتہ اور مدراس میں۔

سوال : بی۔ ایس۔ سی کرنے کے بعد آکسفورڈ چلے گئے وہاں سے کون سی ڈگریاں حاصل کیں؟

جواب : ایم اے اور بی سی ایل کی ڈگریاں اعزاز کے ساتھ حاصل کیں۔

سوال : کلکتہ کی کن انجمنوں سے وابستہ رہے؟

جواب : تقریباً تمام مزدور انجمنوں سے وابستہ رہے۔

سوال : خلافتِ تحریک کے زمانے میں کلکتے کی خلافت کمیٹی میں کس عہدہ پر رہے؟

جواب : سیکرٹری۔

سوال : کس شہر کے ڈپٹی میئر رہے؟

جواب : کلکتہ کے۔

سوال : کتنا عرصہ بنگال کی صوبائی اسمبلی کے رکن رہے؟

جواب : 1921ء تا 1947ء۔

سوال : غیر منقسم بنگال کی کابینہ میں کن محکموں کے وزیر رہے؟

جواب : تجارت' لیبر' مالیات' صحت' دیہات سدھار اور خوراک کے محکمے مختلف اوقات میں سنبھالے۔

سوال : 1946ء میں بنگال میں وہ کس اعلیٰ عہدے پر رہے؟

Marfat.com

جواب : وزیر اعلیٰ۔

سوال : صوبائی مسلم لیگ بنگال کے کس عہدے پر رہے؟

جواب : سیکرٹری۔

سوال : عوامی مسلم لیگ کی بنیاد کب ڈالی؟

جواب : 1949ء میں اور اس کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔

سوال : وزیر قانون کب بنے؟

جواب : 20 دسمبر 1954ء کو۔

سوال : حزبِ اختلاف کے لیڈر کب بنے؟

جواب : اگست 1955ء میں جب مسلم لیگ متحدہ محاذ کی مشترکہ وزارت قائم ہوئی تو سہروردی حزب اختلاف کے لیڈر بنے۔

سوال : وزارت عظمیٰ کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب : 12 ستمبر 1956ء کو۔

سوال : 17 اکتوبر 1957ء کو مستعفی کیوں ہو گئے؟

جواب : 11 ماہ بعد دونوں پارٹیوں میں پھوٹ پڑ جانے کی وجہ سے بحران پیدا ہوا تو وہ مستعفی ہو گئے (عوامی مسلم لیگ اور کوری پبلکن پارٹی میں پھوٹ پڑ جانے کی وجہ سے)۔

سوال : ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب : 5 دسمبر 1963ء بیروت کے ایک ہوٹل میں۔

سوال : وہ کہاں دفن ہیں؟

جواب : ڈھاکہ میں۔

☆

Marfat.com

حفیظ جالندھریؔ ابوالاثر

سوال : آپ کا نام اور تخلص کیا تھا؟

جواب : نام محمد حفیظ اور تخلص حفیظؔ۔

سوال : آپ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 14 جنوری 1900ء کو۔

سوال : کس مقام پر پیدا ہوئے؟

جواب : مشرقی پنجاب کے ایک شہر جالندھر میں۔

سوال : آپ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب : راجپوت خاندان سے۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : جالندھر سے۔

سوال : اپنی تعلیم کی تکمیل کیوں نہ کر سکے؟

جواب : خاندانی حالات اور گھریلو ذمہ داریوں کی وجہ سے۔

سوال : دوسری جنگ عظیم کی خدمات کی بناء پر آپ کو کس آرگنائزیشن کا ڈائریکٹر جنرل بنادیا گیا۔

جواب : سانگ پبلسٹی آرگنائزیشن کا۔

سوال : آپ نے کس کی شاگردی اختیار کی؟

جواب : مولانا غلام قادر گرامی کی۔

سوال : 1922ء میں رسالہ ''اعجاز'' کس کی نگرانی میں جاری کیا؟

جواب : مولانا غلام قادر گرامی کی نگرانی میں۔

Marfat.com

سوال : ان کے دو اہم کارنامے کون سے ہیں؟

جواب : آپ نے پاکستان کا قومی ترانہ تحریر کیا' آزاد کشمیر کا قومی ترانہ بھی آپ ہی کا لکھا ہوا ہے۔

سوال : روس کے دورے سے آ کر کون سا سفر نامہ تحریر کیا؟

جواب : ''حفیظ تاشقند میں''

سوال : پاکستان میں کون سے اعلیٰ عہدے پر فائز رہے؟

جواب : پاکستان میں دیہی امدادی ترقی' ادارۂ تعمیر نو اور افواج میں ڈائریکٹر مورال (منتظم اخلاقیات) کی خدمات سرانجام دیں۔

سوال : آپ کی وفات کب ہوئی؟

جواب : 1982ء میں۔

سوال : آپ کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : سوز وساز' شیریں' نغمۂ زار' شاہنامۂ اسلام' افسانوں کا ایک مجموعہ' ہفت پیکر' رقاصہ' گیت اور غزلیں وغیرہ۔

سوال : ان کا کوئی مشہور شعر سنائیں؟

جواب :

تم ہی نہ سن سکے اگر قصہ غم سنے گا کون
کس کی زبان کھلے گی پھر ہم نہ اگر سنا سکے

☆

حنیف رامے' محمد

سوال : کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 15 مارچ 1930ء کو تحصیل ننکانہ (ضلع شیخوپورہ) میں۔

سوال : ایم اے کب اور کس مضمون میں کیا؟

جواب : 1952ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے اقتصادیات کا امتحان پاس کیا۔

سوال : کن انتخابات میں مسلم لیگ میں بحیثیت ریسرچ افسر ڈائریکٹر کام کرتے رہے؟

جواب : 1946ء کے انتخابات میں۔

سوال : مرکزی اردو بورڈ سے کتنا عرصہ منسلک رہے؟

جواب : 1965ء تا 1968ء۔

سوال : سیاست میں کب حصہ لیا؟

جواب : ان کے رسالہ "نصرت" کو سرکاری عتاب کا شکار ہونا پڑا چنانچہ ملازمت سے استعفیٰ دے دیا اور عملی سیاست میں حصہ لینا شروع کیا۔

سوال : اپنا اخبار "مساوات" کب جاری کیا؟

جواب : 1970ء میں۔

سوال : صوبائی وزیر خزانہ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : فروری 1972ء تا 11 مارچ 1974ء۔

سوال : وزیر اعلیٰ پنجاب کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 15 مارچ 1974ء تا 11 جولائی 1975ء۔

سوال : اسی سال پیپلز پارٹی سے علیحدگی اختیار کر کے کس پارٹی میں شامل ہو گئے؟

جواب : مسلم لیگ میں۔

سوال : کس دور میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں؟

جواب : بھٹو دور میں۔

سوال : انہوں نے مساوات پارٹی کی بنیاد کب رکھی؟

Marfat.com

جواب : اگست 1978ء میں۔

سوال : ان کی مشہور تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : باز آؤ' زندہ رہو اور دب اکبر اہم تصانیف ہیں۔

☆

حیات محمد خان شیر پاؤ

سوال : ان کی تاریخ ولادت کیا ہے؟

جواب : 1928ء میں پیدا ہوئے۔

سوال : والد محترم کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : حاجی غلام حیدر خان سرحد مسلم لیگ کے بانیوں میں سے تھے۔

سوال : انہوں نے کس کالج سے اپنی تعلیم مکمل کی؟

جواب : اسلامیہ کالج پشاور سے۔

سوال : کالج میں قیام کے دوران سرحد مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : صدر اور جنرل سیکریٹری۔

سوال : عملی سیاست میں کب سے حصہ لینا شروع کیا؟

جواب : 1961ء سے۔

سوال : 1964ء میں صدارتی انتخاب کی مہم میں کس کا ساتھ دیا؟

جواب : محترمہ فاطمہ جناح کا۔

سوال : پیپلز پارٹی میں شمولیت کب کی؟

Marfat.com

جواب : اس کے قیام کے وقت یعنی 1967ء میں۔

سوال : سرحد پیپلز پارٹی کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : یکم دسمبر 1967ء کو۔

سوال : نظر بند کب کیا گیا؟

جواب : نومبر 1968ء میں ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت نظر بند کر دیئے گئے۔

سوال : کتنا عرصہ صوبہ سرحد کے گورنر رہے؟

جواب : 26 دسمبر 1971ء تا 20 اپریل 1972ء۔

سوال : وفاقی وزیر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 2 مئی 1972ء تا فروری 1974ء۔

سوال : سرحد کابینہ میں کس حیثیت سے داخل ہوئے؟

جواب : سینئر وزیر۔

سوال : ان کا انتقال کب اور کیسے ہوا؟

جواب : 8 فروری 1975ء کو پشاور یونیورسٹی کے جلسے میں بم پھٹنے سے زخمی ہوئے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر گئے۔

☆

خان، ڈاکٹر

سوال : ڈاکٹر خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1882ء میں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کس شہر میں حاصل کی؟

جواب : پشاور میں۔

Marfat.com

سوال : ڈاکٹر کی سند کہاں سے ملی؟

جواب : میڈیکل سکول لندن سے۔

سوال : خان عبدالغفار خان سے ان کا کیا رشتہ تھا؟

جواب : بھائی تھے۔

سوال : ڈاکٹر خان نے تعلیم سے فارغ ہو کر ملازمت کہاں کی؟

جواب : انڈین آرمی میں۔

سوال : سیاست میں قدم کب رکھا؟

جواب : 1930ء میں۔

سوال : قیام پاکستان کے وقت وہ صوبہ سرحد میں کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : وزیر اعلیٰ۔

سوال : صوبہ سرحد کے پہلے وزیر اعلیٰ کون تھے؟

جواب : ڈاکٹر خان۔

سوال : وہ کتنا عرصہ اس منصب پر فائز رہے؟

جواب : 15 اگست 1947ء تا 22 اگست 1947ء۔

سوال : قائد اعظم محمد علی جناح نے ڈاکٹر خان کو وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد کے عہدے سے برطرف کیوں کیا؟

جواب : انہوں نے آزادی کی تقریب میں شرکت کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

سوال : کتنا عرصہ نظر بند رہے؟

جواب : چھ سال۔

سوال : کیا ڈاکٹر خان مرکزی وزیر مواصلات بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

Marfat.com

سوال : ان کا قتل کب ہوا؟

جواب : مئی 1958ء میں۔

☆

خدا بخش مری، جسٹس

سوال : کتنا عرصہ بلوچستان کے گورنر رہے؟

جواب : 5 جولائی 1977ء تا 18 ستمبر 1978ء۔

☆

خدیجہ مستور

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1928ء میں لکھنو میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : لکھنو میں۔

سوال : قیام پاکستان کے وقت پاکستان کے کس شہر میں آئیں؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : ان کی شادی کس مشہور صحافی اور روزنامہ امروز کے سابق چیف ایڈیٹر سے ہوئی؟

جواب : ظہیر بابر سے۔

سوال : ان کے پہلے افسانوں کے مجموعے کا نام کیا تھا؟

جواب : "کھیل"۔

Marfat.com

سوال : انہوں نے کتنے ناول لکھے؟

جواب : دو۔

سوال : خدیجہ مستور کے ناول ''آنگن'' پر انہیں آدم جی ادبی انعام کب ملا؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : خدیجہ مستور کے افسانوی مجموعے ''ٹھنڈا میٹھا پانی'' پر کون سا ایوارڈ دیا گیا؟

جواب : ''خدیجتہ الکبریٰ'' ایوارڈ۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 26 جولائی 1982ء کو لندن میں۔

سوال : ان کی مزید اہم کتب کون سی ہیں؟

جواب : بوچھاڑ' چند روز اور' تھکے ہارے اور زمین وغیرہ۔

☆

خلیق الزمان' چودھری

سوال : چودھری خلیق الزمان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 25 دسمبر 1889ء کو۔

سوال : اُن کی جائے پیدائش کونسی ہے؟

جواب : موضع چنا ضلع مرزا پور (یو۔پی)

سوال : وہ آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر کب بنے؟

جواب : 15 دسمبر 1947ء کو۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد وہ کس صوبے کے گورنر رہے؟

جواب : مشرقی پاکستان کے۔

Marfat.com

سوال : آزادی کے بعد کس اسمبلی کے مسلم لیگی اراکین کے قائد چنے گئے؟

جواب : بھارتی آئین ساز اسمبلی کے۔

سوال : قرارداد پاکستان میں ان کا کردار کیا تھا؟

جواب : آپ نے قرارداد پاکستان کی تائید کی۔

سوال : وہ پاکستان کب تشریف لائے؟

جواب : نومبر 1947ء کو۔

سوال : وہ کس اسلامی ملک میں پاکستان کے سفیر رہے؟

جواب : انڈونیشیا میں۔

سوال : تحریک خلافت کے سلسلے میں جیل میں اُن کے ساتھ کون تھا؟

جواب : پنڈت نہرو۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 18 مئی سن 1973ء کو۔

☆

خورشید، محمد، صاحبزادہ

سوال : کتنا عرصہ گورنر سرحد کے فرائض انجام دیئے؟

جواب : 16 جولائی 1949ء تا 14 جنوری 1950ء۔

☆

دلاور خان جی، نواب

سوال : نواب دلاور خانجی آف جوناگڑھ نے گورنر سندھ کا حلف کب اٹھایا؟

Marfat.com

جواب : 29فروری1976ءکو۔

سوال : انہیں گورنر سندھ کا عہدہ کس وجہ سے دیا گیا؟

جواب : جونا گڑھ کے مسٹر دلاور خان کو گورنر سندھ کی حیثیت سے مقرر کر کے حکومت نے مرحوم نواب جونا گڑھ کی ان تاریخی خدمات کا اعتراف کیا ہے جو انہوں نے اپنی ریاست کو سب سے پہلے پاکستان میں شامل کر کے ذاتی قربانی دیتے ہوئے انجام دی تھیں۔ پاکستان کے ساتھ جوناگڑھ کی سرحد ملی نہ ہونے اور اس کے الحاق کے بعد پیش آنے والے المناک واقعات سے اس حقیقت کی اہمیت کم نہیں ہوسکتی کہ یہ الحاق پاکستان کے وجود اور مستقبل میں اعتماد کا جرات مندانہ اور مخلصانہ اظہار تھا۔

سوال : وہ کب تک اس عہدے پر فرائض انجام دیتے رہے؟

جواب : 5جولائی1977ءتک۔

سوال : سندھ کے گیارہویں گورنر کون تھے؟

جواب : نواب دلاور خانجی آف جونا گڑھ۔

☆

ذوالفقار علی بھٹو

سوال : مقامِ پیدائش اور تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 5جنوری1928ءگڑھی بھٹو(لاڑکانہ سندھ) میں پیدا ہوئے۔

سوال : ان کے والد کا اسمِ گرامی کیا تھا؟

جواب : سرشاہ نواز بھٹو مشیر اعلیٰ حکومت بمبئی کے بیٹے تھے۔

سوال : 1950ء میں برکلے یونیورسٹی (کیلی فورنیا) سے کس مضمون میں گریجوایشن

Marfat.com

کیا؟

جواب : سیاسیات میں۔

سوال : اصولِ قانون میں ماسٹر کی ڈگری کب اور کس یونیورسٹی سے لی؟

جواب : 1952ء میں آکسفورڈ یونیورسٹی سے۔

سوال : بیرسٹری کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب : مڈل ٹمپل لندن سے۔

سوال : اس پہلے ایشیائی کا نام بتائیں جسے انگلستان کی ایک یونیورسٹی (ساؤتھمپٹن) میں بین الاقوامی قانون کا استاد مقرر کیا گیا؟

جواب : ذوالفقار علی بھٹو کو۔

سوال : کراچی کے کس کالج میں دستوری قانون کے لیکچرر رہے؟

جواب : مسلم کالج کراچی میں۔

سوال : وکالت کب اور کہاں سے شروع کی؟

جواب : 1953ء میں سندھ ہائی کورٹ میں وکالت شروع کی۔

سوال : 1958ء تا 1966ء کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : 1958ء تا 1960ء صدر ایوب کی کابینہ میں وزیر تجارت۔ 1960ء تا 1962ء وزیر اقلیتی امور، قومی تعمیر نو اور اطلاعات۔ 1962ء تا 1965ء وزیر صنعت و قدرتی وسائل اور امور کشمیر۔ جون 1963ء تا جون 1966ء وزیر خارجہ رہے۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی کے قیام کا اعلان کب کیا گیا؟

جواب : 30 نومبر اور یکم دسمبر 1967ء کو لاہور میں منعقدہ ایک کنونشن میں کیا گیا۔

سوال : اس کنونشن میں پارٹی کے لیے کون سے چار رہنما اصول منظور کیے گئے؟

Marfat.com

جواب : 1۔ اسلام ہمارا دین ہے۔

2۔ جمہوریت ہماری سیاست ہے۔

3۔ سوشلزم ہماری معیشت ہے۔

4۔ طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔

سوال : اس کے پہلے چیئرمین اور سیکریٹری جنرل کا نام کیا تھا؟

جواب : ذوالفقار علی بھٹو چیئرمین اور جے اے رحیم سیکریٹری جنرل مقرر ہوئے۔

سوال : اس موقعہ پر ایک سہ رکنی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی اس کے ارکان کے نام کیا تھے؟

جواب : ڈاکٹر مبشر حسن جے اے رحیم اور محمد حنیف رامے۔

سوال : جن مندوبین نے اس تاسیسی اجلاس میں شرکت کی ان کی مجموعی تعداد کیا تھی؟

جواب : اٹھائیس۔

سوال : یہ پارٹی برسرِ اقتدار کب آئی؟

جواب : سقوطِ مشرقی پاکستان کے بعد یہ پارٹی برسراقتدار آئی اور 5 جولائی 1977ء تک برسراقتدار رہی۔

سوال : یہ پارٹی دو دھڑوں میں کب بٹ گئی؟

جواب : پاکستان میں 1977ء کے مارشل لاء کے بعد۔

سوال : ذوالفقار علی بھٹو کی گرفتاری کے بعد کس کو پارٹی کا قائم مقام چیئرمین بنایا گیا؟

جواب : نصرت بھٹو کو۔

سوال : اس پارٹی کے پرچم کا رنگ کیا ہے؟

جواب : پارٹی کا پرچم تین رنگوں سرخ، سبز اور سیاہ پر مشتمل ہے۔ سیاہ حصہ میں ہلال اور پانچ کونہ ستارہ ہے۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی کا دوسرا گروپ کس کی چیئرمین شپ میں کام کر رہا ہے؟

Marfat.com

جواب : مولانا کوثر نیازی کی۔اس کے قیام کے اعلان 1978ء کی آخری سہ ماہی میں کیا گیا یہ پاکستان پیپلز پارٹی برل گروپ کے نام سے مشہور ہے۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی نے مغربی پاکستان میں نمایاں کامیابی کب حاصل کی؟

جواب : 1970ء کے عام انتخابات میں۔

سوال : ذوالفقار علی بھٹو پاکستان کے صدر کب بنے؟

جواب : دسمبر 1971ء میں جنرل یحییٰ خان نے پاکستان کی عنانِ حکومت بھٹو کو سونپ دی۔ وہ 20 دسمبر 1971ء تا 13 اگست 1973ء صدر مملکت کے عہدے پر فائز رہے۔

سوال : بھٹو نے نئے آئین کے تحت وزیر اعظم کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 14 اگست 1973ء کو۔

سوال : جنرل محمد ضیاء الحق نے مارشل لاء کیوں نافذ کیا؟

جواب : 1977ء کے عام انتخابات میں دھاندلیوں کے سبب ملک میں خانہ جنگی کی سی کیفیت پیدا ہوگئی ۔ اس لیے 5 جولائی 1977ء کو جنرل ضیاء الحق نے مارشل لاء نافذ کر دیا اور بھٹو حکومت ختم ہوگئی۔

سوال : ستمبر 1977ء کو مسٹر بھٹو کو کس کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا؟

جواب : نواب محمد احمد خان کے قتل کے الزام میں۔

سوال : ہائی کورٹ نے انہیں سزائے موت کا حکم کب سنایا؟

جواب : 18 مارچ 1978ء کو۔

سوال : سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے فیصلے کی توثیق کب کی؟

جواب : 6 فروری 1979ء کو۔

سوال : بھٹو کو راولپنڈی جیل کے تختہ دار پر کب لٹکایا گیا؟

Marfat.com

جواب : 4اپریل 1979ء کو۔

سوال : انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

جواب : انہیں ان کے آبائی گاؤں گڑھی خدا بخش (لاڑکانہ) میں دفن کیا گیا۔

☆

رابرٹ فرانسس موڈی

سوال : موڈی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 24اگست 1890ء کو ڈنڈی میں۔

سوال : تعلیم کہاں سے مکمل کی؟

جواب : ایڈنبرا اور کیمبرج میں۔

سوال : انڈین سول سروس میں (یو۔ پی۔ میں) شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 1914ء میں۔

سوال : گول میز کانفرنس کے سیکرٹری کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1930ء تا 1931ء۔

سوال : 1931ء تا 1936ء کن علاقوں کے کلکٹر رہے؟

جواب : الہ آباد، بلند شہر اور کانپور کے۔

سوال : مرکزی سیکرٹریٹ سے وابستگی کب رہی؟

جواب : 1936ء تا 1937ء۔

سوال : آگرہ میں کلکٹر کے عہدہ پر فائز کب رہے؟

جواب : 1937ء تا 1938ء۔

سوال : 1938ء تا 1939ء اور 1939ء تا 1943ء کن عہدوں پر فائز رہے؟

Marfat.com

جواب : 1938ء تا 1939ء صوبائی حکومت کے ریونیو سیکرٹری اور 1939ء تا 1943ء چیف سیکرٹری رہے۔

سوال : بہار کے قائم مقام گورنر کب رہے؟

جواب : 1943ء تا 1944ء۔

سوال : وائسرائے کی کونسل کے رکن کب رہے؟

جواب : 1946ء تا 1947ء۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی کے پہلے چانسلر (قیام پاکستان کے بعد) کون رہے؟

جواب : سرفرانسس موڈی۔

سوال : سندھ کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1946ء تا 1947ء یعنی قیام پاکستان سے پہلے۔

سوال : پنجاب کے گورنر کب بنے؟

جواب : اگست 1947ء میں۔

سوال : گورنر پنجاب کے عہدے سے سبکدوش کب ہوئے؟

جواب : 15 اگست 1949ء کو۔

سوال : 1952ء تا 1954ء کس ملک میں برطانوی اقتصادی مشن کے صدر رہے؟

جواب : یوگوسلاویہ۔

سوال : 1954ء اور 1959ء میں کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : 1954ء میں ملایا میں ربڑ کی صنعت پر تحقیقاتی کمیشن کے چیئرمین۔ 1959ء میں آئل آف مین کے آئینی کمیشن کے رکن رہے۔

سوال : کس موضوع پر ایک کتاب بھی لکھی؟

جواب : زرعی قرضوں پر۔

راشد منہاس، پائلٹ آفیسر شہید (نشان حیدر)

سوال : آپ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 17 فروری سن 1951ء میں۔

سوال : کس شہر میں آپ کی ولادت ہوئی؟

جواب : کراچی میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ جہاز کی حفاظت کرتے ہوئے کس طرح اپنے وطن عزیز پر قربان ہو گئے؟

جواب : 20 اگست 1971ء کو جب وہ ابھی زیر تربیت تھے وہ اپنی معمول کی پرواز کے لیے جہاز کو رن وے پر لئے جا رہے تھے کہ ناگاہ ایک انسٹرکٹر مطیع الرحمٰن جہاز کے کاک پٹ میں زبردستی گھس آیا اور کنٹرول کو اپنے ہاتھ میں لے کر جہاز کو بلند کر دیا۔ راشد منہاس کو جیسے ہی اس بات کا احساس ہوا کہ مداخلت کار ہوا باز بھارت کا رخ کر رہا ہے تو انہوں نے جہاز کے کنٹرول پر قابو پانے کی کوشش کی مگر مداخلت کار کے تجربے اور مہارت کے سامنے ان کی کوشش کارگر نہ ہو سکی، جب بھارت کی سرحد صرف چالیس میل دور رہی تو منہاس نے ایک مرتبہ پھر جہاز کے رخ کو پاکستان میں اپنے رن وے کی طرف موڑنے کی زبردست کوشش کی مگر جب انہوں نے اس جدوجہد کو لاحاصل پایا تو راشد نے وہ واحد آبرومندانہ راہ اختیار کی جس کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا وہ جہاز کے کنٹرول پر یکبارگی کچھ اس طرح جھپٹے کہ ہوا باز بے بس ہو گیا اور طیارہ سرحد سے 32 میل ادھر گر کر تباہ ہو گیا منہاس کو معلوم تھا کہ ان کا یہ اقدام یقینی طور پر ان کی اپنی موت کا باعث ہو گا۔

سوال : پاکستان کا نشانِ حیدر حاصل کرنے والے سب سے کم سن جانباز کا نام بتائیں؟

Marfat.com

جواب : پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشانِ حیدر)

سوال : آپ کو نشان حیدر کب دیا گیا؟

جواب : 29 اگست سن 1971ء کو دیا گیا۔

☆

رحمٰن عطاءؔ ڈاکٹر

سوال : کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1942ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کا سفر کہاں سے شروع ہوا اور کہاں تک پہنچا؟

جواب : 1951ء میں کراچی گرائمر سکول میں داخلہ لیا۔ 1958ء میں جونیئر کیمبرج کے امتحان میں اول آئے۔ 1960ء میں سینئر کیمبرج میں بھی پہلی پوزیشن حاصل کی ازاں بعد کراچی یونیورسٹی میں بی ایس سی آنرز کیمسٹری میں داخلہ لیا۔ 1963ء میں یہ امتحان بھی پاس کر لیا۔ 1964ء میں نامیاتی کیمسٹری کا امتحان اول درجے میں پاس کیا۔ 1965ء میں انہیں سائنس میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے تین وظائف پیش کیے گئے۔ چنانچہ وہ کیمبرج یونیورسٹی (انگلستان) کے کنگز کالج میں داخل ہو گئے اور اس طرح کنگز کالج کیمبرج میں ڈاکٹر یارلی میسن کی نگرانی میں نامیاتی کیمیا کے مضمون میں تحقیق کر کے ڈاکٹریٹ میں کامیابی حاصل کی۔

سوال : ان کے تحقیقی مقالہ کا موضوع کیا تھا؟

جواب : سدا بہار کے پتوں میں موجود سرطان کی بعض اقسام میں مفید ثابت ہونے والے عنصر کو مصنوعی طور پر تیار کرنا تھا۔

Marfat.com

سوال : وہ کراچی یونیورسٹی میں کتنا عرصہ تحقیق و تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے؟

جواب : ستمبر 1971ء تا 1972ء۔

سوال : ستمبر 1973ء میں کس کے کہنے پر مستقل کراچی میں رہائش اختیار کی؟

جواب : ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی کے کہنے پر۔

سوال : کینسر کی دوا کے موجد کا نام بتائیں؟

جواب : پاکستانی نامور سائنسدان ڈاکٹر رحمٰن عطاء۔

سوال : انہوں نے کس موضوع پر ایک کتاب بھی لکھی؟

جواب : کیمسٹری کے موضوع پر۔

سوال : آجکل (1991) میں کیا خدمات انجام دے رہے ہیں؟

جواب : کراچی یونیورسٹی کے حسین ابراہیم انسٹی ٹیوٹ میں کیمسٹری میں تحقیق و تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

☆

رحمان گل، لیفٹیننٹ (ریٹائرڈ) جنرل

سوال : رحمان گل کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 25 اگست 1918ء کو کوہاٹ میں پیدا ہوئے۔

سوال : فوجی تربیت کہاں پر حاصل کی؟

جواب : ملٹری کالج سرائے عالمگیر میں۔

سوال : کمیشن کب اور کہاں سے حاصل کیا؟

جواب : 1941ء میں ڈیرہ دون انڈین ملٹری اکیڈمی سے کمیشن حاصل کیا۔

سوال : سات سال تک کس بٹالین میں مختلف عہدوں پر خدمات انجام دیتے رہے؟

Marfat.com

جواب : ایف۔ ایف رائفلز کی بٹالین میں۔

سوال : 1949ء اور 1950ء میں کن عہدوں پر ترقی ملی؟

جواب : 1949ء میں انہیں انفنٹری بریگیڈ میں بریگیڈ میجر اور 1950ء میں لیفٹیننٹ کرنل کے عہدوں پر ترقی ملی۔ نومبر 1950ء میں جنرل ہیڈ کوارٹرز میں جنرل سٹاف آفیسرز مقرر ہوئے۔

سوال : فرنٹیئر کور کے انسپکٹر جنرل کب بنے؟

جواب : 1958ء میں۔

سوال : ڈپٹی چیف آف جنرل سٹاف کی حیثیت سے انہیں جنرل ہیڈ کوارٹرز میں واپس کب بلایا گیا؟

جواب : 1963ء میں۔

سوال : ان کا تقرر ملٹری سیکرٹری کی حیثیت سے کب ہوا؟

جواب : 1964ء میں۔

سوال : گورنر سندھ کے عہدہ پر کتنا عرصہ فائز رہے؟

جواب : یکم جولائی 1970ء تا 24 دسمبر 1971ء صوبہ سندھ کے گورنر رہے وہ متعدد قومی اعزاز بھی حاصل کر چکے ہیں۔

☆

رحمت علی، چودھری

سوال : چودھری رحمت علی کا سن ولادت بتائیں؟

جواب : 1893ء۔

سوال : اُن کی ولادت کہاں ہوئی؟

جواب : شنکر ضلع ہوشیار پور میں۔

سوال : پاکستان کا نام پاکستان کس نے رکھا؟

جواب : چودھری رحمت علی نے۔

سوال : اُنہوں نے میٹرک کہاں سے کیا؟

جواب : جالندھر سے۔

سوال : اُنہوں نے بی۔اے کب اور کہاں سے کیا؟

جواب : 1919ء میں اسلامیہ کالج سے۔

سوال : اُنہوں نے لندن سے کونسا ہفت روزہ جاری کیا؟

جواب : "پاکستان"

سوال : وہ لاہور میں کس اخبار کے "مدیر" رہے؟

جواب : کشمیری اخبار کے۔

سوال : اُنہوں نے قانون کی ڈگری کس ملک سے لی؟

جواب : لندن سے۔

سوال : "اب یا کبھی نہیں۔" (Now or never) نامی پمفلٹ رحمت علی نے کب لکھا تھا؟

جواب : 28 جنوری 1933ء کو۔

سوال : کیا قیامِ پاکستان کے بعد وہ پاکستان آئے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : اُن کا انتقال کب ہوا؟

جواب : فروری 1951ء میں۔

سوال : اُن کے جسد خاکی کو بطور امانت کس یونیورسٹی کے احاطہ میں دفن کیا گیا؟

Marfat.com

جواب : کیمبرج یونیورسٹی کے احاطہ میں۔

سوال : اُن کی قبر کا نمبر کیا ہے؟

جواب : 8330۔

☆

رسول بخش تال پور، میر

سوال : رسول بخش کب پیدا ہوئے؟

جواب : ستمبر 1920ء میں ٹنڈو میر محمود (حیدر آباد) میں۔

سوال : کتنی عمر میں میونسپل کمیٹی حیدر آباد کے چیئرمین مقرر ہوئے؟

جواب : 21 سال کی عمر میں۔

سوال : حیدر آباد ٹریڈ یونینز کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : دس سال۔

سوال : پیپلز پارٹی سندھ کے چیئرمین کب بنے؟

جواب : 1967ء میں۔

سوال : حیدر آباد کے حلقہ سے صوبائی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1970ء کے عام انتخابات میں۔

سوال : کیا وہ پیپلز پارٹی کمیٹی کے مرکزی رہنما بھی رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : گورنر سندھ کے سینئر مشیر کب بنے؟

جواب : 20 اپریل 1972ء کو۔

سوال : گورنر سندھ کتنا عرصہ رہے؟

Marfat.com

جواب : 13فروری 1973ء۔

سوال : پیپلز پارٹی سے علیحدگی کیوں اختیار کی؟

جواب : چیئرمین سے اختلافات کی بناپر۔

☆

رضی الدین صدیقی' ڈاکٹر

سوال : رضی الدین صدیقی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 2جنوری 1908ء کو حیدر آباد دکن میں۔

سوال : بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : عثمانیہ یونیورسٹی سے 1925ء میں۔

سوال : کیمبرج یونیورسٹی سے 1928ء میں کس مضمون میں ایم اے کیا؟

جواب : ریاضی میں۔

سوال : پی ایچ ڈی کی ڈگری کب اور کہاں سے حاصل کی؟

جواب : 1931ء میں لیپزگ یونیورسٹی (جرمنی) سے۔

سوال : عثمانیہ یونیورسٹی میں ریاضی اور طبیعات کے استاد کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1931ء میں۔

سوال : ڈائریکٹر ریسرچ اور وائس چانسلر کی حیثیت سے کہاں کہاں خدمات انجام دیں؟

جواب : پشاور' صوبہ سندھ اور اسلام آباد میں۔

سوال : ایٹمی توانائی کے کمیشن میں کیا عہدہ ملا؟

جواب : رکن کا۔

سوال : وزارت سائنس میں کس عہدے پر فائز ہیں؟

Marfat.com

جواب : سائنسی امور کے سربراہ ہیں۔

سوال : رضی الدین صدیقی نے ریاضی، طبیعات، مسئلہ تعلیم اور اقبالیات پر کتنی کتب رقم کیں ہیں؟

جواب : تقریباً ایک درجن۔

☆

رعنا لیاقت علی خان، بیگم

سوال : ان کی جائے پیدائش کون سی ہے؟

جواب : 1910ء لکھنو میں۔

سوال : دائرہ اسلام میں کب داخل ہوئیں؟

جواب : اپریل 1933ء میں۔

سوال : کس مذہب سے اسلام میں داخل ہوئیں؟

جواب : ہندو مذہب سے۔

سوال : نوابزادہ لیاقت علی خان کی کون سی بیوی تھیں؟

جواب : دوسری۔

سوال : انہوں نے بی اے کس کالج سے کیا؟

جواب : ازابیلہ تھوبرن کالج لکھنو سے۔

سوال : ''کاٹیج انڈسٹریز ایسوسی ایشن'' کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : 22 فروری 1949ء کو انہوں نے خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے کس تنظیم کی بنیاد رکھی؟

Marfat.com

جواب : ''اپوا'' (آل پاکستان وومنز ایسوسی ایشن) کی۔

سوال : کن ممالک میں پاکستان کی سفیر رہیں؟

جواب : تیونس، اٹلی اور انڈونیشیا وغیرہ میں۔

سوال : 1965ء میں ''وومن آف دی ورلڈ'' کا خطاب کسے ملا؟

جواب : بیگم رعنا لیاقت علی خان کو۔

سوال : 1961ء میں کس ملک نے انہیں ''گرینڈ کراس آف اورنج نساؤ'' کا اعزاز دیا؟

جواب : ہالینڈ نے۔

سوال : ان کے بیٹوں کے نام کیا ہیں؟

جواب : اشرف لیاقت علی اور اکبر لیاقت علی۔

سوال : انہوں نے کن دو مضامین میں ایم اے کیا؟

جواب : اقتصادیات اور سوشیالوجی میں۔

سوال : ''وومنز نیشنل گارڈ'' کب اور کس شہر میں قائم ہوئی؟

جواب : 1948ء میں لاہور میں۔

سوال : حکومت پاکستان نے ان کو 1959ء میں کون سا اعزاز دیا؟

جواب : ''نشانِ امتیاز''۔

سوال : انٹرنیشنل ایوارڈز پاکستان میں سب سے پہلے کسے ملا؟

جواب : بیگم رعنا لیاقت علی خان کو۔

سوال : 1950ء میں ان کو ''پاکستان کی ماں'' کس ملک میں کہا گیا؟

جواب : امریکہ میں۔

سوال : پاکستان کے کس صوبے کی پہلی خاتون گورنر مقرر ہوئیں؟

Marfat.com

جواب : صوبہ سندھ کی۔(29فروری1976ء تا5جولائی1970ء)۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 13جولائی 1990ء کو۔

☆

رحیم الدین خان، جنرل (ریٹائرڈ)

سوال : قائم مقام گورنر کی حیثیت سے کتنا عرصہ سندھ کے گورنر رہے؟

جواب : 24جون 1988ء تا 10 ستمبر 1988ء۔

☆

ریاض حسین لیفٹیننٹ جنرل

سوال : ریاض حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب : 4جنوری1920ء کو۔

سوال : ان کا مقام پیدائش کونسا ہے؟

جواب : فیصل آباد۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : فیصل آباد میں۔

سوال : بی۔اے کہاں سے حاصل کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : فوج میں کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : دسمبر 1941ء میں۔

Marfat.com

سوال : جنگ عظیم دوم میں کس محاذ پر حصہ لیا؟

جواب : برما کے محاذ پر۔

سوال : پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1956ء میں پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نامزد ہوئے وہ بے پناہ انتظامی صلاحیتوں کے مالک تھے۔ اسی بنا پر ان کی سربراہی میں پاکستان کی ٹیم نے 1960ء کے روم اولمپکس میں پہلی بار عالمی ہاکی چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔1962ء میں پہلی بار عالمی ہاکی چمپئین ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔1962ء میں جکارتہ میں ہونے والے ایشیائی کھیلوں میں بھی پاکستان کی ہاکی ٹیم نے چیمپئین شپ جیت لی۔

سوال : گورنر بلوچستان کے عہدہ پر کتنا عرصہ خدمات انجام دیں؟

جواب : یکم جولائی 1970ء تا 21 دسمبر 1971ء۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 5 فروری 1973ء کو کراچی میں وفات پائی۔

☆

ساغر صدیقی

سوال : ساغر کا سن ولادت کیا بتایا جاتا ہے؟

جواب : 1928ء۔

سوال : ان کی جائے پیدائش کونسی ہے؟

جواب : انبالہ (مشرقی پنجاب)

سوال : ساغر کا اصل نام کیا تھا؟

Marfat.com

جواب : محمد اختر۔

سوال : ابتدائی فلمی نام کیا تھا؟

جواب : ناصر حجازی۔

سوال : آپ نے کس بزرگ سے فیض حاصل کیا؟

جواب : ایک چالیس پچاس سالہ بزرگ سے تعلیم حاصل کی جن کا نام حبیب حسن تھا۔

سوال : 1944ء میں امرتسر میں کس جگہ آپ مشاعرے میں بہت جایا کرتے تھے؟

جواب : جامعہ السنہ ہال بازار میں جو علوم شرقیہ کی بہترین درسگاہ تھی' ماہانہ طرحی مشاعرے ہوتے تھے جن میں شرکت کرنا ان کے لیے بڑی خوشی کی بات تھی۔

سوال : قیام پاکستان کے وقت ساغر کی عمر کیا تھی اور وہ کب پاکستان آئے تھے؟

جواب : قیام پاکستان کے وقت ساغر کی 19 برس تھی اور تقسیم پاکستان 1947ء کو ساغر صدیقی پاکستان آئے۔

سوال : ساغر صدیقی کے ادبی دوست کون کون سے تھے؟

جواب : امین گیلانی' لطیف خلیل' ظہیر کاشمیری' احمد راہی' مرزا جانباز۔

سوال : ساغر صدیقی کن ادبی شخصیات کے بے حد احترام کرتے تھے؟

جواب : ساحر لدھیانوی' نریش کمار' شاد مرحوم' لطیف گرداسپوری ان شخصیات کے احترام کا ساغر نے برملا اظہار کیا۔

سوال : کیا ساغر صدیقی نے فلموں کے لیے گانے لکھے؟

جواب : جی ہاں۔۔۔۔ مندجہ ذیل فلموں کے گانے ساغر نے لکھے 1۔انوکھی داستان۔ 2۔جبرو 3۔شالیمار۔4۔باپ کا گناہ۔5۔دو آنسو۔6۔باغی۔ 7۔انجام۔ 8۔غلام۔ 9۔سرفروش۔

سوال : کیا ساغر صدیقی نے پاکستان کا قومی ترانہ لکھا؟

Marfat.com

جواب : ساغر صدیقی نے حفیظ جالندھری صاحب کے ترانے سے پہلے پاکستان کا قومی ترانہ لکھا، کشمیر کی حسین وادیوں میں فلمایا اور اپنی ہی آواز میں گایا اور ریجنٹ سینما میں سب سے پہلے دکھایا گیا۔ ترانے کے بول تھے۔ سلام اے قائداعظم حکومت نے اس ترانے کو پاس نہ کیا۔

سوال : ساغر صدیقی کس رسالے کے ایڈیٹر بھی رہے؟

جواب : ساغر صدیقی ہفت روزہ "تصویر" کے ایڈیٹر بھی رہے۔

سوال : ساغر صدیقی نے ذاتی طور پر کونسا فلمی اخبار نکالا؟

جواب : ہفت روزہ تصویر بند ہونے کے بعد ساغر صدیقی نے اپنا فلمی اخبار نکالا مگر وسائل کی کمی کی وجہ سے اور دوستوں کے عدم تعاون کی وجہ سوا پانچ روپے میں فروخت کر دیا۔

سوال : پاکستان آنے کے بعد ساغر صدیقی نے کس طرح زندگی گزاری؟

جواب : تقسیم ہند کے بعد ساغر صدیقی شعر لکھتا تھا شعر پڑھتا تھا، شعر کھاتا تھا اور شعر پیتا تھا۔۔۔اس کی فنی قابلیت کی کسی نے بھی پذیرائی نہ کی وہ تمام عمر ادبی اجارداری کا رونا روتا رہا مگر کوئی اس کا پرسان حال نہ تھا۔ پانچ پانچ روپے کے عوض اپنی غزلیں بیچ کر اپنی زندگی کی گاڑی کو چلاتا تھا فٹ پاتھوں پر اپنی زندگی کا اختتام کیا۔ لوگوں کی بے انتہا داد حاصل کرنے کے باوجود ادب کے ٹھیکیداروں کے زیر عتاب رہا۔

سوال : ساغر صدیقی کو ادبی طور پر کیسا شاعر کہا جاتا ہے؟

جواب : ساغر صدیقی کو درویش شاعر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ساغر کو میر تقی میر کے بعد درد کا سفیر کہنا بے جا نہ ہوگا۔

سوال : مہدی حسن نے ساغر صدیقی کی کونسی غزل اس کی زندگی میں گائی؟

Marfat.com

جواب : مہدی حسن نے جو ساغر صدیقی کی غزل اس کی زندگی میں گائی اس کا مطلع ہے۔ چراغ طور جلاؤ بڑا اندھیرا ہے۔

سوال : ساغؔر صدیقی کی تخلیقات کون کونسی ہیں؟

جواب : لوحِ جنوں، شیشہ دل، غمِ بہار، شب آگہی، مقتلِ گل، سبز گنبد نعتیہ مجموعہ ہیں۔ ساغؔر صدیقی کی غزلوں کا مجموعہ کلیات ساغر کے نام سے بھی چھپ چکا ہے ۔حضرت سلطان باہو کے دوہوں کا اردو شعر میں ترجمہ پنجاب کے شعری ادب پاروں میں سوہنی مہینوال کا اردو ترجمہ کیا تھا۔ لیکن پورا شعری ترجمہ کہیں محفوظ نہیں اس کا ابتدائی حصہ ابھی دستیاب ہوا ہے۔

سوال : ساغؔر صدیقی کے مرنے کے بعد کس ادیب نے اس کے حالات زندگی پر دو کتابیں لکھی ہیں؟

جواب : یونس ادیب نے ساغر صدیقی کی زندگی پر تحریر کی ہیں۔ ساغر صدیقی کی شخصیت، فن اور کلام 2۔شکستِ ساغر۔

سوال : ساغؔر صدیقی کو کس صدر پاکستان نے اپنے پاس بلایا تھا مگر اس نے جانے سے انکار کر دیا کیوں؟

جواب : صدر ایوب مرحوم نے ساغر صدیقی کے فن سے متاثر ہو کر اپنے پاس بلایا مگر ساغر صدیقی کی انا نے گوارانہ کیا کہ کوئی بھیک دینے کے لیے بلائے اور چلا جاؤں ۔صدر کے پاس جانے کی بجائے سگریٹ کی ڈبی اٹھا کر فقط یہ شعر لکھ کر بھیج دیا۔

ہم سمجھتے ہیں ذوق سلطانی
کھلونوں سے بہل جایا کرتے ہیں

سوال : قطعہ تاریخ وفات ساغر صدیقی کس شاعر نے لکھا؟

Marfat.com

جواب : ساغر صدیقی کا قطعہ وفات یزدانی جالندھری نے لکھا۔

سوال : ساغر صدیقی کی تاریخ وفات تحریر کریں اور وہ کہاں دفن ہوئے؟

جواب : ساغر صدیقی 19 جولائی 1974ء کو خاموشی کے ساتھ شہر خاموشاں لاہور میانی صاحب میں دفن ہوئے اور بارونق شہر لاہور کو بھی شہر جاموت کر گئے۔

سوال : ساغر صدیقی نے کتنی عمر پائی؟

جواب : 46 سال کی عمر میں وفات پائی۔

☆

سعادت حسن منٹو

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1912ء میں سمرالہ ضلع لدھیانہ میں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : امرتسر میں۔

سوال : مزید تعلیم کے لیے کس یونیورسٹی کا رخ کیا؟

جواب : علی گڑھ یونیورسٹی کا۔

سوال : کیا سعادت حسن منٹو نے علی گڑھ یونیورسٹی سے ڈگری لی؟

جواب : جی نہیں! تعلیم مکمل نہیں کر پائے تھے۔

سوال : کیا وہ آل انڈیا ریڈیو سے وابستہ رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : بمبئی میں کیا کام کرتے رہے؟

جواب : متعدد فلمی رسالوں کی ادارت کی اور فلمی کہانیاں لکھیں اس کے علاوہ "ہفت روزہ"

Marfat.com

''مصور'' کے مدیر بھی رہے۔

سوال : ان پر کن افسانوں میں فحش لکھنے پر مقدمہ چلا؟

جواب : ٹھنڈا گوشت اور کھڑکی کھول دو۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 18 جنوری 1955ء کو لاہور میں۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : ٹھنڈا گوشت' کھڑکی کھول دو' گنجے فرشتے' یزید' نمرود کی خدائی' خالی بوتلیں' خالی ڈبے' سڑک کے کنارے' بادشاہت کا خاتمہ' سرکنڈوں کے پیچھے' کالی شلوار' جنازے' کروٹ' نور جہاں' سرور جہاں' منٹو کے ڈرامے' سیاہ حاشیے' تلخ ترش شریں' اوپر نیچے اور درمیان پھندے' شکاری عورتیں' لاؤڈ سپیکر اور سرگزشتِ اسیر وغیرہ۔

☆

سکندر مرزا' میجر جنرل

سوال : ان کا سن پیدائش کیا ہے؟

جواب : 13 نومبر 1899ء کو بمبئی میں۔

سوال : تعلیم کس کالج میں حاصل کی؟

جواب : الفسٹن کالج بمبئی میں تعلیم پائی۔ کالج کی تعلیمی زندگی میں ہی رائل ملٹری کالج سینڈ پرسٹ میں داخلہ مل گیا۔

سوال : رائل ملٹری کالج سے کامیاب ہو کر واپس ہندوستان کب پہنچے؟

جواب : 1919ء میں۔

سوال : 1921ء میں کوہاٹ کے مقام پر دوسری سکاٹش رائفل رجمنٹ میں شریک ہو کر کس لڑائی میں حصہ لیا؟

جواب : خداداد خیل کی لڑائی میں۔

سوال : وزیرستان کی لڑائی میں کب شریک ہوئے؟

جواب : 1924ء میں۔

سوال : 1922ء تا 1924ء کس رجمنٹ میں رہے؟

جواب : پونا یارس رجمنٹ میں جس کا صدر مقام جھانسی تھا۔

سوال : انڈین پولیٹیکل سروس کے لیے کب منتخب ہوئے اور کن علاقوں میں بطور اسسٹنٹ کمشنر کام کیا؟

جواب : 1924ء میں انڈین پولیٹیکل سروس کے لیے منتخب ہوئے اور ایبٹ آباد' بنوں' نوشہرہ اور ٹانک میں بطور اسسٹنٹ کمشنر کام کیا۔

سوال : 1931ء تا 1936ء کن علاقوں میں ڈپٹی کمشنر رہے؟

جواب : ہزارہ اور ٹانک میں۔

سوال : خیبر میں پولیٹیکل ایجنٹ کب مامور ہوئے؟

جواب : 1938ء میں۔

سوال : پشاور کے ڈپٹی کمشنر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1940ء میں اور 1945ء تک رہے پھر ان کا تبادلہ اڑیسہ میں کر دیا گیا۔

سوال : حکومت ہند کی وزارت دفاع میں جائنٹ سیکریٹری کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد حکومت پاکستان کی وزارت دفاع کے پہلے سیکرٹری کون نامزد ہوئے؟

Marfat.com

جواب : سکندر مرزا۔

سوال : مشرقی پاکستان کے گورنر کب بنے؟

جواب : 31 مئی 1954ء کو۔

سوال : ملک غلام محمد نے اپنی صحت کی خرابی کی بناء پر سکندر مرزا کو قائم مقام گورنر جنرل کب بنایا؟

جواب : 6 اگست 1955ء کو۔

سوال : پورے اختیارات کے ساتھ گورنر جنرل کب بنے؟

جواب : 6 اکتوبر 1955ء کو۔

سوال : کب تک اس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 22 مارچ 1956ء تک۔

سوال : اسلامی جمہوریہ پاکستان کے پہلے صدر کب اور کون منتخب ہوئے؟

جواب : سکندر مرزا 5 مارچ 1956ء کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے پہلے صدر منتخب ہوئے اور 23 مارچ 1956ء کو اس عہدے پر فائز ہوئے۔

سوال : انہیں صدارت سے برطرف کب ہونا پڑا؟

جواب : 7 اکتوبر 1958ء کو سیاسی بحران کے سبب ملک میں مارشل لاء نافذ کیا گیا۔ 27 اکتوبر 1958ء کو مارشل لاء کے چیف مارشل ایڈمنسٹریٹر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے انہیں برطرف کر دیا۔

سوال : سکندر مرزا ملک چھوڑ کر کہاں چلے گئے تھے؟

جواب : ملک چھوڑ کر اپنی بیگم کے ہمراہ لندن چلے گئے۔

سوال : انہوں نے وفات کب پائی؟

جواب : 13 نومبر 1969ء کو۔

Marfat.com

سوال : ان کی وصیت کے مطابق انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

جواب : ایران کے شاہی قبرستان' تہران میں۔

☆

سرفراز خان' میجر جنرل

سوال : سرفراز خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1912ء میں پنڈی گھیپ ضلع اٹک میں۔

سوال : تاریخ میں ایم اے کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : فوج میں کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : جنگ عظیم دوم میں ان کا کردار کیا تھا؟

جواب : برما میں جنگی خدمات انجام دیں اور ملٹری کراس حاصل کیا۔

سوال : قیام پاکستان کے وقت وہ کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : کرنل تھے۔

سوال : 1947ء 1948ء میں کس محاذ پر جنگ میں حصہ لیا؟

جواب : کشمیر کے محاذ پر۔

سوال : سنٹو میں پاکستان کی نمائندگی کب کی؟

جواب : 1960ء تا 1963ء میں اور تین سال تک سنٹو کے ملٹری گروپ کے چیرمین بھی رہے۔

سوال : 1964ء میں لندن کے کس کالج سے گریجویشن کی؟

Marfat.com

جواب : امپریل ڈیفنس کالج سے۔

سوال : وطن کب واپس آئے؟

جواب : فروری 1965ء میں اور لاہور چھاؤنی کے ایریا میں کمانڈر مقرر ہوئے۔

سوال : ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں لاہور کا موثر دفاع کرنے کے صلے میں کونسا اعزاز ملا؟

جواب : ''ہلال جرأت''۔

سوال : فوج سے ریٹائر کب ہوئے؟

جواب : 1966ء میں۔

سوال : سوئی ناردرن گیس کمپنی میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : وائس چیئرمین۔

سوال : 1970ء میں لاہور سے کس پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی میں حصہ لیا مگر ناکام ہونا پڑا؟

جواب : پاکستان جمہوری پارٹی کے ٹکٹ پر۔

سوال : انہیں شام میں پاکستان کا سفیر کب مقرر کیا گیا؟

جواب : 1977ء میں۔

☆

سرور شہید، کیپٹن محمد (نشان حیدر)

سوال : کیپٹن محمد سرور کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1910ء میں۔

سوال : آپ کی جائے پیدائش کونسی ہے؟

Marfat.com

جواب : ضلع راولپنڈی کے ایک گاؤں سنگھوری میں پیدا ہوئے؟

سوال : پاک فوج میں بھرتی کب ہوئے؟

جواب : 1927ء میں۔

سوال : پنجاب رجمنٹ میں کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : کشمیر کی لڑائی کے دوران کونسی کمپنی کی کمان سنبھالی؟

جواب : کشمیر کی لڑائی کے دوران پنجاب رجمنٹ کی دوسری بٹالین کی ایک کمپنی کی کمان ان کے ہاتھ میں تھی۔

سوال : میدان جنگ میں اپنی شجاعت کے جوہر دکھلاتے ہوئے وطن پر قربان ہونے کی روداد بیان کریں۔

جواب : 27جولائی سن 1948ء کو جب اوڑی سیکٹر میں دشمن کے ایک نہایت مضبوط مورچوں کی طرف پیش قدمی کر رہے تھے اور ان کی کمپنی دشمن کی پوزیشن سے کوئی پچاس گز کے فاصلے پر تھی کہ وہ مشین گن دستی بموں اور مارٹروں کی زبردست فائرنگ کی زد میں آ گئی جس سے بہت نقصان ہوا اور پیش قدمی میں رکاوٹ پیدا ہوگئی اس مرحلے پر غیر معمولی ذاتی شجاعت اور قیادت کا مظاہرہ کرتے ہوئے کیپٹن سرور شہید دشمن کے ایک بازو سے گزر کر اپنی ایک ''پلاٹون'' کو غنیم کے ''بنکروں'' سے بیس گز سے بھی کم فاصلے تک لے گئے یہاں خاردار تاروں کی رکاوٹ تھی مگر ان رکاوٹوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے وہ اپنی بقیہ کمپنی کو بھی آگے لے آئے اور دشمن کی مشین گنوں کو دستی بموں کی بوچھاڑ سے خاموش کردیا ان کا دایاں شانہ زخمی ہو چکا تھا۔ دشمن گولیوں کی بوچھاڑ کر رہا تھا مگر وہ ہراساں نہ ہوئے اور اس حالت میں انہوں نے اپنی

پلاٹون کے ایک شہید بندوقچی کی برین گن اٹھالی اور اس کے اجتماع پر گولیاں برسانے لگے بعد ازاں وہ اپنے چھ جوانوں کو لے کر خاردار تاروں کو کاٹنے کے لیے آگے بڑھ رہے تھے کہ دشمن کے خود کار ہتھیاروں سے نکلتی ہوئی گولیوں کی ایک بوچھاڑ ان کا سینہ چھلنی کر گئی اس طرح یہ عظیم مجاہد اپنی عظمت کا لوہا منوا گیا۔

سوال : سب سے پہلے پاکستان کے اعلیٰ ترین اعزاز شجاعت نشان حیدر کا مستحق کون قرار پایا؟

جواب : کیپٹن محمد سرور شہید کو ملا۔

سوال : یہ اعزاز آپ کو کب حاصل ہوا؟

جواب : 1955ء میں جنگ کشمیر کے دوران جب کشمیر کا حصہ آزاد کروالیا گیا تو اس کا نام آزاد کشمیر رکھا گیا۔

سوال : کشمیر کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟

جواب : جو آزاد کروالیا گیا وہ پاکستان کا حصہ ہے باقی مقبوضہ کشمیر ہندوستان کے کنٹرول میں ہے اور وہاں پر آزادی کی تحریک چل رہی ہے۔

☆

سلیم الزمان صدیقی، ڈاکٹر

سوال : مشہور سائنسدان ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 19 اکتوبر کو لکھنؤ میں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی؟

جواب : لکھنو میں۔

Marfat.com

سوال : گریجوایشن کب اور کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : 1919ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے۔

سوال : انہوں نے کیمسٹری کے شعبے میں اپنی تحقیق کا آغاز کب کیا؟

جواب : 1920ء کے عشرے میں۔

سوال : یونیورسٹی کالج لندن اور فرینکفرٹ یونیورسٹی جرمنی میں کب تک زیر تعلیم رہے؟

جواب . 1927ء تک۔

سوال : طیبہ کالج دہلی میں حکیم اجمل خان کے ساتھ ڈرگ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ سے کب وابستہ ہوئے؟

جواب : 1928ء میں اور دس سال اس ادارے کے ڈائریکٹر رہے۔

سوال : انہوں نے مختلف پودوں کے دوا کے طور پر استعمال کرنے کے سلسلے میں تحقیق کی۔ بتائیں ان کی کونسی دوا نے پوری دنیا میں شہرت حاصل کی؟

جواب : ''اجملین'' نے۔

سوال : آپ کی خدمات کونسل آف سائنٹیفک انڈسٹریل ریسرچ (سی ایس آئی آر) نے کب حاصل کیں؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : آپ پاکستان کب آئے؟

جواب : قیام پاکستان کے بعد اپنے بھائی چوہدری خلیق الزماں کے ہمراہ۔

سوال : حکومت پاکستان نے ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کرتے ہوئے کس ادارے کی بنیاد ڈالی؟

جواب : پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کی۔

سوال : 1961ء میں پاکستان نیشنل سائنس کونسل قائم ہوئی تو اس کے پہلے چیئرمین

Marfat.com

کون مقرر ہوئے؟

جواب : ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی۔

سوال : ریٹائرمنٹ کے بعد جامع کراچی میں کس عہدے پر خدمات سرانجام دیں؟

جواب : شعبہ کیمسٹری کے پروفیسر ریسرچ ڈائریکٹر۔

سوال : الاِجی ریسرچ انسٹیٹیوٹ آف کیمسٹری کی بنیاد کس کے عطیہ سے رکھی؟

جواب : حسین ابراہیم جمال فاؤنڈیشن کے پچاس لاکھ روپے کے عطیہ سے۔

سوال : بعد میں جرمنی نے اس منصوبے کو کتنی امداد دی؟

جواب : 48لاکھ جرمن مارکس دیئے۔

سوال : انہیں کون کون سے اعزازات دیئے گئے؟

جواب : پہلا طلائی تمغہ سوویت اکیڈمی کی جانب سے' ڈاکٹر آف سائنس کی اعزازی ڈگری فرینکفرٹ یونیورسٹی کی جانب سے' ممبر آف آرڈر آف برٹش ایمپائر' تھرڈ ورلڈ اکیڈمی آف سائنسز کا خصوصی انعام' 1981ء میں اسلامک میڈیسن کا اعزاز (کویت فاؤنڈیشن کی طرف سے)۔ 1962ء صدارتی تمغۂ حسن کارکردگی' 1964ء میں تمغۂ پاکستان' 1966ء میں ہلال امتیاز' 1958ء میں ستارۂ امتیاز۔

سوال : ڈاکٹر سلیم الزمان صدیقی نے کل کتنے تحقیقی مقالے لکھے اور کتنی ادویات کے فارمولے تیار کیے؟

جواب : تقریباً 300 تحقیقی مقالے لکھے اور 50ادویات کے فارمولے تیار کیے۔

سوال : آپ نے ہیلی کا دم دار ستارہ اپنی زندگی میں کتنی بار دیکھا؟

جواب : دو مرتبہ۔ یہ ستارہ 80 سال بعد نمودار ہوتا ہے۔

سوال : آپ کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 14اپریل 1997ء کو 93 سال کی عمر میں انتقال ہوا۔

Marfat.com

سلیمان ندویؒ سیّد

سوال : سلیمان ندوی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 22 نومبر 1884ء کو ضلع پٹنہ کے قصبہ دینہ میں۔

سوال : ان کے والد بزرگوار کا نام کیا تھا؟

جواب : ابوالحسن۔

سوال : وہ دارالعلوم ندوہ میں کب داخل ہوئے؟

جواب : 1901ء میں۔

سوال : ماہنامہ ''الندوہ'' میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : ایڈیٹر رہے۔

سوال : سلیمان ندوی ندوۃ العلماء میں علم کلام اور جدید عربی کے استاد کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1908ء میں۔

سوال : انہوں نے کون سی لغات مرتب کی؟

جواب : ''لغات جدید''۔

سوال : سیاست میں قدم کب رکھا؟

جواب : 1911ء میں۔

سوال : ان کی کتاب ''ارضِ قرآن'' کس موضوع پر لکھی گئی ہے؟

جواب : اس کتاب میں قدیم عرب کے جغرافیے اور اقوام عرب کی پرانی مذہبی اور تمدنی تاریخ پر محققانہ بحث کی گئی ہے۔

سوال : رسالہ ''معارف'' کب جاری کیا؟

Marfat.com

جواب : 1916ء میں۔

سوال : آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1921ء میں۔

سوال : سیرۃ النبیؐ کی مختلف جلدیں کونسے سنین میں تیار ہوئیں؟

جواب : 1918ء میں 1921ء میں 1923ء میں اور نومبر 1940ء میں ساتویں یعنی آخری جلد مکمل نہ کر پائے۔

سوال : ''خطبات مدارس'' ان کی مشہور کتاب ہے اس میں کون سے موضوع ہیں؟

جواب : سیرت النبیؐ کے مختلف پہلوؤں پر مولانا کے آٹھ خطبے اس کتاب میں شائع ہوئے۔

سوال : 1943ء میں سلیمان ندوی نے کس مشہور شخصیت کی حالات زندگی قلمبند کئے ہیں؟

جواب : مولانا شبلی نعمانی کے۔

سوال : سلیمان ندوی کا انتقال کب ہوا اور نماز جنازہ کہاں ادا کی گئی؟

جواب : 22 نومبر 1953ء کو انتقال ہوا اور نیوٹاؤن مسجد کراچی میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔

سوال : سلیمان ندوی کے انتقال پر یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

جواب : ''مجھے غم اس بات کا نہیں کہ سید سلیمان ہم میں سے اٹھ گئے غم ہے تو یہ کہ علم بھی ان کے ساتھ دفن ہوگیا۔

سوال : شام کے ثقافتی اتاشی شیخ ابوالخیر نے؟

☆

Marfat.com

سوار محمد حسین شہید (نشانِ حیدر)

سوال . سوار محمد حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب : 18 جنوری سن 1949ء میں۔

سوال : آپ کی جائے پیدائش کونسی ہے؟

جواب : ڈھوک پیر بخش (راولپنڈی) میں پیدا ہوئے (اب یہ گاؤں ڈھوک محمد حسین جنجوعہ کے نام سے موسوم ہے)۔

سوال : فوج میں بھرتی کب ہوئے؟

جواب : 3 ستمبر 1966ء میں۔

سوال : آپ فوج میں کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : ڈرائیور کی تربیت حاصل کی جب سن 1971ء کی جنگ چھڑی اس وقت وہ 20 لانسرز کے ساتھ کام کر رہے تھے وہ اگرچہ ڈرائیور تھے مگر انہوں نے اپنے یونٹ کے ہر معرکے میں غیر معمولی گرمجوشی سے حصہ لیا کتنا ہی سنگین مرحلہ کیوں نہ ہو کسی خطرے کو خاطر میں نہ لائے بغیر وہ کوئی نہ کوئی مشین گن سنبھال لیتے اور دشمن پر آگ برسانے لگتے تھے۔

سوال : 1971ء کی جنگ میں آپ کس طرح اپنے دیس کی خدمت کرتے ہوئے شہید ہوئے؟

جواب : 25 دسمبر سن 1971ء کو ظفروال، شکرگڑھ کے محاذ پر دشمن کے ٹینکوں اور پیادہ فوج کی طرف سے شدید اور براہ راست گولہ باری کی پرواہ کئے بغیر وہ ایک خندق میں جا کر اپنے جوانوں کو گولہ بارود پہنچاتے رہے۔ اگلے دن وہ چار لڑاکا گشتی دستوں کی گھٹن اور پر خطر مہمات میں ان کے ہمراہ جاتے رہے۔ 10

دسمبر کو انہوں نے جب دشمن کو ''مہر و خورد'' گاؤں میں اپنی بارودی سرنگوں کے قریب مورچے کھودتے دیکھا تو انہوں نے فوراً یونٹ کے نائب کمانڈر کو اطلاع دی اور پھر وہ خود اپنے طور پر یکے بعد دیگرے اپنے ایک ایک ٹینک شکن توپ کے پاس پہنچے توپوں کا رخ درست کراتے رہے۔ جس کے نتیجہ میں دشمن کے سولہ ٹینک تباہ ہوگئے۔ 10 ستمبر کی سہ پہر چار بجے جب سوار محمد حسین اپنے ایک ''ری کائل لیس رائفل'' بردار کو دشمن کے ٹھکانے دکھا رہے تھے کہ اس کے ایک ٹینک سے مشین گن کی گولیوں کی ایک بوچھاڑ نے ان کی چھاتی کو چھلنی کر دیا اور وہ میدان جنگ میں شہید ہوگئے۔

سوال : نشانِ حیدر پانے والے پہلے جوان کا امتیاز کس جوان کو حاصل ہے؟

جواب : سوار محمد حسین شہید (نشانِ حیدر) کو۔

سوال : آپ نے نشان حیدر کا اعزاز کب پایا؟

جواب : آپ کو 17 جنوری سن 1972ء کو یہ اعزاز نصیب ہوا۔

☆

سوار خان، محمد، لیفٹیننٹ جنرل

سوال : ضیاء الحق مارشل لاء دور میں سوار خان کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر تھے۔

سوال : ضیاء الحق کے کس اعلان کی وجہ سے وہ گورنر بن گئے؟

جواب : 16 ستمبر 1978 بروز اتوار کو ضیاء الحق نے صدر مملکت کا عہدہ سنبھالتے ہی اعلان کر دیا کہ صوبہ پنجاب، سرحد، سندھ اور بلوچستان کے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹروں کو گورنر مقرر کیا جاتا ہے۔ اسی زمرے میں لیفٹیننٹ جنرل محمد سوار خان

18 ستمبر 1978ء کو پنجاب کے گورنر مقرر ہو گئے۔

سوال : بحیثیت گورنر پنجاب ان کا دور اقتدار کتنا ہے؟

جواب : 18 ستمبر 1978ء تا 30 اپریل 1980ء۔

☆

ایس ایم ظفر

سوال : ایس ایم ظفر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 6 دسمبر 1930ء کو رنگون (برما) میں پیدا ہوئے۔

سوال : میٹرک کہاں سے کیا؟

جواب : شکر گڑھ ہائی سکول سے۔

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ کب لیا؟

جواب : 1949ء میں

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور طلبہ یونین کے جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے۔ بتائیں لاء کالج کی طلبہ یونین میں کس عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : جنرل سیکرٹری۔

سوال : پیشہ وکالت سے عملی زندگی کا آغاز کب کیا؟

جواب : 1951ء میں

سوال : کس وکیل کے جونیئر کی حیثیت سے کام کرتے رہے؟

جواب : سابق وفاقی محتسب جسٹس سردار محمد اقبال کے۔

سوال : لاء کالج لاہور میں جز وقتی لیکچرار کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1955ء تا 1961ء

Marfat.com

سوال : سول سروسز اکیڈمی لاہور میں کب تک پڑھاتے رہے؟

جواب : مارچ 1965ء تک

سوال : پنجاب بار کونسل کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1963ء میں

سوال : مارچ 1965ء میں صدر ایوب خان کی کابینہ میں کونسا عہدہ ملا؟

جواب : وزیر قانون اور پارلیمانی اُمور اور مارچ 1969ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔

سوال : مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1977ء میں

سوال : صدر اولڈ راوین ایسوسی ایشن پاکستان کب منتخب ہوئے؟

جواب : 2002ء میں

سوال : میر ظفر اللہ خاں جمالی حکومت میں کونسا عہدہ ملا؟

جواب : سینیٹر

سوال : ایس ایم ظفر کی اہم تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : ڈکٹیٹر کون؟ عوام پارلیمنٹ اسلام' تذکرے اور جاکیے میرے مشہور مقدمے اور عدالت میں سیاست۔

☆

شبیر احمد عثمانی' مولانا

سوال : شبیر احمد کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1888ء میں دیوبند (سہارنپور) میں فضل الرحمٰن کے ہاں پیدا ہوئے۔

Marfat.com

سوال : کس مدرسہ میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : دارالعلوم دیوبند میں۔

سوال : ڈابھیل (ضلع گجرات کا ٹھیاواڑ) کے مدرسہ جامعہ عربیہ میں کتنا عرصہ درس دیتے رہے؟

جواب : 1928ء تا 1943ء۔

سوال : وہ کتنا عرصہ دارالعلوم دیوبند سے منسلک رہے؟

جواب : 1907ء تا 1943ء۔

سوال : انہوں نے سیاست میں قدم کب رکھا؟

جواب : 1942ء میں۔

سوال : ان کے استاد محترم کا نام کیا تھا؟

جواب : مولانا محمود الحسن۔

سوال : 15 اگست 1947ء کو کراچی میں پرچم کشائی کس شخصیت نے کی؟

جواب : مولانا شبیر احمد عثمانی نے۔

سوال : قائداعظم محمد علی جناح کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب : شبیر احمد عثمانی نے۔

سوال : قائداعظم محمد علی جناح کے متعلق یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟ ''برصغیر میں شہنشاہ اورنگ زیب کے بعد اتنا بڑا مسلمان پیدا نہیں ہوا جس کے غیر متزلزل ایمان اور اٹل ارادے نے دس کروڑ شکست خوردہ افراد کی مایوسیوں کو کامرانیوں میں بدل دیا ہو۔''

جواب : شبیر احمد عثمانی نے۔

سوال : عثمانی صاحب پاکستان کی پارلیمنٹ میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : رکن پارلیمنٹ رہے۔

سوال : قوم نے انہیں ''شیخ الاسلام'' کا لقب کس کارنامے کے سلسلے میں دیا؟

جواب : پاکستان میں اسلامی قانون کے نفاذ اور قرار داد مقاصد کی منظوری کے سلسلے میں۔

سوال : ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب : 13 دسمبر 1949ء کو بہاولپور میں گیارہ بج کر پچاس منٹ پر۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب : مفتی اعظم مولانا محمد شفیع نے۔

سوال : شبیر احمد عثمانی کہاں ابدی نیند سو رہے ہیں؟

جواب : عید گاہ میدان کراچی میں۔

سوال : ان کی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : علم الکلام، تفسیر عثمانی الاسلام، العقل و النقل، اعجاز القرآن، حجاب شرعی، اشہاب ثاقب وغیرہ۔

☆

شبیر شریف، میجر شہید (نشان حیدر)

سوال : میجر شبیر شریف کب پیدا ہوئے؟

جواب : 28 اپریل 1943ء کو۔

سوال : آپ کا مقام پیدائش کونسا ہے؟

جواب : ضلع گجرات میں کنجاہ کے مقام پر۔

سوال : آپ نے فوج میں کب کمیشن حاصل کیا؟

Marfat.com

جواب : 19اپریل سن 1964ء کو۔

سوال : کونسی فورس میں تعینات ہوئے؟

جواب : فرنٹیئر فورس میں۔

سوال : آپ کے سن 1971ء کی جنگ کے کارنامے پر روشنی ڈالیں؟

جواب : ۳دسمبر 1971ء کو وہ سلیمانکی ہیڈ ورکس کے قریب چھ فرنٹیئر فورس کی ایک کمپنی کی کمان کر رہے تھے کہ ان کو ایک اونچے بند پر قبضہ کرنے کی مہم سونپی گئی جہاں سے سلیمانکی سیکٹر پر واقع دو گاؤں گورمکھ کھیڑہ اور بیری والا زد میں آسکتے تھے۔ دشمن سے دفاع کے لیے آسام رجمنٹ کی ایک کمپنی سے کچھ زیادہ نفری ان مقامات پر ڈال رکھی تھی جس کی امداد پر ٹینکوں کا ایک سکواڈرن بھی موجود تھا۔میجر شریف کو اس پوزیشن تک پہنچنے کے لیے پہلے دشمن کی بارودی سرنگوں کے علاقے سے گزرنا اور پھر تیس فٹ چوڑی اور دس فٹ گہری ایک دفاعی نہر کو تیر کر عبور کرنا تھا۔ میجر شریف ان مشکل مراحل سے کامیابی سے گزرنے کے بعد اپنی کمپنی کی قیادت کرتے ہوئے براہ راست دشمن پر سامنے سے ٹوٹ پڑے اور شام تک دشمن کو اس کی مستحکم قلعہ بندیوں سے نکال باہر کیا۔ گھمسان کے اس معرکے میں دشمن کے 43سپاہی مارے گئے ۔ 38قیدی بنالئے گئے اور چار ٹینک تباہ ہوئے۔اگلے تین دن اور تین راتوں میں دشمن بار بار جوابی حملے کرتا رہا مگر میجر شریف نے جن کو اب بند کی بلندی کا فائدہ حاصل تھا ان حملوں کو پسپا کر دیا اور اس طرح دشمن کو دو بٹالینوں کو اپنے قریب نہ پھٹکنے دیا پانچ اور چھ دسمبر کی درمیانی رات کا وقت تھا کہ دشمن کے ایک حملے کے دوران میجر شریف یکدم کود کر اپنے مورچے سے باہر نکل آئے اور چار جاٹ رجمنٹ کے کمپنی کمانڈر پر جھپٹ کر اسے موت کے گھاٹ اتار دیا اور اس کے پاس موجود

Marfat.com

اہم دستاویزات پر قبضہ کرلیا۔

سوال : آپ نے کس طرح اور کب شہادت پائی؟

جواب : 6دسمبر کی سہ پہر کو دشمن کے ایک اور حملے کا دفاع کرتے ہوئے میجر شبیر شریف اپنے توپچی کی اینٹی ٹینک گن سے دشمن کے ٹینکوں پر گولے برسا رہے تھے کہ ٹینک کا گولہ براہِ راست ان پر آن لگا اور اس مجاہد نے عین حالتِ جدال میں جام شہادت نوش کیا۔

سوال : آپ کو''نشانِ حیدر' کا اعزاز کب ملا؟

جواب : 17جنوری سن1972ء کو۔

☆

شہاب الدین' خواجہ

سوال : شہاب الدین کب پیدا ہوئے؟

جواب : ۔31 مئی 1898ء کو

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : ڈھاکہ میں۔

سوال : انہیں کن کن زبانوں پر عبور حاصل تھا؟

جواب : عربی' فارسی' بنگالی' اردو اور انگریزی پر۔

سوال : سیاسی زندگی کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : 1918ء میں میونسپل کمشنر ڈھاکہ کی حیثیت سے۔

سوال : ڈھاکہ میں اور کن اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے؟

Marfat.com

جواب : ڈھاکہ میونسپل کمیٹی کے چیئرمین اور ڈھاکہ یونیورسٹی کے اعزازی خزانچی سات سال تک رہے۔

سوال : گورنر بنگال کی ایگزیکٹو کونسل کے رکن کب نامزد ہوئے؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : بنگال کی پہلی مسلم وزارت کے چیف وہپ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1937ء تا 1940ء۔

سوال : پاکستان کے وزیر داخلہ و اطلاعات کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : صوبہ سرحد کے گورنر کب بنے؟

جواب : 24 نومبر 1957ء کو۔

سوال : پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے کن کن ممالک میں رہے؟

جواب : سعودی عرب، مصر، کیمرون، دھومی (بینن)، نائجیریا، سینی گال، ٹوگو اور سیرانیوں میں

سوال : مسئلہ کشمیر کے لیے کب دوسرے ممالک میں گئے؟

جواب : 1964ء میں افروایشیائی ممالک میں مسئلہ کشمیر کے سلسلے میں پاکستانی موقف کی وضاحت کے لیے غیر سرکاری وفد کی قیادت کی۔

سوال : مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 24 مارچ 1965ء تا 25 مارچ 1969ء۔

سوال : ان کا پاکستان کے دوسرے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین سے کیا رشتہ تھا؟

جواب : خواجہ ناظم الدین ان کے بڑے بھائی تھے۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 9 فروری 1977ء کو۔

Marfat.com

شیر محمد خان غازی

سوال : شیر محمد خان کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 1916ء میں پیدا ہوئے۔

سوال : ان کی جائے ولادت کون سی ہے؟

جواب : دہلی کے ایک گاؤں چومو میں پیدا ہوئے۔

سوال : والد محترم کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : ولی محمد خان۔

سوال : انہوں نے کتنا عرصہ آرمی میں خدمات انجام دیں؟

جواب : 3 جنوری 1936ء تا 20 ستمبر 1953ء۔

سوال : جنگ عظیم دوم میں کس محاذ پر تھے؟

جواب : برما' ملائشیا اور انڈونیشیا وغیرہ میں جنگی کارروائیوں میں حصہ لیا۔

سوال : پاکستان کی کن کن جنگوں میں نمایاں خدمات سرانجام دیں؟

جواب : 1948ء میں اور 1965ء میں بھی حب وطنی کے جذبے کے تحت آرمی میں گئے لیکن اس مجاہد کی آنکھوں نے جواب دے دیا تھا۔ویسے بھی وہ 20 ستمبر 1952ء کو ریٹائر ہو چکے تھے۔

سوال : 1965ء کو جب انہیں وطن کی حفاظت کرنے کی اجازت نہ مل سکی تو ان کے الفاظ کیا تھے؟

جواب : ''اس بوڑھے شیر کو محاذ پر بھیجو۔ سو مار کر مروں گا''۔

سوال : 1965ء میں آرمی سے واپس ہو جانے کے بعد کیا خدمات انجام دیں؟

جواب : رضا کارانہ طور پر اور اپنی بے پناہ صلاحیتوں کی بناء پر مختلف شہروں میں امن و

Marfat.com

امان اور ٹریفک وغیرہ کو مفید ہدایات دیتے تھے۔

سوال : پاکستان آرمی میں کس علاقے میں زیادہ تعینات رہے؟

جواب : نوشہرہ میں۔

سوال : تحریک پاکستان اور پھر قیام پاکستان میں کیا کردار ادا کیا؟

جواب : گورنمنٹ ملازم ہونے کے باوجود تحریک پاکستان کی بھرپور حمایت کی اور قیام پاکستان کے موقع پر بحفاظت مسلمانوں کو پاکستان پہنچانے کی خدمت سرانجام دیتے رہے ۔ اس دوران ایک سکھ گروہ نے چلتی ہوئی ریل گاڑی پر فائرنگ کردی۔شیر محمد خان نے جوابی فائرنگ کر کے ریل گاڑی کوتو بچا لیا لیکن ان کی ایک ٹانگ میں گولی پیوست ہوگئی۔

سوال : انہوں نے کب وفات پائی؟

جواب : 25دسمبر 1974ء کو لاہور میں۔

سوال : شیر محمد خان غازی کہاں دفن ہیں؟

جواب : دریائے راوی (لاہور) کے کنارے مقامی قبرستان میں۔

سوال : انہیں برطانیہ نے خدمات کے صلے میں ایوارڈ کب دیا؟

جواب : 1945ء میں بے شمار تمغات سے نوازا۔

☆

صادق حسین قریشی، نواب

سوال : کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1927ء میں شملہ (بھارت) میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

Marfat.com

جواب : ایچی سن کالج لاہور میں۔

سوال : کتنی عمر میں سماجی کاموں میں حصہ لینا شروع کیا؟

جواب : 1948ء میں 21 سال کی عمر میں۔

سوال : ملتان میں ضلع کونسل اور ڈسٹرکٹ کونسل میں کس عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : ضلع کونسل ملتان کے رکن اور ملتان ڈسٹرکٹ کونسل کے وائس چیئرمین رہے۔

سوال : 1970ء کے عام انتخابات میں کس پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کا انتخاب جیتا؟

جواب : پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر۔

سوال : پاکستان کی طرف سے امریکہ میں کسانوں کے بین الاقوامی اجتماع میں پاکستان کی نمائندگی کب کی؟

جواب : 1964ء میں۔

سوال : گورنر پنجاب کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب : 12 نومبر 1973ء کو گورنر پنجاب کا عہدہ سنبھالا اور مارچ 1975ء تک اسی عہدے پر کام کیا۔

سوال : وزیر اعلیٰ پنجاب کب مقرر ہوئے؟

جواب : 11 جولائی 1975ء کو۔

سوال : مارچ 1977ء کے عام انتخابات میں کس اسمبلی کے رکن بنے؟

جواب : صوبائی اسمبلی کے۔

سوال : دوبارہ وزیر اعلیٰ پنجاب کب بنے؟

جواب : 11 اپریل 1977ء کو۔

سوال : انہیں اس عہدے سے کب ہٹایا گیا؟

جواب : 5 جولائی 1977ء کو جب ملک میں مارشل لاء نافذ ہوا۔

Marfat.com

صادق رشید عباسی، لیفٹیننٹ جنرل

سوال : جنرل ضیاء الحق کے مارشل لاء دور میں لیفٹیننٹ جنرل صادق رشید عباسی کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : صوبہ سندھ کے ایڈمنسٹریٹر تھے۔

سوال : وہ گورنر کیسے بنے؟

جواب : 16 ستمبر 1978ء کو ضیاء الحق نے صدر پاکستان کا حلف اٹھاتے ہی اعلان کر دیا کہ صوبہ پنجاب، سرحد، سندھ اور بلوچستان کے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹروں کو گورنر مقرر کیا جاتا ہے اس اعلان کی روح سے 18 ستمبر 1978ء کو لیفٹیننٹ جنرل ایس۔ ایم عباسی نے گورنر سندھ کا حلف اٹھالیا۔ مارچ 1984ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔

☆

صادق نسیم

سوال : صادق نسیم کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : سردار غلام صادق خان۔

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 23 ستمبر 1925ء کو موضع خرم نزد ٹیکسلا میں۔

سوال : ان کی تعلیم کتنی ہے؟

جواب : بی اے۔

سوال : ان کا ذریعہ معاش کیا ہے؟

Marfat.com

جواب : سرکاری ملازمت۔

سوال : نسیم کن زبانوں میں لکھتے ہیں؟

جواب : اردو اور پنجابی میں۔

سوال : ان کا پہلا شعری مجموعہ ''یگِ رواں'' کب شائع ہوا تھا؟

جواب : 1980ء میں۔

☆

صدیق سالک' بریگیڈیئر

سوال : صدیق سالک کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 6 ستمبر 1935ء کو منگلیہ گجرات میں۔

سوال : اسلامیہ کالج سے ایم اے کس مضمون میں کیا؟

جواب : انگریزی میں۔

سوال : بین الاقوامی تعلقات میں ڈپلوما کس یونیورسٹی سے حاصل کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : افواج کے کس شعبہ سے وابستہ رہے؟

جواب : تعلقات عامہ سے۔

سوال : دو سال تک بھارت کی قید کب کاٹی؟

جواب : 1971ء کی پاک بھارت جنگ کے نتیجے میں۔

سوال : انہیں بریگیڈیئر کے عہدے پر ترقی کب ملی؟

جواب : 1985ء میں۔

سوال : دنیائے ادب میں کیا حیثیت رکھتے ہیں؟

Marfat.com

جواب : ممتاز ناول نگار اور نقاد وغیرہ۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : ہمہ یاراں دوزخ' تادم تحریر' پریشر ککر' میں نے ڈھاکہ ڈوبتے دیکھا اور ایمرجنسی وغیرہ۔

☆

ضمیر جعفری' سید

سوال : سید ضمیر جعفری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : جنوری 1918ء میں چک عبدالخالق جہلم میں۔

سوال : ان کی تعلیم کتنی ہے؟

جواب : بی۔اے۔

سوال : ان کا ذریعہ معاش کیا ہے؟

جواب : ملازمت۔

سوال : سید ضمیر جعفری کن اوصاف میں لکھتے ہیں؟

جواب : ناول نگاری' طنز و مزاح نگاری اور شاعری۔

سوال : سید ضمیر جعفری کو آدم جی ادبی انعام کب اور کس کتاب پر ملا؟

جواب : 1978ء میں ''کتابی چہرے'' پر۔

سوال : انہیں تمغہ حسن کارکردگی کب ملا؟

جواب : 1984ء میں۔

سوال : ان کی چند ایک نظموں کے نام بتائیں؟

جواب : جزیروں کے گیت' لہوترنگ' مافی الضمیر' ولائتی زعفران (انگریزی کی منتخب مزاحیہ

Marfat.com

نظموں کا ترجمہ) اور زیور وطن (ملی نظموں کا مجموعہ) وغیرہ۔

سوال : نثر میں ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : جنگ کے رنگ' اڑتے خاکے' کتابی چہرے' آزبری فرو (ناول ہندوستان) میں دو سال۔

☆

ضیاء الحق' جنرل محمد

سوال : ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 12 اگست 1924ء کو جالندھر میں۔

سوال : فوج میں کمیشن کب ملا؟

جواب : مئی 1935ء میں۔

سوال : کتنے برس تک مختلف انسٹرکشن سٹاف اور کمان کی آسامیوں پر تعینات رہے؟

جواب : 19 سال تک۔

سوال : لیفٹیننٹ کرنل کب بنے؟

جواب : 1964ء میں لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے پر ترقی پائی اور کوئٹہ کے کمانڈر اینڈ سٹاف کالج کے انسٹرکٹر مقرر ہوئے۔

سوال : 1960ء تا 1968ء کے درمیانی عرصہ میں کس رجمنٹ کی قیادت کی؟

جواب : ایک کیولری رجمنٹ کی۔

سوال : آرمرڈ ڈویژن کے کرنل سٹاف اور پھر بریگیڈیئر کب بنے؟

جواب : مئی 1969ء میں۔

سوال : میجر جنرل کے عہدے پر ترقی کب ملی؟

Marfat.com

جواب : 1973ء میں۔

سوال : انہیں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی دے کر کور کمانڈر کب بنایا گیا؟

جواب : اپریل 1975ء میں۔

سوال : پاکستان آرمی کی قیادت کب سنبھالی؟

جواب : یکم مارچ 1976ء کو جنرل بنے اور چیف آف سٹاف کی حیثیت سے پاکستان آرمی کی قیادت سنبھالی۔

سوال : آرمرڈ آفیسرز ایڈوانس کورس اور کمانڈر جنرل سٹاف آفیسرز کورسوں میں شرکت کب کی؟

جواب : 1969ء اور 1963ء میں بالترتیب۔

سوال : اردن کی شاہی افواج میں خدمات انجام دینے کے اعتراف کے طور پر شاہ اردن نے انہیں کس اعزاز سے نوازا؟

جواب : ''کوکب استقلال'' کے اعزاز سے۔

سوال : دوسری جنگ عظیم میں کس محاذ پر رہے؟

جواب : برما' ملائشیا اور انڈونیشیا میں جنگی کارروائیوں میں حصہ لیا۔

سوال : پاکستان کی کن جنگوں میں نمایاں خدمات سرانجام دیں؟

جواب : 1965ء اور 1971ء میں پاک بھارت جنگوں میں۔

سوال : ضیاء الحق نے بطور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اقتدار کب سنبھالا؟

جواب : 5 جولائی 1977ء کو اس وقت ملک کی باگ ڈور سنبھالی جب ملک بھر میں خانہ جنگی شروع ہو چکی تھی اور بھائی بھائی کا گلا کاٹ رہا تھا۔ انہوں نے ملک کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد عوام کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد اقدامات کیے۔ جن میں سودی نظام کا خاتمہ' زکوٰۃ اور عشر کا نفاذ' شرعی عدالتوں کا قیام اور ملکی تشخص شامل

Marfat.com

ہیں ۔ جہاں تک بیرونی ممالک کا تعلق ہے اس ضمن میں بھی ان کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا کیونکہ انہوں نے غیر جانبدارانہ پالیسی اپنا کر ملک کو ترقی کی راہوں پر گامزن کیا۔

سوال : انہیں آئندہ پانچ سال کے لیے صدر کب منتخب کیا گیا اور کیسے؟

جواب : 19 دسمبر 1984ء کو ملک بھر میں اسلامی نظام کے لیے ریفرنڈم ہوا جس کے تحت جنرل محمد ضیاء الحق کو آئندہ پانچ برسوں کے لیے صدر چن لیا گیا۔

سوال : انہوں نے ملک میں مارشل لاء کب ختم کیا؟

جواب : 30 دسمبر 1985ء کو صدر ضیاء کی رضامندی سے محمد خان جونیجو نے مارشل لاء اٹھانے کا اعلان کیا۔

سوال : انہوں نے صدر کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 16 ستمبر 1978ء کو۔

سوال : ان کی حکومت میں کس سابق وزیر اعظم کو پھانسی دی گئی؟

جواب : 3 اپریل 1979ء کو سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کو سزائے موت کی توثیق کی اور 4 اپریل 1979ء کو انہیں پھانسی دے دی گئی۔

سوال : 25 ستمبر 1979ء کو پندرہ سال بعد بلدیاتی نظام بحال کر کے انتخابات کرائے۔ دوسرا اور تیسرے بلدیاتی انتخابات کب ہوئے؟

جواب : دوسرے بلدیاتی انتخابات ستمبر اکتوبر 1983ء اور تیسرے بلدیاتی انتخابات نومبر 1987ء میں کرائے۔

سوال : عبوری آئین کے نافذ کا حکم کب دیا؟

جواب : 24 مارچ 1981ء کو۔

سوال : 11 جنوری 1982ء کو وفاقی مجلس شوریٰ کا افتتاح کیا جس کے چیئرمین خواجہ محمد

Marfat.com

صفدر تھے اس مجلس کے ارکان کی تعداد کیا تھی؟

جواب : 350۔

سوال : قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کب کرائے؟

جواب : 25فروری 1985ء کو قومی اسمبلی اور 28فروری 1985ء کو صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کرائے۔

سوال : وزیراعظم کس کو نامزد کیا؟

جواب : 20مارچ 1985ء کو سندھ سے رکن قومی اسمبلی محمد خان جونیجو کو وزیراعظم نامزد کیا۔ جنہوں نے 23مارچ 1985ء کو وزیراعظم کے عہدے کا حلف اٹھایا۔

سوال : یہ اسمبلی صدر ضیاء الحق نے کب توڑ دی؟

جواب : 29 مئی 1988ء کو صدر ضیاء الحق نے قومی اسمبلی توڑ دی۔ جونیجو تین سال چھ مہینے اور سات دن وزیراعظم رہے۔

سوال : نئے انتخابات کرانے کا اعلان کب کیا؟

جواب : 16نومبر 1988ء کو۔

سوال : انہوں نے کس طرح جام شہادت نوش فرمایا اور کتنا عرصہ حکومت کی؟

جواب : جنرل محمد ضیاء الحق 17اگست 1988ء کو ایک فضائی حادثے میں شہید ہوئے بطور سربراہِ مملکت انہوں نے 11سال ایک ماہ اور 12دن حکومت کی جو پاکستان کی 41سالہ تاریخ میں سب سے طویل دورِ حکومت تھا۔

سوال : ضیاء الحق کہاں دفن ہیں؟

جواب : فیصل مسجد اسلام آباد کے احاطہ میں۔

☆

طارق عزیز

سوال : طارق عزیز کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : ساہیوال میں۔

سوال : ان کی تعلیم کتنی ہے؟

جواب : میٹرک۔

سوال : طارق عزیز کن شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں؟

جواب : اداکاری، کمپیئر، کوئز پروگرام نیلام گھر وغیرہ میں۔

سوال : طارق عزیز کس صنف میں لکھتے ہیں؟

جواب : شاعری میں۔

سوال : طارق عزیز زیادہ کس زبان میں لکھتے ہیں؟

جواب : پنجابی میں۔

سوال : ''ہمزاد دا دکھ'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب : طارق عزیز کی۔

☆

طفیل محمد شہید، میجر (نشانِ حیدر)

سوال : میجر طفیل محمد کب پیدا ہوئے؟

جواب : سن 1914ء میں۔

سوال : آپ کا مقام پیدائش کونسا ہے؟

جواب : ہوشیار پور میں پیدا ہوئے۔

سوال : انہیں 16 پنجاب رجمنٹ میں کمیشن کب ملا؟

جواب : سن 1943ء میں ملا۔ ابتداً خود اپنی بٹالین میں مختلف تربیتی اور انتظامی حیثیوں سے نمایاں انداز میں خدمات انجام دیتے رہے۔

سوال : کیا آپ آرمڈ فورسز کے ساتھ بھی وابستہ رہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ایسٹ پاکستان رائفلو میں کمپنی کمانڈر کی حیثیت سے تعینات ہو کر مشرقی پاکستان کب پہنچے؟

جواب : سن 1958ء میں۔

سوال : آپ کا واقعہ شہادت بیان کریں؟

جواب : سن 1958ء میں اگست کے اوائل میں انہیں کہا گیا کہ وہ بھارتی فوج کی اس نفری کو جس نے لکشمی پور کے کچھ علاقے میں مورچہ قائم کر رکھا تھا اس علاقے کو خالی کرائیں انہوں نے 8 اگست کو راتوں رات نہایت اچھے انداز سے پیش قدمی کرتے ہوئے پو پھٹنے سے پہلے بھارتی فوجوں کا محاصرہ کر لیا اور پھر اپنے دستے کی قیادت کرتے ہوئے اپنے جوانوں کو دشمن کے مستقر سے پندرہ گز کے فاصلے تک لے گئے یہاں سے اب انہوں نے عقبی سمت سے دشمن پر دھاوا بول دیا۔ اس دھاوے میں وہ سب سے آگے جا رہے تھے کہ بھارتی سپاہیوں نے مقابل پر فائر کھول دیا تو سب سے پہلے میجر طفیل زخمی ہوئے انکے زخمی جسم سے خون بہہ رہا تھا مگر اس کے باوجود انہوں نے ایک دستی بم پھینک کر دشمن کی مشین گن کو خاموش کر دیا ان کی شمع زندگی کی لو بتدریج مدہم ہوتی جا رہی تھی لیکن وہ اس حالت میں بھی برابر مہم کی راہنمائی کرتے رہے۔ اس مرحلے پر

Marfat.com

جب دشمن کی ایک دوسری مشین گن آگ اگلنے لگی اور اس کی باڑھ میں ان کے نائب کمانڈر شہید ہو گئے تو میجر طویل نے ایک دستی بم تاک کر اس مشین گن پر پھنکا اور اسے تباہ کر دیا۔ بعد میں دست بدست لڑائی کے دوران انہوں نے دیکھا بھارتی چوکی کا کمانڈر حملہ کرنے کے لیے دبے پاؤں انکے جوانوں کی طرف بڑھ رہا ہے تو زخموں سے نڈھال ہونے کے باوجود وہ رینگتے ہوئے دشمن کمانڈر کی طرف بڑھتے گئے۔ اور اپنی ایک ٹانگ آگے بڑھادی اور جب وہ اس اڑنگے سے الجھ کر لڑکھڑایا تو میجر طفیل نے اپنی آہنی ٹوپی اس کے چہرے پر دے ماری۔ اور یوں اپنے ساتھی کو بچایا اور پھر جب تک مورچہ بھارتی سپاہ سے یکسر خالی نہیں ہوگیا وہ اپنے دستے کی قیادت کرتے رہے دشمن اس مقام پر اپنے پیچھے چار لاشیں اور تین قیدی چھوڑ گیا۔ میجر طفیل محمد شہید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اگلے دن جامِ شہادت نوش فرما کر سرخرو ہو گئے۔

سوال : آپ کو اس عظیم کارنامے پر نشان حیدر کب دیا گیا؟

جواب : 7 نومبر 1959ء کو نشانِ حیدر ملا۔

☆

ظفر احمد عثمانی، مولانا

سوال : مولانا کب پیدا ہوئے؟

جواب : 12 ربیع الاول 1310ھ کو۔

سوال : کہاں پر پیدا ہوئے؟

جواب : دیوبند ضلع سہارنپور میں۔

سوال : ابتدائی تعلم کہاں پر حاصل کی؟

Marfat.com

جواب : دیوبند میں۔

سوال : اردو، عربی اور فارسی کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

جواب : مولانا عبداللہ گنگوہی سے۔

سوال : شعبہ حدیث کے استاد کس مدرسہ میں مقرر ہوئے؟

جواب : مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور میں۔

سوال : ان کے ماموں ایک بہت بڑے عالم تھے نام بتائیں؟

جواب : اشرف علی تھانوی۔

سوال : 1938ء میں پٹنہ میں ظفر احمد مسلم لیگ کے اجلاس میں کس کے نمائندے ں حیثیت سے شریک ہوئے؟

جواب : مولانا اشرف علی تھانوی کے۔

سوال : 1938ء میں پٹنہ میں ان کی ملاقات کس عظیم شخصیت سے ہوئی؟

جواب : قائداعظم محمد علی جناح سے۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 8دسمبر 1974ء کو۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب : مفتی اعظم مولانا محمد شفیع نے۔

سوال : ان کی مشہور کتاب کون سی ہے؟

جواب : ''اعلاؤ السنن''۔

☆

Marfat.com

ظفر اللہ خان جمالی، میر

سوال : لیاقت وزارت میں 27 دسمبر 1947ء تا 16 اکتوبر 1951ء ظفر اللہ خان کن محکموں کے وزیر رہے؟

جواب : وزیر امور خارجہ اور دولت مشترکہ۔

سوال : محمد علی بوگرا وزارت کے پہلے دور میں وہ کتنا عرصہ وزیر امور خارجہ اور دولتِ مشترکہ رہے؟

جواب : 17 اپریل 1953ء تا 24 اکتوبر 1954ء۔

سوال : میر ظفر اللہ خان جمالی نے پانچویں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی حیثیت سے حلف کب اٹھایا؟

جواب : 24 جون 1988ء کو۔

سوال : وہ کب تک اس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 15 دسمبر 1988ء تک۔

☆

ظفر علی خان، مولانا

سوال : مولانا ظفر علی خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1873ء میں گجرات کے ایک گاؤں کوٹ میرٹھ میں۔

سوال : آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : مولوی سراج الدین۔

Marfat.com

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی؟

جواب : وزیر آباد میں۔

سوال : میٹرک کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب : پٹیالہ سے۔

سوال : ایف۔اے کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب : 1892ء میں۔

سوال : کون سے محکمے میں ملازمت کی؟

جواب : ریاست جموں وکشمیر کے ڈاک کے محکمہ میں ملازمت اختیار کی۔

سوال : بی اے کا امتحان کس کالج سے پاس کیا؟

جواب : علی گڑھ کالج سے۔

سوال : آپ کس کے پرائیویٹ سیکرٹری بھی رہے؟

جواب : نواب محسن الملک کے۔

سوال : آپ کے والد نے ایک ہفتہ وار اخبار نکالا تھا اس کا نام کیا تھا؟

جواب : ''زمیندار''

سوال : آپ کے والد کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1909ء میں۔

سوال : والد کی وفات کے بعد اخبار کا کیا بنا؟

جواب : مولانا نے باپ کی وفات کے بعد اسے روزنامہ بنا کر لاہور سے شائع کرنا شروع کیا۔

سوال : لاہور میں اس کا دفتر کس جگہ تھا؟

جواب : میکلورڈ روڈ پر۔

Marfat.com

سوال : آپ نے کس جنگ کے لیے قلمی جہاد کیا؟

جواب : طرابلس اور بلقان کی جنگ میں۔

سوال : مرکزی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : آپ نے لارڈ کرزن کی کتاب کا اردو میں ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب : ''خیابان فارسی''

سوال : اس پر آپ کو کیا انعام ملا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے آپ کو پانچ سو روپے اور نظام حیدر آباد کی طرف سے تین ہزار روپے انعام ملا۔

سوال : آپ نے کس کی شاگردی اختیار کی؟

جواب : مولانا شبلی نعمانی اور پروفیسر آرنلڈ کی۔

سوال : آپ نے کب وفات پائی؟

جواب : 1956ء میں وفات پائی کرم آباد (وزیر آباد) کے مقام پر دفن ہوئے۔

سوال : آپ کے شعری مجموعے کون کون سے ہیں؟

جواب : جسیات' نگارستان' بہارستان اور چمنستان زیادہ مشہور ہیں۔

سوال : آپ کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : معرکہ مذہب و سائنس' جنگل میں منگل' غلبۂ روم' سیر ظلمات' فسانہ لندن' سنہری گھونگا زیادہ مشہور ہیں۔

سوال : ہندو سے نفرت پر ان کا کلام سنائیں؟

جواب :

بھارت میں بلائیں دو ہی ہیں اک ساورکر اک گاندھی ہے

Marfat.com

اک جھوٹ کا چلتا ہے جھکڑ اک مکر کی اٹھتی آندھی ہے
لب پر ہے صدائے آزادی اور دل میں شور غلامی کا
اکھڑی تھی ہوا انگریزوں کی ان دونوں نے مل کر باندھی ہے

☆

ظہور الہٰی چودھری

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1921ء میں موضع نت ضلع گجرات میں۔

سوال : سیاسی زندگی کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : مسلم لیگ سے کیا مگر کچھ عرصہ ری پبلکن پارٹی سے وابستہ رہے۔

سوال : اکتوبر 1958ء میں جب مارشل لاء لگا تو ظہور الہٰی گجرات ڈسٹرکٹ ری پبلکن پارٹی میں کس عہدے پر فائز تھے؟

جواب : صدر تھے۔

سوال : مئی 1962ء کے انتخابات میں پاکستان کی کس اسمبلی کے رکن بنے؟

جواب : قومی اسمبلی کے۔

سوال : 1965ء میں قومی اسمبلی کے رکن کیوں نہ بن سکے؟

جواب : گورنر مغربی پاکستان کی مخاصمانہ حکمت عملی کے باعث۔

سوال : کیا چودھری ظہور الہٰی 1970ء انتخابات میں قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : چودھری ظہور الہٰی نے گجرات میں "چودھری سردا خاں ٹرسٹ ہسپتال" کس کے

Marfat.com

نام پر قائم کیا؟

جواب : اپنے والد کے نام پر۔

سوال : ان کی موت کس طرح ہوئی؟

جواب : 25 ستمبر 1981ء کو جب وہ جسٹس مولوی مشتاق حسین اور ایم اے رحمٰن ایڈووکیٹ کی میت میں ماڈل ٹاؤن (لاہور) جا رہے تھے تو انہیں گولی مار کر قتل کر دیا گیا انہیں گجرات میں سپرد خاک کیا۔

سوال : ان کا قاتل کون تھا اور اسے پھانسی کی سزا کب دی گئی؟

جواب : عبدالرزاق جسے 15 جنوری 1983ء کو پھانسی دینے کا اعلان کیا گیا۔

☆

ظہیر عباس

سوال : تین ممالک (برطانیہ، بھارت، سری لنکا) کے خلاف اولین شرکت میں سنچری بنانے والے پاکستانی کھلاڑی کا نام بتائیں؟

جواب : ظہیر عباس۔

سوال : ایک ٹیسٹ میں سنچری اور ڈبل سنچری بنانے والے کھلاڑی کون ہے؟

جواب : ظہیر عباس۔

سوال : آسٹریلیا کے خلاف ایک ہزار رنز کس کھلاڑی نے مکمل کیے؟

جواب : ظہیر عباس نے۔

سوال : 1982-83ء میں بھارت کے خلاف ایک ہزر رنز کس کھلاڑی نے مکمل کیے؟

جواب : ظہیر عباس نے۔

سوال : ظہیر عباس کتنے ہزار رنز کا سنگ میل عبور کر چکے ہیں؟

جواب : چار ہزار اور پانچ ہزار کا۔

☆

عباس خان عباسی، نواب محمد

سوال : ان کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب : 23 مارچ 1924ء کو ڈیرہ نواب صاحب میں۔

سوال : کس کے فرزند ہیں؟

جواب : نواب سر صادق محمد خان عباسی کے۔

سوال : ہائر سکول سرٹیفکیٹ کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب : ایچی سن کالج لاہور سے۔

سوال : فوج میں کمیشن کب لیا؟

جواب : اگست 1939ء میں فوج میں کمیشن ملا اور بلوچ رجمنٹ سے منسلک ہوئے۔۔

سوال : 1949ء میں بہاول پور کی پہلی قانون ساز اسمبلی قائم ہوئی تو ان کو کون سا عہدہ ملا؟

جواب : انہیں قائد ایوان منتخب کیا گیا۔

سوال : 1942ء اور 1943ء کے دوران آرمی کا کونسا کورس مکمل کیا؟

جواب : قیام پاکستان سے قبل وہ انڈین آرمی میں خدمات انجام دے رہے تھے کہ انہیں ہندوستانی ریاستوں کے کوٹہ پر انڈین سول سروس کورس کے لیے ڈیرہ دون میں تربیت کے لیے بھیج دیا گیا۔ یہ کورس انہوں نے 1942ء اور 1943ء کے دوران مکمل کیا۔

سوال : دوسری جنگ عظیم کے خاتمے پر ان کو کن تربیتی کورسوں پر بھیجا گیا؟

جواب : انہیں ریونیو' جوڈیشل اور انتظامی تربیت کے لیے ضلع فیروز پور میں بھیجا گیا۔

سوال : پاکستان بوائے اسکاؤٹ تحریک میں اہم انتظامی عہدوں پر کتنا عرصہ فائز رہے؟

جواب : 1948ء تا 1969ء۔

سوال : پنجاب کے گورنر کی حیثیت سے کتنا عرصہ خدمات سرانجام دیں؟

جواب : 31 جولائی 1975ء تا 5 جولائی 1977ء۔

☆

عبدالحق' ڈاکٹر مولوی

سوال : عبدالحق کب پیدا ہوئے؟

جواب : 20 اگست 1870ء کو۔

سوال : کس علاقے میں پیدا ہوئے؟

جواب : ضلع میرٹھ (یوپی) کے قصبہ ہاپوڑ میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے آباؤ اجداد کس ذات سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب : ہندوؤں کی کائستھ ذات سے۔

سوال : آپ کے آباؤ اجداد کس مغل بادشاہ کے عہد میں مسلمان ہوئے؟

جواب : شہنشاہ شاہ جہاں کے عہد میں۔

سوال : آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : شیخ علی حسین۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : فیروز پور (پنجاب) میں۔

Marfat.com

سوال : علی گڑھ سے بی اے کب کیا؟

جواب : 1894ء میں۔

سوال : علی گڑھ میں ان کے اساتذہ کون تھے؟

جواب : پروفیسر آرنلڈ اور مولانا شبلی۔

سوال : ہم جماعتوں میں کون شامل تھے؟

جواب : ڈاکٹر ضیاء الدین' مولانا ظفر علی خان اور خواجہ غلام الثقلین۔

سوال : مدرسہ آصفیہ حیدر آباد دکن میں کس عہدہ پر کام کیا؟

جواب : صدر مدرس کے عہدے پر فائز رہے۔

سوال : کس رسالے کے سرکاری مترجم رہے۔

جواب : افسر کی ادارت کی۔

سوال : اورنگ آباد کے عثمانیہ کالج میں کس حیثیت سے فرائض انجام دیئے؟

جواب : پرنسپل کے عہدے پر۔

سوال : عثمانیہ یونیورسٹی میں کیا تھے؟

جواب : شعبہ اردو کے صدر۔

سوال : انجمن'' ترقی اردو کے سیکرٹری کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1912ء میں۔

سوال : ملازمت چھوڑ کر دکن سے دہلی کب منتقل ہوئے؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : کراچی کب آئے؟

جواب : جنوری 1949ء میں۔

سوال : انجمن ترقی اردو کے صدر کب سے کب تک رہے؟

Marfat.com

جواب : 1950ء سے 1961ء تک۔

سوال : 1937ء میں الہ آباد یونیورسٹی نے کون سی ڈگری دی؟

جواب : ڈی لٹ کی۔

سوال : 1941ء میں علی گڑھ یونیورسٹی نے کون سی ڈگری دی؟

جواب : ڈی لٹ ہی کی۔

سوال : اردو میں عظیم خدمات کے پیش نظر قوم نے انہیں کیا لقب دیا؟

جواب : ''بابائے اردو''

سوال : آپ نے اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کب کی؟

جواب : 16 اگست 1961ء کو کراچی میں وفات پا گئے۔

سوال : کہاں پر ابدی نیند سو رہے ہیں؟

جواب : اردو کالج کراچی کے احاطے میں۔

سوال : ان کی اہم تصانیف وغیرہ کون سی ہیں؟

جواب : اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کا حصہ' تنقیدات عبدالحق' چند ہم عصر' مقدماتِ عبدالحق' مرحوم دہلی کالج' مکتوبات عبدالحق وغیرہ۔

☆

عبدالحکیم خان' جسٹس

سوال : حکیم خان کتنا عرصہ گورنر سرحد رہے؟

جواب : 5 جولائی 1977ء تا 8 دسمبر 1978ء۔

☆

Marfat.com

عبدالحکیم، خلیفہ

سوال : عبدالحکیم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1895ء میں لاہور میں۔

سوال : میٹرک لاہور سے کرنے کے بعد مزید تعلیم کے لیے کہاں گئے؟

جواب : دہلی۔

سوال : ایل۔ایل۔بی کہاں سے کیا؟

جواب : لاء کالج لاہور سے۔

سوال : پی ایچ ڈی کہاں سے کی؟

جواب : جرمنی سے۔

سوال : عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن میں کن شعبوں کے صدر مقرر ہوئے؟

جواب : فلسفہ اور نفسیات کے۔

سوال : عثمانیہ یونیورسٹی کے ریٹائر ہو کر ریاست جموں و کشمیر میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : 1943ء تا 1946ء ناظم تعلیمات رہے۔

سوال : انہوں نے لاہور میں کس ادارے کی بنیاد رکھی؟

جواب : ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور کی۔

سوال : پنجاب یونیورسٹی اور یونیورسٹی سنڈیکیٹ میں کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی کے فیلو اور یونیورسٹی سنڈیکٹ کے رکن رہے۔

سوال : خلیفہ عبدالحکیم کب فوت ہوئے اور کہاں دفن ہیں؟

جواب : 30 جنوری 1959ء کو کراچی میں وفات پائی اور لاہور میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

سوال : ان کی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : حکمتِ روحی، تشبیہات روحی، اسلام کا نظریہ حیات، فلسفہ اسلام اور مقالاتِ حکیم وغیرہ۔

☆

عبدالرّب نشتر، سردار

سوال : آپ نے کس سکول سے میٹرک کیا؟

جواب : سن 1914ء میں سناتن دھرم ہائی سکول سے۔

سوال : آپ نے ایف۔ اے میں کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب : ایڈورڈ کالج پشاور میں۔

سوال : آپ ایف۔اے میں کس مضمون میں فیل ہوگئے تھے؟

جواب : ہسٹری میں۔

سوال : محمد علی جناح نے آپ کا نام ہندوستان میں عبوری حکومت کے قیام کے سلسلے میں پانچ مسلم لیگی اراکین میں کب شامل کیا؟

جواب : 25 اکتوبر 1946ء میں۔

سوال : آپ نے بی اے کس سن میں کیا؟

جواب : 1933ء میں۔

سوال : آپ مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کیا آپ پنجاب کے گورنر بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔

Marfat.com

سوال : آپ سے پہلے گورنر کون تھا؟

جواب : سر فرانس موڈی نامی ایک انگریز۔

سوال : آپ نے کن تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا؟

جواب : تحریک خلافت' صوبہ سرحد میں اصلاحات کی تحریک' کتاب موسومہ' رنگیلا رسول کی تحریک اور سائمن کمیشن کے خلاف تحریک۔

سوال : آپ کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 14 فروری سن 1958ء کو۔

سوال : آپ کراچی میں کس جگہ دفن ہیں؟

جواب : قائداعظم کے پہلو میں۔

سوال : اقوام متحدہ میں پاکستان کے نمائندے بنکر آپ کس لباس میں گئے۔؟

جواب : شلوار قمیض اور سر پر پگڑی پہن کر آپ اندر جانے لگے تو آپ کو انگریزی لباس پہننے پر مجبور کیا گیا مگر آپ بڑے پرعزم اور بہادر انسان تھے آپ نے کہہ دیا کہ یہ لباس میرے ملک کا تشخص ہے آپ اسی لباس میں داخل ہوئے۔

☆

عبدالرشید' سردار

سوال : صوبہ سرحد کے دوسرے وزیر اعلیٰ کون بنے؟

جواب : سردار عبدالرشید۔

سوال : وہ کتنا عرصہ اس منصب پر فائز رہے؟

جواب : مارچ 1953ء تا جولائی 1955ء۔

سوال : عبدالرشید فیروز خان نون وزارت میں کتنا عرصہ اور کن محکموں کے وزیر رہے؟

Marfat.com

جواب : 29 مارچ 1958ء تا 7 اکتوبر 1958ء وزیر تجارت اور صنعت رہے۔

سوال : سردار عبدالرشید صدر ایوب خان کی پانچویں صدارتی کابینہ میں کتنا عرصہ وزیر داخلہ کشمیر اور ریاستی و سرحدی امور رہے؟

جواب : 4 اگست 1969ء تا 22 فروری 1955ء۔

☆

عبدالرشید، جسٹس میاں

سوال : عبدالرشید کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1888ء میں۔

سوال : ان کا تعلق لاہور کے کس خاندان سے تھا؟

جواب : باغبان پورہ لاہور کے مشہور میاں خاندان سے۔

سوال : تعلیم کہاں حاصل کی؟

جواب : ابتدائی تعلیم لاہور میں بی اے انگلستان سے کیا اور بار ایٹ لاء کی ڈگری بھی وہاں سے لی۔

سوال : لاہور میں وکالت کب شروع کی؟

جواب : 1911ء میں۔

سوال : قیام پاکستان سے پہلے انہیں کون سے عہدے ملے؟

جواب : انہیں حکومت پنجاب نے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل اور پھر لاہور ہائی کورٹ کالج مقرر کر دیا۔

سوال : لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کب بنے؟

جواب : 1947ء میں قیام پاکستان کے بعد۔

Marfat.com

سوال : قیام پاکستان کے موقع پر قائداعظم محمد علی جناح سے گورنر جنرل کے عہد کا حلف کس نے لیا؟

جواب : میاں عبدالرشید نے۔

سوال : کچھ عرصہ کے لیے کب قائم مقام گورنر جنرل رہے؟

جواب : 1953ء میں۔

سوال : عبدالرشید ملازمت سے ریٹائر کب ہوئے؟

جواب : 1954ء میں۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 6نومبر 1981ء کو۔

☆

عبدالستار ایدھی

سوال : عظیم انسان عبدالستار ایدھی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 28دسمبر 1932ء کو قصبہ بانٹوا' کاٹھیاواڑ' گجرات (بھارت) میں پیدا ہوئے

سوال : ان کے والدین کے اسم گرامی کیا ہیں؟

جواب : والد کا نام عبدالشکور ایدھی اور والدہ کا نام حور بائی۔

سوال : آپ کے والد کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

جواب : تجارت۔

سوال : لفظ ''ایدھی'' کیا ہے؟

جواب : گجراتی زبان میں لفظ ''ایدھی'' کے معنی ست کے ہیں اور ایک قبیلہ کا نام ہے۔

سوال : عبدالستار ایدھی کو کتنی عمر میں اور کس سکول میں داخل کروایا گیا؟

جواب : آٹھ برس کی عمر میں مدرسہ اسلامیہ بانٹوا میں۔

سوال : آپ نے کتنی عمر میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : صرف چار جماعتیں پڑھیں پھر پڑھائی میں دل نہ لگا۔

سوال : آپ کی والدہ سکول جاتے ہوئے انہیں دو پیسے دے کر کیا کہتی تھیں؟

جواب : ''تمہیں دو پیسے اس لیے دے رہی ہوں کہ ایک پیسہ تم خرچ کر لینا اور ایک کسی ضرورت مند کو دے دینا۔''

سوال : قیام پاکستان کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

جواب : اٹھارہ برس۔

سوال : آپ پاکستان کے کس شہر میں آباد ہوئے؟

جواب : کراچی میں۔

سوال : 1950ء میں اپنی برادری کے لوگوں سے مل کر کونسی خدمت کمیٹی بنائی؟

جواب : بانٹوا خدمت کمیٹی اس کے بعد بانٹوا میمن کور قائم کی۔

سوال : بانٹوا میمن کمیٹی سے علیحدہ ہو کر کس ادارے کی بنیاد رکھی؟

جواب : مدینہ ٹرسٹ کی۔

سوال : انہوں نے اپنی پہلی ایمبولینس کا نام کیا رکھا؟

جواب : ''غریب وین''

سوال : مدینہ ٹرسٹ کا نام تبدیل کر کے کیا اور کب رکھا گیا؟

جواب : 1973ء میں مدینہ ٹرسٹ کا نام تبدیل کر کے ایدھی ویلفیئر ٹرسٹ رکھ دیا گیا۔

سوال : ایدھی ٹرسٹ میں پہلی رسید کس ہستی کی ہے؟

جواب : آپ کی والدہ ماجدہ کی۔

سوال : آپ کی زوجہ کا نام بتائیں جو شانہ بشانہ آپ کے ساتھ ہیں؟

Marfat.com

جواب : بیگم بلقیس۔

سوال : پاکستان کے ہر شہر کے علاوہ بیرون ملک ایدھی سنٹر کہاں ہیں؟

جواب : نیویارک اور لندن میں۔

سوال : عبدالستار ایدھی کی اولاد کتنی ہے؟

جواب : چار بچے ہیں۔ کبریٰ' قطب' الماس اور فیصل

☆

عبدالستار' پیرزادہ

سوال : وہ کن مرکزی وزارتوں پر فائز رہے؟

جواب : مرکزی وزیر قانون اور پارلیمانی امور کے وزیر رہے۔

سوال : قائداعظم نے انہیں اپنی کابینہ میں کس حیثیت سے شامل کیا؟

جواب : بحیثیت وفاقی وزیر۔

سوال : ان کا لیاقت علی خان سے کیا تعلق تھا؟

جواب : وہ شہید ملت کے رفقاء میں سے تھے۔

سوال : عبدالستار صوبہ سندھ کے چھٹے وزیر اعلیٰ کب بنے؟

جواب : 22 مئی 1953ء کو۔

سوال : ان کے عہد کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

جواب : کوٹری بیراج تعمیر ہوا۔

سوال : وہ کب تک وزیر اعلیٰ سندھ رہے؟

جواب : 4 نومبر 1954ء تک۔

سوال : کیا عبدالستار تحریک پاکستان کے سرگرم رکن رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : انہوں نے وفات کب پائی؟

جواب : 24 اگست 1974ء کو۔

☆

عبدالستار خان نیازی' مولانا

سوال : نیازی کب پیدا ہوئے؟

جواب : یکم اکتوبر 1915ء کو اٹک پٹیالہ تحصیل عیسیٰ خیل ضلع میانوالی کے ممتاز نیازی خاندان میں پیدا ہوئے۔

سوال : والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : ذوالفقار خان نیازی۔

سوال : 1933ء میں میٹرک کہاں سے کیا؟

جواب : عیسیٰ خیل سے۔

سوال : قرآن' حدیث اور فقہ وغیرہ کی دوسالہ نصاب کی تکمیل کی سند کہاں سے لی؟

جواب : علامہ اقبال کے قائم کردہ اشاعتِ اسلام کالج لاہور سے۔

سوال : میانوالی میں مجلس اصلاح قوم کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : 1937ء میں لاہور کے کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب : اسلامیہ کالج میں۔

سوال : 1938ء میں جب وہ پنجاب مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے صدر منتخب ہوئے تو انہوں نے اس کا نیا دستور قرآن پاک کی کس آیت کے عنوان سے رکھا؟

Marfat.com

جواب : كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّة اَخْرَجت اللنَّاس تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ.

ترجمہ۔" تم ان سب امتوں سے بہتر ہو جو لوگوں میں ظاہر کی جا چکی ہیں کیوں کہ تم نیکی کی تعلیم دیتے ہو بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔"

(آل عمران ع11)

سوال : بی اے کب کیا؟

جواب : 1938ء میں اور اس کے بعد ایم۔اے بھی کیا۔

سوال : ضلع میانوالی مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1942ء میں اس کے علاوہ صوبائی کونسل اور آل انڈیا مسلم لیگ کے رکن بھی چنے گئے۔

سوال : 1945ء میں انہوں نے میاں محمد شفیع کے ساتھ مل کر پاکستان کے متعلق کون سی کتاب لکھی؟

جواب : "پاکستان کیا ہے اور کیسے بنے گا۔" کے عنوان سے ایک کتاب لکھی۔

سوال : عبدالستار نیازی کو گرفتار کب کیا گیا؟

جواب : ختم نبوت کے سلسلے میں جلسے کرنے پر 23 مارچ 1952ء کو۔

سوال : فوجی عدالت نے باغیانہ تقریر پر موت کا حکم سنایا بعد ازاں عمر قید میں تبدیل کر دیا بتائیں ان کو کتنا عرصہ جیل میں رہنا پڑا؟

جواب : 29 اپریل 1955ء کو دو سال سے زیادہ عرصہ جیل کاٹ کر ضمانت پر رہا ہوئے۔ مئی 1953ء میں عدالت نے سزا کو خلافِ قانون قرار دے کر مولانا کو باعزت طور پر بری کر دیا۔

سوال : کس کی کوششوں سے 7 ستمبر 1974ء کو قادیانی غیر مسلم اقلیت قرار دے دیے

Marfat.com

گئے؟

جواب : مولانا عبدالستار خان نیازی کی۔

سوال : 20 دسمبر 1974ء کو ورلڈ اسلامک مشن کی دعوت پر جمعیت علماء پاکستان کا ایک وفد شاہ احمد نورانی کی قیادت میں عالمی تبلیغی دورہ پر روانہ ہوا۔ بتائیں اس میں انہوں نے کیا کردار ادا کیا؟

جواب : فریضہء حج کی ادائیگی کے بعد اس وفد نے کینیا' مشرقی افریقہ' ماریشس آئر لینڈ' انگلستان' جنوبی امریکہ کی ریاستیں' ریاست ہائے متحدہ' امریکہ ہالینڈ اور دیگر بہت سے ممالک کا دورہ کیا اور قادیانیوں کے بے شمار مراکز بند ہوگئے اس دورے کا کل سفر تقریباً ایک لاکھ میل بنتا ہے اور اس دورے میں چھ سو سے زائد اجتماعات سے خطاب کیا۔ کئی ممالک کے ریڈیو اور ٹی وی سے بھی خطاب کا موقع فراہم ہوا۔ اس کے بعد عمرہ ادا کر کے یہ وفد 3 اپریل 1975ء کو واپس پاکستان پہنچ گیا۔

☆

عبدالسلام' ڈاکٹر

سوال : مشہور سائنس دان ڈاکٹر عبدالسلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 29 جنوری 1926ء کو جمعہ کے دن کھیانہ (جھنگ) میں۔

سوال : آپ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

جواب : چودھری محمد حسین۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : جھنگ میں۔

Marfat.com

سوال : انٹرمیڈیٹ کالج جھنگ میں داخلہ کب لیا؟

جواب : 1938ء میں داخلہ لیا اور 1940ء میں میٹرک کیا اور صوبہ بھر میں اول رہے۔

سوال : 1942ء میں ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ کیا پوزیشن رہی؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی میں اول رہے۔

سوال : بی۔اے کا نتیجہ کیا رہا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی میں اول۔

سوال : 1946ء میں انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم۔اے ریاضی کیا۔ تائیں کتنے نمبر لیے؟

جواب : 600 میں سے 573 نمبر لے کر اول رہے۔

سوال : اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلستان کی کس یونیورسٹی میں داخلہ لیا؟

جواب : سینٹ جان کالج کیمبرج میں۔

سوال : کیمبرج میں انہوں نے 1946ء سے 1949ء یعنی تین سال قیام کیا اس دوران کون سے کورسز کیے؟

جواب : بی۔اے آنرز ریاضی کا کورس دو سال میں اور بی آنرز فزکس کا تین سال کا کورس ایک سال میں پاس کیا۔

سوال : پی۔ایچ۔ڈی کہاں سے کی؟

جواب : کیونڈش لیبارٹری کیمبرج سے نظریاتی طبیعات میں۔

سوال : 1951ء میں وطن واپس آ کر کس کالج میں پروفیسر مقرر ہوئے؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور میں ریاضی کے پروفیسر لگے۔

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور کے لندن کس کالج میں خدمات انجام دیں؟

جواب : امپیرل کالج میں۔

سوال : ڈاکٹر عبدالسلام کو کتنی عمر میں فیلو آف رائل سوسائٹی کا ممبر چن لیا گیا؟

جواب : 33 برس کی عمر میں۔

سوال : انہیں نوبل انعام کب اور کیوں دیا گیا؟

جواب : 1979ء میں انہیں نوبل انعام سے نوازا گیا کیونکہ انہوں نے ثابت کیا کہ کائنات میں چار نہیں بلکہ تین قوتیں کام کر رہی ہیں۔ اسی سال حکومت پاکستان نے نشان امتیاز دیا۔

سوال : حکومت پاکستان نے ستارہ امتیاز اور پرائڈ آف پرفارمنس کس سن میں دیا؟

جواب : 1959ء میں۔

سوال : آپ کتنا عرصہ صدر پاکستان اور وزیراعظم کے چیف سائنٹیفک مشیر رہے؟

جواب : 1961ء تا 1974ء تک۔

سوال : انٹرنیشنل سنٹر آف تھوریٹکل فزکس ٹریسٹی (اٹلی) کس نے قائم کیا؟

جواب : ڈاکٹر عبدالسلام نے۔

سوال : 1964ء سے اب تک کتنے سائنسدان اس سے استفادہ کر چکے ہیں؟

جواب : تقریباً چالیس ہزار۔

سوال : دنیا کی کتنی یونیورسٹیوں میں ان کا تقرر ہوا؟

جواب : چھ یونیورسٹیوں میں۔

سوال : ڈاکٹر عبدالسلام کو کن کن ممالک نے اعزازی ڈگریاں دیں؟

جواب : پاکستان، برطانیہ، امریکہ، اٹلی، بھارت، ترکی، بنگلہ دیش، نائیجیریا، سپین، فلپائن، سوڈان، پیرو، کینیا، وینزویلا، اردن، پولینڈ، اور جنٹائن نے۔

سوال : انہیں کل کتنے بین الاقوامی ایوارڈ اور میڈل ملے؟

Marfat.com

جواب : تقریباً اڑھائی سو کے قریب۔

سوال : ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب : 21 نومبر 1996ء کو انگلستان میں۔

سوال : ان کی وصیت کے مطابق انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

جواب : پاکستان میں۔

☆

عبدالغفور خان ہوتی، نوابزادہ

سوال : صدر ایوب خان کی چوتھی صدارتی کابینہ میں عبدالغفور خان ہوتی کتنا عرصہ وزیر تجارت رہے؟

جواب : 6 جولائی 1967ء تا 25 مارچ 1969ء۔

سوال : نوابزادہ عبدالغفور خان ہوتی صوبہ سرحد کے گورنر کب بنے؟

جواب : 30 دسمبر 1985ء کو۔

سوال : کب تک اس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 18 اپریل 1986ء تک۔

☆

عبدالقیوم خان، خان

سوال : عبدالقیوم خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 16 جولائی 1901ء کو چترال میں۔

سوال : پشاور کے کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟

Marfat.com

جواب : اسلامیہ کالج پشاور میں۔

سوال : بی۔ ایس سی کہاں سے کیا؟

جواب : ''لندن سکول آف اکنامکس'' انگلستان سے۔

سوال : بیرسٹر ایٹ لاء کب بنے؟

جواب : 1926ء میں۔

سوال : پاکستان کی آزادی کی جدوجہد کے ابتدائی ایام میں کس پارٹی کے رکن بنے؟

جواب : کانگرس کے۔

سوال : مسلم لیگ میں کب شمولیت اختیار کی؟

جواب : 1945ء میں۔

سوال : ڈاکٹر خان وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد نے عبدالقیوم کو جدوجہد پاکستان کے سلسلے میں کتنا عرصہ جیل میں رکھا؟

جواب : 20 فروری 1947ء تا 3 جون 1947ء۔

سوال : صوبہ سرحد کے پہلے وزیر اعلیٰ کا نام بتائیں؟

جواب : خان عبدالقیوم خان۔

سوال : وہ کتنا عرصہ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 22 اگست 1947ء تا 17 اپریل 1953ء۔

سوال : انہیں کس گورنر جنرل نے صوبہ سرحد کی اس بٹ سے الگ کیا اور کونسا عہدہ دیا؟

جواب : ملک غلام محمد نے ان کا یہ عہدہ ختم کر کے انہیں مرکزی حکومت کا وزیر صنعت بنایا۔

سوال : پشاور یونیورسٹی کس کی کوششوں سے قائم ہوئی؟

جواب : خان عبدالقیوم خان کی۔

Marfat.com

سوال : کس گورنر جنرل کے دور میں حزب اختلاف میں آئے؟

جواب : سکندر مرزا کے دور میں۔

سوال : صدر مسلم لیگ کی حیثیت سے اکتوبر 1958ء میں انہوں نے جو جلوس نکالا یہ کتنا بڑا تھا؟

جواب : 32 میل کے طول میں لوگوں کا ایک سمندر تھا۔

سوال : خان عبدالقیوم خان' ذوالفقار علی خان بھٹو کے دوسرے صدارتی دور میں کتنا عرصہ داخلہ ریاستیں' سرحدی علاقے اور کشمیر کے وزیر رہے؟

جواب : 29 اپریل 1972ء تا 13 اگست 1973ء۔

☆

عبدالولی خان' خان

سوال : ولی خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1916ء میں۔

سوال : وجہء شہرت کیا ہے؟

جواب : پاکستان کے مشہور سیاسی رہنما۔

سوال : والد محترم کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : خان عبدالغفار خان۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : کرنل براؤن پبلک سکول ڈیرہ دون میں۔

سوال : 1942ء میں کس تحریک میں حصہ لینے کی پاداش میں تین سال جیل کاٹی؟

جواب : ''ہندوستان چھوڑ دو''۔

Marfat.com

سوال : 1948ء میں گرفتار ہونے کے بعد رہائی کب ملی؟

جواب : 1954ء میں۔

سوال : 1967ء میں انہیں دوبارہ گرفتار کرلیا گیا۔1968ء میں کس صدر پاکستان کی گول میز کانفرنس کے موقع پر رہا ہو کر کانفرنس میں شرکت کی؟

جواب : فیلڈ مارشل صدر ایوب خان کی۔

سوال : ان کی جماعت (نیپ) کو کب کالعدم قرار دے دیا گیا؟

جواب : 1971ء میں۔

سوال : 1970ء میں جماعت کو کیا کامیابی ملی؟

جواب : 1970ء کے عام انتخابات میں ان کی جماعت کو دو صوبوں میں اکثریت ملی جس کے نتیجہ میں بلوچستان اور صوبہ سرحد میں جمعیت العلمائے اسلام کے اشتراک سے حکومتیں بنیں۔

سوال : کتنے عرصے بعد عراقی اسلح کی آڑ میں نیپ اور جمعیت کی حکومتیں ختم کر دی گئیں؟

جواب : نو ماہ بعد۔

سوال : 1947ء اور 1973ء میں کن تحریکوں میں بھرپور حصہ لیا؟

جواب : تحریک بحالی جموریت اور تحریک ختم نبوت میں۔

سوال : 1975ء میں کس کے قتل کے الزام میں گرفتار کیا گیا؟

جواب : شیر پاؤ کے قتل کے الزام میں۔1978ء میں رہا کر دیا گیا۔

سوال : عوامی نیشنل پارٹی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب : 1986ء میں عوامی نیشنل پارٹی کے قیام پر اس کے سربراہ بنے۔ یاد داشتوں پر ایک کتاب بھی لکھی۔

Marfat.com

عطاء اللہ شاہ بخاریؒ سید

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1891ء میں پٹنہ میں۔

سوال : شاہ صاحب کس کے فرزند تھے؟

جواب : سید ضیاء الدین احمد شاہ کے۔

سوال : انہوں نے دینی تعلیم کن علماء سے حاصل کی؟

جواب : امرتسر میں مولانا نور احمد سے قرآن مجید کی تفسیر پڑھی۔ مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی سے فقہ اور مفتی محمد حسن سے مسلم شریف کا درس لیا اور دادا نے قرآن پاک حفظ کروایا۔

سوال : ان کو قرات کا فن سیکھانے والے کون تھے؟

جواب : سلطان ترکی خلیفہ عبدالمجید کے بچوں کے اتالیق۔

سوال : پہلی بار سیاسی تقریر کب اور کہاں کی؟

جواب : دسمبر 1919ء میں نیشنل کانگرس، مسلم لیگ خلافت کانفرنس میں کی جو امرتسر میں منعقد ہوئی۔

سوال : آزاد ہائی سکول کس نے قائم کیا اور اس کا افتتاح کس نے کیا؟

جواب : 1921ء میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے قائم کیا اور مولانا ابوالکلام آزاد نے افتتاح کیا۔

سوال : 27 مارچ 1921ء کو انگریز کے خلاف تقریر کرنے کے الزام میں گرفتار ہوئے بتائیں انہیں کیا سزا ملی؟

جواب : تین سال قید بامشقت۔

Marfat.com

سوال : یہ سزا کب پوری ہوئی؟

جواب : 21 اکتوبر 1923ء کو۔

سوال : تیسری بار گرفتار ہونے پر کتنی سزا ملی؟

جواب : 10 جولائی 1927ء تا مئی 1928ء۔

سوال : بتائیں "امیر شریعت" کسے کہا جاتا ہے؟

جواب : سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو (یہ خطاب مولانا شاہ کاشمیری نے دیا)

سوال : 23 مارچ 1940ء کو قرار داد پاکستان کی منظوری کے موقع پر شاہ صاحب کہاں تھے؟

جواب : جیل میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کس شہر میں مستقل سکونت اختیار کی؟

جواب : ملتان میں۔

سوال : 13 جولائی 1953ء کو کس کی ہدایت پر لاہور میں ختم نبوت کے سلسلے میں کل جماعتی کانفرنس منعقد کی گئی؟

جواب : سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی ہدایت پر۔

سوال : پاکستان میں کتنی بار گرفتار ہوئے اور کتنی سزا پائی؟

جواب : 26 فروری 1953ء اور 8 فروری 1954ء کو گرفتار ہوئے اور 1955ء میں چھ ماہ کے لیے نظر بند کر دیئے گئے۔

سوال : ان کی وفات کب ہوئی؟

جواب : 2 اگست 1961ء کو۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب : ان کے بیٹے صاحبزادہ سید ابوذر بخاری نے۔

Marfat.com

سوال : ان کی آخری آرام گاہ کہاں پر ہے؟

جواب : جلال باقری کے قبرستان میں نزد باغ لنگے خاں۔

☆

عطاء الحق قاسمی

سوال : عطاء الحق قاسمی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : یکم فروری 1943ء کو امرتسر میں۔

سوال : پرائمری تک تعلیم کس سکول میں حاصل کی؟

جواب : ایم بی پرائمری سکول وزیر آباد میں۔

سوال : میٹرک کہاں سے کیا؟

جواب : ماڈل ہائی سکول ماڈل ٹاؤن لاہور سے۔

سوال : انہوں نے گریجوایشن کس کالج سے کی؟

جواب : ایم اے او کالج لاہور سے۔

سوال : اورینٹل کالج سے کس مضمون میں ایم اے کیا؟

جواب : اردو میں۔

سوال : کتنا عرصہ سے ایم اے او کالج لاہور میں درس و تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں؟

جواب : گزشتہ سولہ برس سے۔

سوال : عطاء الحق قاسمی گزشتہ بیس برس سے روزنامہ ''نوائے وقت'' میں کس عنوان سے کالم لکھ رہے ہیں؟

Marfat.com

جواب : ''روزن دیوار سے''۔

سوال : سیرو سیاحت کے لیے کب اور کن کن ممالک میں گئے؟

جواب : 1970ء میں امریکہ' ہالینڈ' فرانس' جرمنی' ترکی' ایران' افغانستان کی سیاحت کی اور 1971ء میں وطن واپس آ گئے۔

سوال : امریکہ اور یورپ کا سفر کس نام سے تحریر کیا؟

جواب : ''شوقِ آوارگی''۔

سوال : عطاء الحق قاسمی نے حید رآباد دکن میں منعقدہ عالمی طنزو مزاح کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کب کی؟

جواب : 1985ء میں۔

سوال : عطاء الحق پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے رکن ہیں ۔بتائیں پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کی سنٹر ایڈوائزری کمیٹی میں کونسا عہدہ رکھتے ہیں؟

جواب : رکن کا۔

سوال : کیا عطاء الحق قاسمی لاہور آرٹس کونسل کی گورننگ باڈی کے ممبر ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : عطاء الحق قاسمی کن کمیٹیوں میں رکن کی حیثیت سے شامل ہیں؟

جواب : پاکستان اکیڈیمی آف لیٹرز کے ایڈیوَرل بورڈ کے رکن اور پاپولیشن پلاننگ کی کمیونیشن کمیٹی کی کورننگ باڈی کے رکن رہے ہیں۔

سوال : عطاء الحق قاسمی کی مشہور اور شہرت یافتہ ٹی وی ڈرامہ سیریل کون سی ہیں؟

جواب : خواجہ اینڈ سن' اپنے پرائے اور علی بابا چالیس چور وغیرہ۔

سوال : ان کے چند ایک سفرناموں کے نام بتائیں؟

جواب : امریکہ رے امریکہ ۔۔۔ کیا ہم چین کو جائیں' شوقِ آوارگی اور مسافتیں

Marfat.com

وغیرہ۔

سوال : ''آشوبِ ہوا'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

جواب : عطاء الحق قاسمی کا۔

☆

عطاء اللہ خان مینگل، سردار

سوال : عطاء اللہ خان مینگل کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1930ء میں ضلع قلات میں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : ضلع قلات میں۔

سوال : قلات ڈسٹرکٹ کونسل میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : چیئرمین۔

سوال : مغربی پاکستان اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : کتنا عرصہ مارشل لاء کے تحت مختلف مقدمات کے سلسلے میں قید و بند رہے؟

جواب : اکتوبر 1958ء تا 1966ء۔

سوال : صوبہ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ کتنا عرصہ رہے اور کس پارٹی کی طرف سے؟

جواب : نیشنل عوامی پارٹی نے جمعیت العلمائے اسلام کے اشتراک سے وزارت تشکیل دی تو وہ وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے وہ یکم مئی 1972ء تا 15 فروری 1973ء وزیر اعلیٰ کے عہدے پر فائز رہے۔

وال : انہیں معطل کیوں کیا گیا؟

Marfat.com

جواب : صوبے میں صدر راج کے نفاذ پر۔

سوال : 9فروری1975ء کو کیوں گرفتار کیا گیا؟

جواب : نیشنل عوامی پارٹی کو کالعدم قرار دے کر اس کے رہنما گرفتار کر لیے گئے جن میں مینگل صاحب بھی شامل تھے۔

سوال : انہیں رہائی کب ملی؟

جواب : 4جنوری1978ء کو نیپ کے دوسرے رہنماؤں کے ساتھ۔

سوال : اب کس پارٹی سے وابستہ ہیں؟

جواب : عوامی نیشنل پارٹی سے۔

☆

عنایت اللہ خان گنڈاپور، سردار

سوال : سرحد کے پانچویں وزیر اعلیٰ کا نام کیا تھا؟

جواب : سردار عنایت اللہ خان گنڈاپور۔

سوال : وہ کتنا عرصہ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : اپریل1973ء تا یکم مئی1975ء۔

☆

عمران خان

سوال : عمران خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 25نومبر1952ء کو لاہور میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

Marfat.com

جواب : ایچی سن کالج لاہور میں۔

سوال : پہلا ٹیسٹ کب کھیلا؟

جواب : 1971ء میں۔

☆

غلام اسحاق خان

سوال : غلام اسحاق خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 20 جنوری 1915ء کو اسماعیل خیل بنوں میں پیدا ہوئے۔

سوال : بی۔ایس۔سی کہاں سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے کیمسٹری اور باٹنی میں بی۔ ایس۔سی کیا۔

سوال : صوبہ سرحد کی سول سروس میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : تقسیم ہند کے بعد کس کے سیکرٹری مقرر ہوئے؟

جواب : وزیر اعلیٰ کے سیکرٹری خوراک اور صوبہ سرحد کے ڈائریکٹر سول سپلائز کے عہدے پر رہے۔

سوال : وحدت مغربی پاکستان کے قیام کے موقعہ پر کن کاموں پر مامور ہوئے؟

جواب : ترقیاتی کاموں اور محکمہ خوراک کے سیکرٹری مقرر ہوئے۔

سوال : واپڈا کے چیئرمین کتنا عرصہ رہے؟

جواب : یکم فروری 1961ء تا 11 اپریل 1966ء۔

سوال : وزارتِ مالیات حکومت پاکستان کے سیکرٹری کب مقرر ہوئے؟

جواب : اپریل 1966ء میں۔

Marfat.com

سوال : انہیں ڈویژن کا سیکرٹری کب مقرر کیا گیا؟

جواب : یکم ستمبر 1970ء کو۔

سوال : سٹیٹ بنک کے گورنر کب بنے؟

جواب : 18 دسمبر 1971ء کو۔

سوال : مسلم ممالک کی اقتصادی کمیٹی کا اجلاس منعقدہ جدہ میں پاکستانی وفد کی قیادت کب کی؟

جواب : مئی 1974ء میں۔

سوال : سیکرٹری جنرل ڈیفنس کب مقرر ہوئے؟

جواب : 24 جنوری 1975ء کو۔

سوال : 7 جولائی 1977ء کو کس عہدے پر ترقی دے دی گئی؟

جواب : سیکرٹری جنرل انچیف بنا دیئے گئے (یہ عہدہ وفاقی وزیر کے مساوی تھا)۔

سوال : 14 جنوری 1978ء کو کن عہدوں پر فائز ہوئے؟

جواب : چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے مشیر اور ازاں بعد وزارتِ خزانہ کا قلمدان سونپا گیا۔

سوال : انہیں کن اعزازات سے نوازا گیا ہے؟

جواب : ہلال قائداعظم اور ستارۂ پاکستان سے۔

سوال : 1985ء میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 1985ء تک وزیر خزانہ رہے بعد ازاں پاکستان سٹیٹ بنک کے چیئرمین منتخب ہوئے۔

سوال : غلام اسحاق خان قائم مقام صدر کب بنے؟

جواب : 17 اگست 1988ء کو جب صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق طیارے کے

Marfat.com

حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔

سوال : غلام اسحاق خان باقاعدہ اور بااختیار صدر مملکت کب بنے؟

جواب : 13 دسمبر 1988ء کو۔

سوال : اُنہوں نے وزیراعظم پاکستان بے نظیر بھٹو کو برطرف کب کیا؟

جواب : 6 اگست 1990ء کو۔

سوال : نواز شریف حکومت کو کب برطرف کیا؟

جواب : 18 اپریل 1993ء کو۔

سوال : سپریم کورٹ نے صدر پاکستان کے اس اقدام کو کب اختیارات کے منافی قرار دے کر نواز شریف حکومت کو بحال کر دیا؟

جواب : 26 مئی 1993ء کو بحال کر دیا لیکن چند منٹ کے بعد دوبارہ اسمبلی توڑ دی گئی۔

سوال : وہ کب تک صدر پاکستان کے عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 18 جولائی 1993ء تک۔

☆

غلام جیلانی خان، لیفٹیننٹ جنرل

سوال : ان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1925ء میں جنڈیالہ شیر خان (شیخوپورہ) میں۔

سوال : گریجویشن کہاں سے کی؟

جواب : کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ سے۔

سوال : فوج میں کمیشن کب لیا؟

Marfat.com

جواب : 1944ء میں کمیشن حاصل کرنے کے بعد دوسری پنجاب رجمنٹ کی تیسری بٹالین میں شریک ہوئے۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کس عہدے پر ترقی ملی؟

جواب : فرنٹیئر فورس رجمنٹ کی ایک بٹالین کے ایڈجوائنٹ مقرر ہوئے۔

سوال : لیفٹیننٹ کرنل کب بنے؟

جواب : 1963ء میں۔

سوال : فرنٹیئر فورس رجمنٹ کی کمان کتنا عرصہ کی؟

جواب : 1965ء تا 1967ء۔

سوال : بریگیڈیئر کب ہوئے؟

جواب : 1968ء میں۔

سوال : انٹر سروسز انٹیلی جنس میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : ڈائریکٹر مقرر ہوئے۔

سوال : 1975ء میں ان کو کس عہدے پر ترقی ملی؟

جواب : میجر جنرل بنا دیئے گئے۔

سوال : سیکرٹری وزارت دفاع کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1977ء تا 1979 سیکرٹری وزارت دفاع اور جولائی 1979ء تا 30 اپریل 1980ء بطور سیکرٹری جنرل کے خدمات انجام دیں۔

سوال : گورنر پنجاب کے عہدے کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : یکم مئی 1980ء کو۔

سوال : انہیں کون کون سے اعزازات ملے؟

جواب : ''ستارہ بسالت'' اور ''ہلال امتیاز'' (ملٹری)۔

Marfat.com

سوال : کب تک پنجاب کے گورنر رہے؟

جواب : دسمبر 1985ء تک پنجاب کے گورنر رہے ازاں بعد فوج سے سبکدوش کر دیئے گئے۔

☆

غلام حسین ہدایت اللہ، شیخ

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : شکار پور ہائی سکول، ڈی جے کالج سندھ، بی اے بمبئی یونیورسٹی سے کیا اور گورنمنٹ لاء سکول بمبئی سے وکالت کی۔

سوال : صوبہ بمبئی کے ایگزکٹو کونسل کے ممبر کب بنے؟

جواب : 1928ء میں۔

سوال : وہ مسلسل کتنی بار ایگزکٹو کونسل کے رکن رہے؟

جواب : 1934ء تک وہ مسلسل تین بار گورنر بمبئی کی ایگزکٹو کونسل کے رکن رہے۔

سوال : ایگزکٹو کونسل میں اور کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : نائب صدر۔

سوال : لیجسٹو کونسل میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : لیڈر۔

سوال : پہلی بار وہ کونسل کے غیر سرکاری رکن کب بنے؟

جواب : 1912ء میں۔

سوال : کب تک اس کے مسلسل ممبر منتخب ہوتے رہے؟

جواب : 1920ء تک۔

Marfat.com

سوال : وہ صوبہ سندھ کے گورنر کب بنے؟

جواب : 15 اگست 1947ء تا 14 اکتوبر 1948ء۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 14 اکتوبر 1948ء کو کراچی میں۔

☆

غلام حیدر وائیں

سوال : غلام حیدر وائیں کی تعلیم کتنی ہے؟

جواب : بی۔اے۔

سوال : انہوں نے سیاسی زندگی کا آغاز کب کیا؟

جواب : 1961ء میں۔

سوال : یونین کمیٹی کے چیئرمین اور میونسپل کمیٹی میاں چنوں کے وائس چیئرمین کب بنے؟

جواب : 1961ء میں دوبارہ 1964ء میں اور تیسری بار 1984ء میں چار سال کے لیے چیئرمین بنے۔

سوال : مجلس شوریٰ کے ممبر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1982ء تا 1985ء۔

سوال : ملتان کے کس حلقہ سے صوبائی اسمبلی کے ممبر بنے؟

جواب : پی پی 161 ملتان سے۔

سوال : اسلامیہ گرلز کالج کے لیے فنڈ کب جمع کیا؟

جواب : 1982ء میں۔

Marfat.com

سوال : صوبہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ کب بنے؟

جواب : 7 اگست 1990ء کو۔

سوال : 1973ء اور 1975ء میں کن موضوعات پر دو کتب لکھیں؟

جواب : ''لوکل گورنمنٹ لاء'' پر۔

☆

غلام رسول مہر، مولانا

سوال : غلام رسول مہر کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1896ء میں۔

سوال : ان کا مقام پیدائش کون سا ہے؟

جواب : پھول پور ضلع جالندھر۔

سوال : بی۔ اے کب اور کہاں سے کیا؟

جواب : 1915ء میں اسلامیہ کالج لاہور سے۔

سوال : ملازمت کہاں اور کس عہدے سے شروع کی؟

جواب : ریاست حیدرآباد دکن میں بطور انسپکٹر مدارس۔

سوال : روزنامہ ''زمیندار'' سے کب منسلک ہوئے؟

جواب : 1921ء میں۔

سوال : مولانا نے کونسا روزنامہ جاری کیا؟

جواب : ''انقلاب''۔

سوال : ان کی وفات کب ہوئی؟

جواب : 16 نومبر 1971ء کو لاہور میں۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : سرگزشت' مجاہدین' سیرت سید احمد شہید' ابوالکلام آزاد کے خطوط وغیرہ۔

سوال : ان کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب : ''اچھا اللہ کے حوالے۔

☆

غلام قادر خان' جام میر

سوال : غلام قادر خان کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 1917ء میں ریاست لسبیلہ میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : میر غلام احمد جو کہ ریاست لسبیلہ کے حکمران تھے۔

سوال : ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی پھر ایچی سن کالج لاہور میں داخلہ لیا۔ لیکن اپنی تعلیم مکمل نہ کر سکے کیوں؟

جواب : والد کی وفات کی وجہ سے۔

سوال : غلام قادر خان والد کی جگہ پر ریاست کے حکمران کب بنے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : ریاست لسبیلہ کا پاکستان کے ساتھ الحاق کب ہوا؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : ریاست کے الحاق کے بعد غلام قادر کو کونسا عہدہ دیا گیا؟

جواب : پاکستان قانون ساز اسمبلی کے رکن بنا دیئے گئے۔

سوال : انہیں کس شعبے کی وزارت ملی؟

Marfat.com

جواب : جیل خانہ جات کے وزیر مقرر ہوئے۔

سوال : سندھ اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : پہلی بار کتنا عرصہ صوبہ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 27اپریل1973ء تا 3دسمبر 1975ء۔

سوال : گورنر بلوچستان میر احمد یار خان کے سنر مشیر کب بنے؟

جواب . 1975ء میں۔

سوال : بلوچستان اسمبلی کے سپیکر کب چنے گئے؟

جواب : 1975ء میں۔

سوال : دوسری بار صوبہ بلوچستان کے چوتھے وزیر اعلیٰ کب بنے اور کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 6اپریل1985ء تا29 مئی1988ء۔

غلام عباس

سوال : غلام عباس کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1909ء میں۔

سوال : کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : امرتسر میں۔

سوال : تعلیم وتربیت کے مراحل کہاں پر طے کیے؟

جواب : لاہور میں۔

سوال : ادبی زندگی کا آغاز کب کیا؟

جواب : 1925ء سے۔

Marfat.com

سوال : کتنے عرصے تک غیر ملکی افسانوں کا ترجمہ کرتے رہے؟

جواب : 1925ء سے 1928ء تک۔

سوال : ممتاز ڈرامہ نگار امتیاز علی تاج کے والد مولوی ممتاز علی کے کن رسالوں میں کام کیا؟

جواب : ''پھول''۔تہذیب'' اور ''نسواں'' میں۔

سوال : ان رسالوں میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : نائب مدیر کے عہدے پر کام کیا۔

سوال : کتنا عرصہ ان سے منسلک رہے؟

جواب : 1928ء سے 1937ء تک۔

سوال : دوسری جنگ عظیم کے موقعہ پر آپ نے کہاں ملازمت کی؟

جواب : دوسرے ادیبوں کی طرح ''آل انڈیا ریڈیو' سے منسلک ہو گئے۔

سوال : ریڈیو کے کن اردو اور ہندی رسالوں کے مدیر رہے؟

جواب : ''آواز اور ''سارنگ'' کے۔

سوال : برصغیر کی تقسیم کے بعد پاکستان چلے آئے۔ بتائیں ریڈیو پاکستان کے کس رسالے کی ادارت کے فرائض سرانجام دیتے رہے؟

جواب : رسالہ ''آہنگ'' کے۔

سوال : آپ کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : ان کے مجموعے آنندی' جاڑے کی چاندنی'' اور ''کن رس'' شائع ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی کتاب جزیرہ بخوراں بھی بہت پسند کی جاتی ہے۔

سوال : آپ کو کس مجموعے پر پانچ ہزار روپے کا آدم جی انعام بھی ملا؟

جواب : ''جاڑے کی چاندنی'' پر۔

غلام علی تالپور، میر

سوال : ان کی سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 1909ء میں حیدر آباد (سندھ) میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور بمبئی یونیورسٹی سے تعلیم پائی۔

سوال : سندھ اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : سندھ کے وزیر مال کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1943ء میں اس کے بعد مختلف وزارتی عہدوں پر کام کیا۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کون سی دستور ساز اسمبلی کے رکن بنے؟

جواب : پہلی۔

سوال : مرکزی وزیر مال کی حیثیت سے کتنا عرصہ خدمات انجام دیں؟

جواب : 1954ء، 1955ء۔

سوال : انہیں طلباء سے کیا لگاؤ تھا؟

جواب : وہ طلبہ کے بڑے ہمدرد تھے۔ انہوں نے بہت سے طالب علموں کے وظیفے بھی مقرر کر رکھے تھے۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1974ء میں ٹنڈو محمد خان میں وفات پائی۔

☆

Marfat.com

غلام محمد خان

سوال : غلام محمد خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 23 اکتوبر 1885ء کو ضلع گڑگاواں کے ایک گاؤں چومو میں۔

سوال : ان کے والدگرامی کا نام کیا تھا؟

جواب : ولی محمد خان۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : دہلی میں۔

سوال : فوج میں کس عہدے پر تھے؟

جواب : بٹالین حوالدار میجر تھے۔

سوال : ان کا تعلق کس یونٹ سے تھا؟

جواب : 16 پنجاب سے۔

سوال : کیا انہوں نے جنگ عظیم اول میں شمولیت کی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : مسلم لیگ کی کس طرح خدمت کی؟

جواب : فوج سے ریٹائر ہو کر اپنے گاؤں میں مسلم لیگ کے کارکن بن گئے کیونکہ وہ گاؤں کے سربراہ نمبردار تھے۔

سوال : تحریک پاکستان میں کیا کردار ادا کیا؟

جواب : تحریک پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ مالی طور پر بھی اور جانی طور پر بھی۔

سوال : مہاجرین کی آباد کاری میں نمایاں کام کس علاقے میں انجام دیا؟

جواب : گجرات میں۔

سوال : پاکستان میں کس علاقے میں آباد ہوئے؟

جواب : گجرات کے ایک گاؤں میکن میں۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 19 فروری 1953ء کو گاؤں میکن میں دفن ہوئے۔

☆

غلام محمدؒ ملک

سوال : ملک غلام محمد کب پیدا ہوئے؟

جواب : 29 اگست 1885ء

سوال : ایم۔ اے اور ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

جواب : علی گڑھ کالج سے۔

سوال : کیا وہ انڈین آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس سروس میں کامیاب ہوئے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : 1932ء تک وہ کس ریاست میں اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے؟

جواب : ریاست بہاول پور میں۔

سوال : حکومت ہند کے پوسٹ اینڈ ٹیلی گراف محکمہ کے ڈپٹی اکاؤنٹ جنرل کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1934ء میں۔

سوال : دوسری جنگِ عظیم میں وہ حکومت ہند کے کس ڈیپارٹمنٹ کے ایڈیشنل سیکرٹری مقرر ہوئے؟

جواب : سپلائی ڈیپارٹمنٹ کے۔

سوال : نظام حیدرآباد دکن کے مدیر مالیات کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1942ء میں۔

سوال : ٹاٹا کمپنی میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : ڈائریکٹر۔

سوال : ہندوستان کی تقسیم کے بعد مرکزی کابینہ میں کس شعبہ میں گئے؟

جواب : وزارتِ مالیات میں۔

سوال : پاکستان سٹیٹ بنک زراعتی مالی کارپوریشن اور صنعتی ترقیاتی کارپوریشن وغیرہ کی بنیاد کس نے رکھی؟

جواب : ملک غلام محمد نے۔

سوال : پاکستان کے گونر جنرل کب مقرر ہوئے؟

جواب : 19 اکتوبر 1951ء کو۔

سوال : اکتوبر 1954ء میں قانون ساز اسمبلی کو کیوں توڑ دیا گیا؟

جواب : کیونکہ وہ سات سال کے عرصہ میں بھی ملک کو قانون بنا کر نہ دے سکی۔

سوال : ریاستی حکومتیں کس کے دورِ حکومت میں ختم ہوئیں؟

جواب : ملک غلام محمد کے۔

سوال : وہ گورنر جنرل کے عہدے سے کب الگ ہو گئے؟

جواب : بیمار رہنے کی وجہ سے 5 اکتوبر 1955ء کو استعفیٰ دے دیا۔

سوال : انہوں نے کب وفات پائی؟

جواب : 29 اگست 1956ء کو۔

سوال : ان کا مدفن کہاں ہے؟

جواب : گورا قبرستان کراچی میں۔

Marfat.com

غلام مصطفیٰ تبسم، صوفی

سوال صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب 4 اگست 1899ء کو امرتسر میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : صوفی غلام رسول۔

سوال : میٹرک کس سکول سے کیا؟

جواب : چرچ مشن ہائی اسکول سے۔

سوال : میٹرک کے بعد کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب : خالصہ کالج میں۔

سوال : بی اے آنرز کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

جواب : ایف سی کالج لاہور سے۔

سوال : ایم اے فارسی کس کالج سے کیا؟

جواب : اسلامیہ کالج لاہور سے۔

سوال : بی ٹی کہاں سے کیا؟

جواب : سنٹرل ٹریننگ کالج سے۔

سوال : ملازمت کا آغاز کہاں سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ ہائی اسکول امرتسر سے۔

سوال : 1927ء میں سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور میں کس مضمون کے استاد مقرر ہوئے؟

جواب : السنۂ شرقیہ (Oriental Languaqes) کے۔

سوال : 1954ء میں کس کالج سے ریٹائر ہوئے؟

Marfat.com

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : آپ کس شعبہ کے صدر رہے؟

جواب : فارسی کے۔

سوال : کتنے سال ایم اے اردو اور آنرز کی کلاسوں کو پڑھاتے رہے؟

جواب : 25 سال تک۔

سوال : آپ کو ستارہ امتیاز سے کب نوازا گیا؟

جواب : 1967ء کو۔

سوال : حکومتِ ایران نے کیا خطاب دیا؟

جواب : حکومتِ ایران نے بھی آپ کو نشان فضیلت سے سرفراز کیا۔

سوال : آپ نے اس دنیا کو کب خیر باد کہا؟

جواب : 7 فروری 1978ء کو وفات پائی۔

سوال : آپ کی خاص تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : (فارسی' اردو' پنجابی کلام) ٹوٹ بٹوٹ جھولنے (بچوں کے لیے نظمیں) اور جاہ وجلال (ڈرامے) ان کی گرانقدر تصانیف ہیں۔

سوال : ان کا نمونہ کلام پیش کریں؟

جواب :

دیکھے ہیں بہت ہم نے ہنگامے محبت کے
آغاز بھی رسوائی ' انجام بھی رسوائی
کیا کرو گے کسی کی دلداری ؟
تم سے تو دلبری نہیں ہوتی

☆

غلام مصطفیٰ جتوئی

سوال : غلام مصطفیٰ جتوئی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 14 اگست 1931ء کو جتوئی (سندھ) میں۔

سوال : سینئر کیمبرج کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب : کراچی سے۔

سوال : بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد انگلستان کب گئے؟

جواب : 1952ء میں۔

سوال . کب اور کون سی قومی اسمبلیوں کے رکن رہے؟

جواب : پہلے نواب شاہ لوکل بورڈ کے پھر 1956ء میں مغربی پاکستان اسمبلی کے 1962ء 1965ء، 1970ء اور 1977ء کے انتخابات میں قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔

سوال : غلام مصطفیٰ جتوئی نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کی، سن بتادیں؟

جواب : 1962ء اور 1965ء میں۔

سوال : اٹاوہ میں انٹر پارلیمانی کانفرنس میں رکن کی حیثیت سے شرکت کب کی؟

جواب : ستمبر 1965ء میں۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1969ء میں۔

سوال : غلام مصطفیٰ جتوئی کو کب وفاقی وزیر برائے سیاسی امور، مواصلات اور قدرتی وسائل مقرر کیا گیا؟

Marfat.com

جواب : دسمبر 1971ء میں۔

سوال : صوبہ سندھ کے وزیراعلیٰ کب بنے؟

جواب : 22 دسمبر 1972ء کو۔

سوال : کب تک وزیراعلیٰ رہے؟

جواب : 5 جولائی 1977ء تک۔

سوال : غلام مصطفیٰ جتوئی نگران وزیراعظم پاکستان کب بنے؟

جواب : بے نظیر حکومت کے ٹوٹنے پر 6 اگست 1990ء کو۔

سوال : کب تک اس عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : 6 نومبر 1990ء تک۔

☆

غلام مصطفیٰ کھر

سوال : غلام مصطفیٰ کھر کب پیدا ہوئے؟

جواب : 2 اگست 1937ء کو کھر غربی (مظفر گڑھ) میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : سینٹ میری کانونٹ سکول ملتان، سینٹ انتھنی ہائی سکول لاہور اور ایچی سن کالج لاہور میں تعلیم حاصل کی۔

سوال : قومی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : کس پارٹی کے قیام میں اہم کردار ادا کیا؟

جواب : ذوالفقار علی بھٹو سے بڑے متاثر تھے یہی وجہ تھی کہ جب بھٹو نے وزارت خارجہ

Marfat.com

سے استعفیٰ دیا تو وہ ان کے دستِ راست بن گئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے قیام کے سلسلے میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔

سوال : پاکستان کے کس وزیراعظم کی حمایت کے الزام میں جیل کاٹی؟

جواب : ذوالفقار علی بھٹو کی حمایت کے الزام میں۔

سوال : دوبارہ قومی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : دسمبر 1970ء میں۔

سوال : ان کو گورنر پنجاب کب مقرر کیا گیا؟

جواب : 23 دسمبر 1971ء کو۔

سوال : کتنا عرصہ پنجاب کے گورنر رہے؟

جواب : 23 دسمبر 1971ء تا 18 نومبر 1973ء یعنی ایک سال گیارہ ماہ۔

سوال : پیپلز پارٹی میں کس عہدے پر کام کرتے رہے؟

جواب : پیپلز پارٹی پنجاب کی پراونشل شاخ کے جنرل سیکریٹری کے عہدے پر فائز رہے۔

سوال : پنجاب کے وزیراعلیٰ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 11 نومبر 1973ء تا 14 مارچ 1974ء پنجاب کے وزیراعلیٰ رہے۔

سوال : ستمبر 1975ء میں پیپلز پارٹی سے مستعفیٰ ہو کر کس پارٹی میں شامل ہو گئے؟

جواب : پاکستان مسلم لیگ میں۔

سوال : لندن کب گئے اور کب واپس آئے؟

جواب : مارشل لاء 1977ء کے نفاذ کے فوراً بعد لندن چلے گئے اور 1986ء میں واپس آئے۔

Marfat.com

سوال : دوبارہ گورنر پنجاب کب بنے؟

جواب : 14 مارچ 1975ء کو اور 31 جولائی 1975ء تک رہے۔

☆

غواث، میجر جنرل

سوال : میجر جنرل غواث کو گورنر سرحد کب مقرر کیا گیا؟

جواب : مئی 1974ء میں گورنر بنے ۔29 فروری 1974ء تک صوبہ سرحد کے گورنر رہے۔

☆

غوث بخش بزنجو

سوال : غوث بخش کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1920ء میں قلات میں۔

سوال : میٹرک تک تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : علی گڑھ سے۔

سوال : سٹیٹ نیشنل پارٹی میں کس عہدے پر رہے؟

جواب : صدر۔

سوال : سٹیٹ نیشنل پارٹی کو خلاف قانون قرار دیئے جانے کے بعد کس پارٹی میں شمولیت اختیار کی؟

جواب : پاکستان نیشنل پارٹی اور بعد ازاں نیشنل عوامی پارٹی میں۔

Marfat.com

سوال : بلوچستان سے قومی اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : 1970ء میں کس پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن بنے؟

جواب : نیشنل عوامی پارٹی کے ٹکٹ پر۔

سوال : ان کو بلوچستان کا گورنر کب بنایا گیا؟

جواب : جب بلوچستان اور سرحد میں نیشنل عوامی پارٹی اور جمعیت العلمائے اسلام کے اشتراک سے حکومتیں بنیں تو غوث بخش رئیسانی کے بعد ان کو بلوچستان کا گورنر مقرر کیا گیا وہ 29اپریل 1972ء تا14فروری 1973ء اس عہدے پر فائز رہے اور حکومت سے اختلاف کی بنا پر مستعفی ہوگئے۔

سوال : 9فروری1975ء کو کس لیڈر کے قتل کے الزام میں گرفتار ہوئے؟

جواب : حیات محمد خان شیر پاؤ کے قتل کے الزام میں۔

سوال : ان کو رہائی کب ملی؟

جواب : 4جنوری1978ء کو۔

سوال : یہ مقدمہ کب ختم ہوا؟

جواب : ان کی نقل وحرکت پر پابندی عائد رہی جو 9اپریل1985ء کو ختم کر دی گئی۔

☆

غوث بخش رئیسانی

سوال : غوث بخش کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب : 1924ء میں بلوچستان میں۔

سوال : تعلیم کی تکمیل کے بعد برطانوی فوج میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : اعزازی میجر۔

سوال : صوبائی اسمبلی پاکستان کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1970ء میں۔

سوال : پیپلز پارٹی میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1971ء میں۔

سوال : بلوچستان کے پہلے سول گورنر کون تھے؟

جواب : غوث بخش رئیسانی۔

سوال : کتنا عرصہ گورنر رہے؟

جواب : 28دسمبر 1971ء تا2اپریل 1972ء۔

سوال : وفاقی وزیر خوراک و زراعت کب بنے؟

جواب : 7مئی 1972ء کو انہیں وفاقی وزیر خوراک و زراعت بنا دیا گیا اور 13فروری 1974ء تک اسی عہدے پر فائز رہے۔

سوال : بلوچستان میں کس پارٹی کے صدر مقرر ہوئے؟

جواب : پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر مقرر ہوئے اور صوبائی کابینہ میں سینئر وزیر کا درجہ مل گیا۔

سوال : نظر بند کب رہے؟

جواب : 1977ء کے مارشل لاء کے نفاذ کے بعد کچھ عرصہ۔

سوال : 1986ء میں غلام مصطفیٰ جتوئی نے نیشنل پیپلز پارٹی قائم کی تو بلوچستان میں پارٹی کا صدر کس کو منتخب کیا؟

جواب : غوث بخش رئیسانی کو۔

سوال : ان کی موت کیسے ہوئی؟

Marfat.com

جواب : 26 مئی 1987ء کو جب وہ کوئٹہ جا رہے تھے' ڈھاڈر سے تین میل او
بولانالہ کے قریب پانچ محافظوں سمیت ہلاک کر دیئے گئے۔

☆

غوث علی شاہ' سید

سوال : غوث علی شاہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1934ء میں ضلع خیر پور (سندھ) میں۔

سوال : مسلم کالج کراچی سے بی۔اے کب کیا؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : ایل ایل بی کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1957ء میں۔

سوال : مقامی یونین کونسل کے اور ضلع بار کونسل کے صدر کب منتخب ہوئے؟

واب : 1946ء میں۔

وال : بار کونسل کے رکن کب بنے؟

اب 1974ء میں۔

وال : بار کونسل کے نائب چیئرمین کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1975ء تا 1979ء۔

سوال : کیا غوث علی شاہ لاء کالج کے بورڈ آف گورنز کے رکن بھی رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : سندھ کابینہ میں کب شامل ہوئے؟

جواب : 1981ء میں۔

Marfat.com

سوال : سندھ کے وزیر بلدیات کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1983ء میں۔

سوال : صوبائی اسمبلی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1985ء میں۔

سوال : غوث علی شاہ کتنا عرصہ صوبہ سندھ کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 6اپریل1985ء تا6اپریل1988ء۔

☆

فاروق احمد لغاری

سوال : پاکستان کے نویں صدر فاروق احمد لغاری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 2 مئی 1940 کو ڈیرہ غازی خان میں

سوال : ایچی سن کالج لاہور داخلہ کب لیا؟

جواب : 1949ء میں

سوال : گرایجویشن کہاں سے کیا؟

جواب : آکسفورڈ یونیورسٹی لندن سے

سوال : پاکستان سول سروسز میں ڈپٹی سیکرٹری کب بنے؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی میں کب شمولیت اختیار کی؟

جواب : 1975ء میں

سوال : کس پارٹی کے ٹکٹ پر سینٹر بنے؟

جواب : پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر۔

Marfat.com

سوال : وفاقی وزیر کے عہدہ پر کب فائز ہوئے؟

جواب : 1977ء میں

سوال : قید و بند کی صحبتیں کب برداشت کیں؟

جواب : ضیاء الحق کے مارشل لاء میں۔

سوال : قومی اسمبلی پنجاب اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1988ء میں

سوال : 1993ء میں قومی اسمبلی کے رکن چنے گئے اس کے بعد کونسا عہدہ ملا؟

جواب : وزیر اُمور خارجہ اور وزیر خزانہ۔

سوال : صدر پاکستان کب بنے؟

جواب : 14 نومبر 1993ء میں

سوال : ان کا حریف کون تھا؟

جواب : وسیم سجاد

سوال : فاروق احمد لغاری نے وسیم سجاد کے مقابلے میں کتنے ووٹ تھے؟

جواب : لغاری نے 274 جبکہ وسیم سجاد نے 168ء ووٹ حاصل کئے۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی کو خیر باد کب کیا؟

جواب : 14 نومبر 1993ء کو ہی

سوال : سرحد اسمبلی توڑ کر گورنر راج کب نافذ کیا؟

جواب : 26 فروری 1994ء کو

سوال : فاروق احمد لغاری صدر پاکستان کے عہدہ سے مستعفی کب ہو گئے؟

جواب : 2 دسمبر 1997ء کو

☆

Marfat.com

فخرالدین جی ابراہیم

سوال : کتنا عرصہ صوبہ سندھ کے گورنر رہے؟

جواب : 9اپریل1990ء تا 6اگست1990ء۔

☆

فدا محمد خان

سوال : ان کی جائے ولادت کون سی ہے؟

جواب : 24نومبر1919ء کو پشاور میں پیدا ہوئے۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر پائی؟

جواب : اسلامیہ ہائی سکول پشاور میں۔

سوال : بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : ایڈورڈ کالج پشاور سے۔

سوال : قانون کا امتحان کس یونیورسٹی سے پاس کیا؟

جواب : مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے۔

سوال : پشاور مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1945ء میں۔

سوال : مسلم نیشنل گارڈز پشاور کو منظم کرنے والی شخصیت کا نام کیا ہے؟

جواب : فدا محمد خان۔

Marfat.com

سوال : 1947ء میں مسلم لیگ نے ان کو رابطہ آفیسر کیوں مقرر کیا؟

جواب : 1947ء میں جب صوبہ سرحد میں استصواب ہوا تو تحریک پاکستان میں حصہ لینے کی وجہ سے مسلم لیگ نے استصواب کمیشن سے اپنی طرف سے رابطہ قائم رکھنے کے لیے انہیں رابطہ آفیسر مقرر کیا۔

سوال : آزادی کے بعد مسلم لیگ ہائی کمان نے ان کو کب پنجاب الیکشن کمیشن کا رکن نامزد کیا؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : ہاؤسنگ اور تعمیرات کے وزیر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 5 جولائی 1978ء تا 21 اپریل 1979ء۔

سوال : مجلس شوریٰ کے رکن کی حیثیت سے کتنا عرصہ خدمات سرانجام دیں؟

جواب : 1981ء تا 1984ء۔

سوال : صوبہ سرحد سے سینٹ کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : مارچ 1985ء میں۔

سوال : صوبہ سرحد کے گورنر کب بنے؟

جواب : 27 اگست 1986ء کو۔

سوال : کتنا عرصہ صوبہ سرحد کے گورنر رہے؟

جواب : 27 اگست 1986ء تا 16 جون 1988ء۔

☆

فضل الحق، مولوی

سوال : مولوی فضل الحق کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 29 اکتوبر 1873ء۔

سوال : آپ کس مقام پر پیدا ہوئے؟

جواب : ستوریہ بارسیال (بنگلہ دیش) میں۔

سوال : مولوی صاحب کو صوبہ بنگال کے وزیر تعلیم کا عہدہ کب ملا؟

جواب : 1924ء میں۔

سوال : آپ کتنا عرصہ تک ہندوستان کی مرکزی اسمبلی کے رکن رہے تھے؟

جواب : 1931ء سے 1937ء تک۔

سوال : آپ کلکتہ کے میئر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1934ء میں۔

سوال : کلکتہ کے پہلے مسلمان میئر کا نام بتائیں؟

جواب : مولوی فضل الحق۔

سوال : 1916ء میں مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان جو معاہدہ ہوا اس میں آپ کے دستخط ہیں یا نہیں؟

جواب : ہیں۔

سوال : پاکستان میں آپ کس اسمبلی کے رکن رہے؟

جواب : قانون ساز اسمبلی کے۔

سوال : 1906ء میں ملازمت چھوڑ کر کس سرکاری عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : ڈپٹی مجسٹریٹ کے عہدے پر۔

سوال : کس کالج سے تعلیم حاصل کی؟

جواب : پریزیڈنسی کالج کلکتہ سے۔

سوال : آپ نے مسلم لیگ میں شمولیت کب اختیار کی؟

Marfat.com

اب : مسلم لیگ کی تنظیم نو کے وقت۔

سوال : 1920ء میں آپ نے کس کمیٹی کی کلکتہ میں صدارت کی؟

جواب : خلافت کمیٹی کی کانفرنس کی صدارت کی؟

سوال : کیا آپ گول میز کانفرس میں شریک ہوتے رہے؟

جواب : جی ہاں!

سوال : ایل ایل بی کا امتحان کب پاس کیا؟

جواب : 1897ء میں۔

سوال : آپ نے وکالت کی پریکٹس کس شہر میں شروع کی؟

جواب : کلکتہ میں۔

سوال : آپ کو مسلم لیگ سے کونسی جنگ عظیم کے دوران نکالا گیا؟

جواب : 1941ء میں دوسری جنگ عظیم کے دوران۔

سوال : 1956ء میں چودھری محمد علی نے مرکز میں مخلوط وزارت بنائی تو مولوی صاحب کو کونسی وزارت ملی؟

جواب : وزارت داخلہ۔

سوال : آپ کتنا عرصہ مشرقی پاکستان کے گورنر رہے؟

جواب : مارچ 1956ء سے 1957ء تک۔

سوال : آپ نے کب وفات پائی؟

جواب : 27 اپریل 1962ء کو۔

سوال : آپ کا وقت موت اور دن کیا تھا؟

Marfat.com

ب : بروز جمعہ بوقت دس بج کر چالیس منٹ پر۔

ال : حکومت پاکستان نے آپ کو ''ہلال پاکستان'' کا تمغہ کب دیا؟

جواب : جنوری 1960ء کو۔

☆

فضل الرحمٰن، مولوی

وال : فضل الرحمٰن کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

واب : 1905ء میں ضلع ڈھاکہ کے گاؤں میں۔

وال : ایم اے کہاں سے کیا؟

جواب : ڈھاکہ یونیورسٹی سے۔

سوال : قانون کی ڈگری لینے کے بعد وکالت کب اور کس شہر سے شروع کی؟

جواب : ڈھاکہ سے 1933ء میں۔

سوال : کتنا عرصہ ڈھاکہ یونیورسٹی کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر رہے؟

جواب : 1933ء تا 1947ء۔

سوال : کلکتہ یونیورسٹی کے فیلو کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1938ء تا 1948ء۔

سوال : ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں کس عہدے پر رہے؟

جواب : ممبر۔

سوال : ڈھاکہ یونیورسٹی کی طرف سے بنگال لیجسلیٹو کونسل کے ممبر کب بنے؟

جواب : 1937ء میں۔

Marfat.com

سوال : حکومت بنگال میں وزیر خزانہ کب بنے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : وزارت پاکستان میں کون سے محکمے آپ کے پاس رہے؟

جواب : امورِ داخلہ، تعلیم و اطلاعات ونشریات۔

☆

فضل حق، لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ)

سوال : وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : وہ 1928ء میں مردان میں۔

سوال : ان کے کون سے بھائی واپڈا میں چیئرمین رہے؟

جواب : ان کے بڑے بھائی جنرل فضل رازق۔

سوال : انہوں نے 1965ء پاک بھارت جنگ میں کس سیکٹر پر خدمات انجام دیں؟

جواب : چاوندا سیکٹر پر۔

سوال : انہیں کن اعزازات سے نوازا گیا؟

جواب : "ہلال امتیاز" (ملٹری) اور "ستارہ بسالت" سے۔

سوال : وہ جنرل محمد ضیاء الحق کے مارشل لاء دور میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : ایڈمنسٹریٹر رہے۔

سوال : وہ صوبہ سرحد کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 8 ستمبر 1978ء تا 30 دسمبر 1985ء۔

سوال : کیا وہ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ بھی رہے؟

جواب : جی ہاں۔ (31 مئی 1988ء تا دسمبر 1988ء)۔

Marfat.com

سوال : وہ سینٹر کب رہے؟

جواب : 1985ء میں۔

سوال : نیشنل اسمبلی کے ممبر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1988ء میں۔

سوال : 1990ء میں کس اسمبلی کے ممبر چنے گئے؟

جواب : قومی اسمبلی کے۔

سوال : ان کا انتقال کیسے ہوا؟

جواب : 3 اکتوبر 1991ء کو انہیں قتل کر دیا گیا۔

سوال : انہوں نے کتنی عمر پائی؟

جواب : 63 سال۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کہاں ادا کی گئی؟

جواب : قیوم اسٹیڈیم پشاور میں۔

سوال : ان کی وصیت کے مطابق انہیں کس قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا؟

جواب : پشاور کے قومی قبرستان میں۔

☆

فضل اللہ، قاضی

سوال : قاضی فضل اللہ کب سندھ کے چوتھے وزیر اعلیٰ بنے؟

جواب : 8 مئی 1950ء کو۔

سوال : وہ کب تک اس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 24 مارچ 1951ء تک۔

Marfat.com

فضل الٰہی چودھری

سوال : چودھری فضل الٰہی کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1904ء میں مرالہ ضلع گجرات میں۔

سوال : بی۔ ایس ۔سی کہاں سے کیا؟

جواب : زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے۔

سوال : زرعی یونیورسٹی سے فارغ ہونے کے بعد کس یونیورسٹی کا رخ کیا؟

جواب : مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں داخلہ لیا۔

سوال : ایم ۔اے اکنامکس اور ایل۔ ایل۔بی کے امتحانات کب پاس کیے؟

جواب : 1927ء میں اور 1928ء میں۔

سوال : حصولِ تعلیم کے بعد وکالت کہاں شروع کی؟

جواب : گجرات میں۔

سوال : ضلعی مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : پنجاب اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : کیا انہوں نے بھی تحریک پاکستان کے سلسلے میں جیل کاٹی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کس حیثیت سے خدمات سرانجام دیں؟

جواب : وزیر تعلیم اور وزیر صحت رہے۔

سوال : [illegible] پاکستان اسمبلی کے سپیکر [illegible] رہے؟

Marfat.com

جواب : 1956ء تا 1958ء۔

سوال : 1962ء اور 1965ء اور 1970ء میں کن پارٹیوں کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : 1962ء اور 1965ء میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر اور 1970ء میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر۔

سوال : پاکستان قومی اسمبلی کے سپیکر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1972ء میں۔

سوال : پاکستان کے صدر کب بنے؟

جواب : 14 اگست 1973ء کو۔

سوال : انہیں 45 کے مقابلے میں کتنے ووٹ ملے؟

جواب : 139۔

سوال : اس عہدے سے سبکدوش کب ہوئے؟

جواب : 16 ستمبر 1978ء کو۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1982ء میں۔

سوال : وہ کہاں دفن ہیں؟

جواب : گجرات کے قصبے کھلویاں میں۔

☆

فیروز خان نون، ملک

سوال : ملک فیروز خان نون کا سنِ ولادت کیا ہے؟

Marfat.com

جواب :7 مئی1893ء۔

سوال : ان کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : سر محمد حیات خان نون (کمشنر)۔

سوال : لاہور کے کس کالج میں تعلیم پائی؟

جواب : ایچی سن کالج لاہور میں۔

سوال : ایم اے کی ڈگری کہاں سے لی؟

جواب : 1916ء میں آکسفورڈ یونیورسٹی سے۔

سوال : لندن سے ہی قانون کی ڈگری حاصل کی وطن واپس آ کر کتنا عرصہ اس پیشہ سے منسلک رہے؟

جواب : 1917ء تا1926ء یعنی نو سال۔

سوال : انہیں صوبہ پنجاب کا وزیر تعلیم کب مقرر کیا گیا؟

جواب : 1927ء میں انہیں صوبہ پنجاب کا وزیر تعلیم اور صحت عامہ مقرر کیا گیا۔

سوال : ہندوستان کے ہائی کمشنر کی حیثیت سے لندن میں کتنا عرصہ قیام پذیر رہے؟

جواب : 1936ء تا1941ء یعنی پانچ سال۔

سوال : رکن دفاع کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1943ء تا 1945ء یعنی تین سال۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کس علاقے کے گورنر اور وزیر اعلیٰ بنے؟

جواب : مشرقی پاکستان کے گورنر اور پنجاب کے وزیر اعلیٰ رہے۔

سوال : وزیر خارجہ کب بنے؟

جواب : 1956ء میں۔

سوال : وہ پاکستان کے وزیر اعظم کب منتخب ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 16 دسمبر 1957ء کو۔

سوال : وہ اس عہدہ پر کتنا عرصہ تعینات رہے؟

جواب : 16 دسمبر 1957ء تا 7 اکتوبر 1958ء یعنی تقریباً نو ماہ۔

سوال : ان کا تعلق کس پارٹی سے تھا؟

جواب : ری پبلکن پارٹی سے۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1970ء میں لاہور میں۔

سوال : ان کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : انہوں نے پانچ کتابیں لکھیں ہیں جن میں کینیڈا اور ہندوستان' احمقوں سے حصولِ عقل' آپ بیتی اور چشم دید شامل ہیں۔

☆

فیض احمد فیضؔ

سوال : فیض احمد فیضؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1910ء میں سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : خان بہادر سلطان محمد خاں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : سیالکوٹ میں۔

سوال : ایم اے عربی اور انگریزی کہاں سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

Marfat.com

سوال : 1936ء میں ایم اے او کالج امرتسر میں کس مضمون کے استاد مقرر ہوئے؟

جواب : انگریزی کے۔

سوال : فیض نے کس کی شاگردی اختیار کی؟

جواب : پطرس بخاری کی۔

سوال : انجمن ''زندہ دلان'' کے تحت فیض نے کون سا رسالہ جاری کیا؟

جواب : مشہور ادبی رسالہ '' کاروان'' جاری کیا۔

سوال : فیض کے پہلے مجموعے کا نام کیا ہے اور کب شائع ہوا؟

جواب : 1939ء میں فیض کا پہلا مجموعہ ''نقش فریادی'' شائع ہوا۔

سوال : 1939ء میں فیض کس رسالے کی ادارت کے فرائض انجام دے رہے تھے؟

جواب : ''ادب لطیف'' کے۔

سوال : ہیلی کالج آف کامرس میں لیکچرر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : آپ نے کب تک فوج میں ملازمت کی؟

جواب : 1946ء تک۔

سوال : ''پاکستان ٹائمز'' کی ملازمت کب اختیار کی؟

جواب : 1947ء کے آغاز میں جب ''پاکستان ٹائمز'' جاری ہوا تو فیض نے یہ ملازمت اختیار کر لی۔

سوال : ''امروز'' میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : مدیر مسئول کے عہدے پر۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد آپ ٹریڈ یونین فیڈریشن کے کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : نائب صدر۔

Marfat.com

سوال : مزدوروں کے نمائندے کی حیثیت سے کس اجلاس میں شرکت کی؟

جواب : آئی ایل او کے جنیوا اجلاس میں۔

سوال : پاکستان سیفٹی ایکٹ کے تحت پنڈی سازش کیس میں کب گرفتار ہوئے؟

جواب : 9 مارچ 1951ء کو۔

سوال : انہوں نے حیدر آباد جیل میں ہی کون سے دو مجموعے مرتب کیے؟

جواب : مجموعہ ''دستِ صبا'' اور مضامین کا مجموعہ ''میزان'' مرتب کیے۔

سوال : انہیں کس پرائز سے نوازا گیا؟

جواب : ''لینن امن پرائز'' ان کو ماسکو میں دیا گیا۔

سوال : پاکستان میں کون سے بڑے عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : نیشنل کونسل آف آرٹ اسلام آباد کے نگران اعلیٰ اور حکومت پاکستان کے ثقافتی مشیر رہے۔

سوال : آپ کی تصانیف کون کون سی ہیں؟

جواب : نقشِ فریادی، دستِ صبا، دست تہ سنگ، زندان نامہ، سفر دی رات، سرِوادی سینا مشہور ہیں۔ ان کے علاوہ تنقیدی مضامین کا مجموعہ ''میزان'' بھی شائع ہو چکا ہے۔

سوال : آپ نے کب وفات پائی؟

جواب : 1984ء میں۔

سوال : ان کا کوئی خوبصورت کلام سنائیں؟

جواب :

ساری دنیا سے دور ہو جائے
جو ذرا تیرے پاس ہو بیٹھے

Marfat.com

نہ گئی تیری بے رخی نہ گئی
ہم تیری آرزو بھی کھو بیٹھے

☆

قائم علی شاہ، سید

سوال : سید قائم علی شاہ 5فروری 1976ء تا 23مارچ 1977ء کس کی وزارت میں صنعت، کشمیر اور شمالی علاقہ جات کے وزیر رہے؟

جواب : ذوالفقار علی بھٹو کی وزارت کے تیسرے دور میں۔

سوال : قائم علی شاہ کتنا عرصہ سندھ کے وزیر اعلیٰ رہے؟

جواب : 2دسمبر 1988ء تا 24فروری 1990ء۔

☆

قتیل شفائی

سوال : قتیل شفائی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1919ء میں ہری پور میں۔

سوال : ان کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : اورنگ زیب۔

سوال : پاکستان رائٹرز گلڈ (مغربی پاکستان) میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : جنرل سیکرٹری۔

سوال : فلم انڈسٹری میں ان کا کردار کیا ہے؟

جواب : گیت لکھتے ہیں۔

سوال : ان کی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : ہریالی' آوازوں کے سائے' گجر' جلترنگ وغیرہ۔

☆

قدیر الدین احمد' جسٹس

سوال : صوبہ سندھ کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 12 دسمبر 1988ء تا 13 اپریل 1989ء۔

☆

قربان علی خان

سوال : قربان علی خان کتنا عرصہ گورنر سرحد رہے؟

جواب : 17 نومبر 1955ء تا 14 اکتوبر 1955ء۔

☆

کے۔کے آفریدی' لیفٹیننٹ جنرل

سوال : آفریدی کتنا عرصہ بلوچستان کے گورنر کے عہدے پر فائز رہے؟

جواب : 1984ء تا دسمبر 985ء

☆

Marfat.com

گاما پہلوان

سوال : گاما پہلوان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1882ء میں۔

سوال : برصغیر کے اس مشہور پہلوان کا اصلی نام کیا تھا؟

جواب : غلام حسین۔

سوال : لندن میں زبسکو سے فری اسٹائل کشتی لڑ کر عالمی شہرت کتنی عمر میں پائی؟

جواب : 1910ء میں اٹھائیس برس کی عمر میں۔

سوال : فری اسٹائل کشتی کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

جواب : 'Catch as catch can'۔

سوال : فری اسٹائل اور عام کشتی میں کیا فرق ہے؟

جواب : فری اسٹائل کشتی میں جسم کا جو حصہ بھی مقابل کے ہاتھ آجائے اس کو اس وقت تک سلا اور موڑا جاتا ہے جب تک کہ حریف چیں نہ بول اٹھے۔

سوال : گاما پہلوان کا وزن کتنا تھا؟

جواب : 14 اسٹون۔

سوال : زبسکو اور گاما کی کشتی کتنی دیر ہوئی؟

جواب : تقریباً تین گھنٹے۔

سوال : اس کشتی کا نتیجہ کیا نکلا؟

جواب : گاما نے زبسکو کو ہرا کر "عالمی چمپئن" کا خطاب حاصل کیا۔

سوال : گاما نے کس پہلوان سے شکست کھائی؟

جواب : کسی سے بھی نہیں۔

Marfat.com

سوال : انہیں کیا انعام ملا؟

جواب : 1959ء میں صدارتی تمغہ اور پانچ ہزار روپے۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 23 مئی 1960ء کو۔

☆

گل محمد خاں سردار جوگزئی

سوال : سردار گل محمد کا کس قبیلے سے تعلق ہے؟

جواب : کاکڑ قبیلے کی شاخ جوگیزئی سے۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : سردار باز محمد خان جوگیزئی۔

سوال : گل محمد نے گورنمنٹ کالج کوئٹہ سے گریجوایشن کب کیا؟

جواب : 1960ء میں۔

سوال : وہ بولان صدر یونین کونسل کے چیئرمین کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1961ء میں۔

سوال : انہوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کب کی؟

جواب : 1981ء میں۔

سوال : وہ بجلی و پانی کے وفاقی وزیر کب بنے؟

جواب : 1978ء میں۔

سوال : وہ کس ملک میں پاکستان کے سفیر بھی رہے؟

جواب : تیونس میں۔

Marfat.com

سوال : صدر غلام اسحاق خان نے گل محمد کو بلوچستان کا گورنر کب مقرر کیا؟

جواب : 12جولائی 1991ء کو۔

☆

لیاقت علی خان' نوابزادہ

سوال : لیاقت علی خان کس سن میں اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : یکم اکتوبر 1895ء کو کرنال (بھارت) میں۔

سوال : وہ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب : ایران کے کیانی خاندان سے۔

سوال : انہوں نے مسلم لیگ میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 1923ء میں۔

سوال : سیاسی جماعتوں کے کنونشن منعقدہ کلکتہ میں شرکت کے لیے کب تشریف لے گئے؟

جواب : دسمبر 1928ء میں۔

سوال : وہ مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 16اکتوبر 1950ء کو۔

سوال : انہوں نے بی۔اے کب اور کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : 1918ء میں علی گڑھ یونیورسٹی سے۔

سوال : کراچی میں ان کا قیام کس مقام پر رہا؟

جواب : 10وکٹوریہ روڈ کراچی۔

سوال : قائد ملت کے نام پر دو معاہدوں کے نام رکھے گئے ۔ وہ کون سے ہیں؟

جواب : لیاقت نہرو معاہدہ اور لیاقت ڈیسائی معاہدہ۔

سوال : وہ مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کب بنے؟

جواب : 1936ء میں۔

سوال : وہ پہلی مرتبہ قائد اعظم سے کہاں ملے؟

جواب : 1928ء میں کلکتہ میں۔

سوال : انہوں نے پاکستان کا پہلا عوامی بجٹ کب پیش کیا؟

جواب : 28 فروری 1948ء کو۔

سوال : وہ کس روزنامہ کے اعزازی مدیر بھی رہے؟

جواب : ڈان کے۔

سوال : قائد اعظم نے آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس 26 دسمبر 1943ء کو کراچی میں کس شخصیت کو اپنا دستِ راست کہا تھا؟

جواب : نوابزادہ لیاقات علی خان کو۔

سوال : انہیں 3 مئی 1950ء کو امریکہ کی کس یونیورسٹی نے اعزازی ڈگری دی تھی؟

جواب : کولمبیا یونیورسٹی نے۔ ڈاکٹر آف لاز کی ڈگری

سوال : انہوں نے امریکہ میں کس زبان میں تقریر کی؟

جواب : اردو میں۔

سوال : جنوری 1948ء میں سکول آف ایرونا ٹک کورنگی کراچی کا افتتاح کس نے کیا؟

جواب : قائد ملت لیاقت علی خان نے۔

سوال : پاکستان کے پہلے وزیر اعظم کون تھے؟

جواب : نوابزادہ لیاقت علی خان۔

Marfat.com

سوال : وہ کتنا عرصہ پاکستان کے وزیر اعظم رہے؟

جواب : 15 اگست 1947ء تا 16 اکتوبر 1951ء۔

سوال : انہیں کس نے اور کب شہید کیا؟

جواب : 16 اکتوبر 1951ء کو سید اکبر نامی بدبخت نے انہیں کمیٹی باغ راولپنڈی میں جلسہء عام سے خطاب کرتے ہوئے گولی مار کر شہید کر دیا۔

سوال : کمیٹی باغ اب کس نام سے منسوب ہے؟

جواب : لیاقت باغ کے نام سے۔

سوال : ان کی آخری آرام گاہ کہاں پر ہے؟

جواب : کراچی میں قائداعظم کے مزار کے احاطہ میں۔

سوال : ان کو وقتِ آخر کس نے پانی پلایا؟

جواب : ڈاکٹر چوہدری رفیق نے۔

سوال : شہادت کے وقت ان کا بنک بیلنس کتنا تھا؟

جواب : 1250 روپے۔

سوال : ان کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب : ''خدا پاکستان کو اپنی امان میں رکھے''۔

سوال : ایک تقریر میں ان کا کونسا ایکشن عوام کو پسند آیا؟

جواب : مکا لہرانا۔

☆

Marfat.com

محسن بھوپالی

سوال : آپ کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 1932ء۔

سوال : آپ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : بھوپال (مدھیہ پردیش) بھارت میں۔

سوال : آپ کا اصل نام کیا ہے؟

جواب : عبدالرحمٰن۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کس شہر میں سکونت اختیار کی؟

جواب : کراچی میں۔

سوال : بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : کراچی یونیورسٹی سے۔

سوال : انجینئرنگ (سہ سالہ ڈپلومہ) کر کے کس محکمے میں ملازمت اختیار کی؟

جواب : محکمہ تعمیرات سندھ میں۔

سوال : انکی وجہ شہرت؟

جواب : پاکستان کے ممتاز شاعر ہیں۔

سوال : آپ کے مجموعہ کلام کون سے ہیں؟

جواب : شکستِ شباب' جستہ جستہ' نظمانے وغیرہ۔

نیرنگیٔ سیاستِ دوراں تو دیکھئے
منزل انہیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

☆

Marfat.com

محفوظ محمد شہید (نشانِ حیدر)

سوال : آپ کس سن میں پیدا ہوئے؟

جواب : 25 اکتوبر سن 1944ء میں۔

سوال : کس گاؤں میں پیدا ہوئے؟

جواب : راولپنڈی کے ایک گاؤں پنڈ ملکاں میں پیدا ہوئے جو کہ ان کا آبائی گاؤں ہے اب یہ گاؤں محفوظ آباد کے نام سے موسوم ہے۔

سوال : سن 1971ء کی جنگ میں آپ کا تعلق کس رجمنٹ سے تھا اور کس طرح دشمن پر غالب پاتے ہوئے شہید ہوئے؟

جواب : جب 1971ء کی جنگ شروع ہوئی' اس وقت لانس نائک محفوظ 15 پنجاب رجمنٹ کی ''اے کمپنی'' سے وابستہ تھے۔ جو واہگہ اٹاری سیکٹر پر متعین تھی سترہ اور اٹھارہ دسمبر کی درمیانی رات کو اس کمپنی کو پھل کنجری نامی گاؤں پر قبضہ کرنے کا حکم دیا گیا۔ جو اس کے سیکٹر میں واقع تھا لانس نائیک محفوظ کی پلاٹون نمبر 3 اس حملے میں ہراول دستے کے طور پر سب سے آگے تھے۔ لہذا اسے دشمن کے مضبوط چونے گچ کے بنے مورچوں سے گولیوں کی زبردست بوچھاڑ کا سامنا کرنا پڑا۔ آگے بڑھتے ہوئے جب یہ کمپنی بھارتی فوج کی پوزیشن سے ستر گز کے فاصلے پر تھی تو سامنے اور پہلو سے دشمن کے خود کار ہتھیاروں کے فائر کی مسلسل باڑھ کے سبب کمپنی کو مجبوراً اپنی پیش قدمی روکنی پڑی۔ پو پھٹتے ہی دشمن کی توپوں نے بھی دہانے کھول دیئے مگر لانس نائک محفوظ نہایت بے جگری سے لڑ رہے تھے۔ ایک مرحلے پر جب ان کی مشین گن دشمن کے ایک گولے کی ضرب سے تباہ ہو گئی تو وہ اپنے ایک شہید ساتھی کی ہلکی مشین گن اٹھا

Marfat.com

کر دشمن کے اس مورچے کی طرف لپکے جہاں سے آئی ہوئی خود کار اسلحہ کی آگ ان کی کمپنی کو بھاری نقصان پہنچا رہی ہے ان کی دونوں ٹانگیں گولیوں سے چھلنی ہو چکی تھیں مگر وہ اپنے آپ کو گھسیٹتے ہوئے مشین گن سے فائر کرتے ہوئے آگے بڑھتے گئے۔ آگے اور آگے دشمن کے بنکر کی طرف ۔اور جب بنکر کے دہانے پر پہنچ گئے تو جیسے کسی غیر مرئی طاقت کے زور سے رینگتا ہوا یہ زخمی مجاہد یکبارگی کھڑا ہوگیا اور دشمن پر ٹوٹ پڑا لیکن اس اثناء میں قریب سے ایک گولی آ لگی اور مشین گن ان کے ہاتھ سے چھوٹ گئی مگر حوصلہ اپنی جگہ قائم تھا۔وہ ایک بھارتی سپاہی کو ہاتھوں میں پکڑ کر اس کا گلہ گھونٹ رہے تھے کہ ایک دوسرے بھارتی سپاہی نے سنگین مار کر انہیں شہید کر دیا۔

سوال : جنگ بندی کے بعد دشمن فوج کے کمانڈر نے ایک میٹنگ میں اپنے مدمقابل پاکستانی کمانڈر سے بات چیت کے دوران لانس نائیک محفوظ کی بہادری کا اعتراف کرتے ہوئے کیا کہا تھا؟

جواب : ''لانس نائک محفوظ کی سی بہادری اور ثابت قدمی کا مظاہرہ اس سے پہلے شاید ہی دیکھنے میں آیا ہو۔

محمد خان جونیجو

سوال : سیاست میں قدم کب رکھا؟

جواب : 1953ء میں۔

سوال : ڈسٹرکٹ بورڈ سانگھڑ کے چیئرمین کب بنے؟

جواب : 1965ء میں۔

سوال : مغربی پاکستان کی کابینہ میں کس عہدے پر خدمات انجام دیں؟

Marfat.com

جواب : وزیر محنت اور مواصلات کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

سوال : 5جولائی 1978ء کو جب صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے اپنی کابنیہ تشکیل دی تو ان کو کون سا عہدہ ملا؟

جواب : ریلوے کی وزارت سونپی گئی اور 21اپریل 1979ء تک اس عہدے پر کام کرتے رہے۔

سوال : محمد خان جونیجو کب اور کہاں پیدا ہوئے۔

جواب : 18اگست1932ء کو صوبہ سندھ کے ضلع سانگھڑ کی تحصیل کھیرو موضع سندھڑی میں؟

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی۔

جواب : کیمبرج یونیورسٹی سے سینئر کیمبرج کا امتحان پاس کیا اور اس کے بعد زرعی انسٹی ٹیوٹ ہنگو سے زراعت میں ڈپلومہ حاصل کیا۔؟

سوال : وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب : 23مارچ1985ء کو۔

سوال : وزیراعظم کے عہدے سے برطرف کب کر دیئے گئے؟

جواب : 29 مئی 1988ء کو۔

سوال : آج کل (1991) مسلم لیگ میں کس عہدہ پر کام کر رہے ہیں؟

جواب : مسلم لیگ کے صدر ہیں۔

☆

Marfat.com

محمد خان کرنل

سوال : کرنل محمد خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 15 اگست 1920ء کو۔

سوال : ان کا مقام پیدائش کون سا ہے؟

جواب : چکوال۔

سوال : لاہور کے کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : گورنمنٹ کالج میں۔

سوال : فوج میں بطور سیکنڈ لیفٹیننٹ کب بھرتی ہوئے؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : ریٹائرمنٹ کے بعد کس شہر میں سکونت اختیار کی؟

جواب : راولپنڈی میں۔

سوال : کرنل محمد خان کی قیادت میں ادیبوں کا پانچ رکنی وفد چین کب گیا؟

جواب : 30 جون 1985ء کو۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : ربجنگ آمد' بسلامت روی اور بزم آرائیاں وغیرہ۔

☆

Marfat.com

مخدوم سجاد حسین قریشی

سوال : وہ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1923ء میں۔

سوال : کس بزرگ کے سجادہ نشین ہیں؟

جواب : ملتان کی مذہبی اور سماجی شخصیت ہیں اور درگاہ حضرت بہاؤل الدین ذکریا ملتانی کے سجادہ نشین ہیں۔

سوال : گریجویشن کس کالج سے کیا؟

جواب : اورنٹیل کالج ملتان سے۔

سوال : ایل۔ایل۔بی کرنے کے بعد انہوں نے کس کورٹ سے اپنی پیشہ وارانہ زندگی کا آغاز کیا؟

جواب : ہائی کورٹ سے۔

سوال : قومی اسمبلی کے رکن کتنی بار منتخب ہوئے؟

جواب : تین بار۔

سوال : کتنا عرصہ بلدیہ ملتان کے وائس چیئرمین رہے؟

جواب : 1960ء تا 1969ء یعنی نو سال۔

سوال : وفاقی مجلس شوریٰ کے رکن کب بنے؟

جواب : 12 جنوری 1982ء کو۔

سوال : پنجاب کے گورنر کے عہدے پر کتنا عرصہ فائز رہے؟

جواب : 30 دسمبر 1985ء تا 7 دسمبر 1988ء تین سال۔

☆

Marfat.com

محمد علی بوگرا

سوال : ان کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب : 13 نومبر 1909ء کو بوگرا (بنگلہ دیش) میں۔

سوال : ان کے داداجو کہ پہلے مسلمان تھے جنہیں پورے بنگال کی حکومت میں 1921ء میں وزیر مقرر کیا گیا ان کا نام کیا تھا؟

جواب : نواب بہادر سید علی۔

سوال : کلکتہ یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1930ء میں۔

سوال : متحدہ بنگال اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : دوبارہ بنگال اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : رفاہی کاموں میں ان کے عظیم کارنامے کون سے ہیں؟

جواب : کلکتہ میں ہسپتال' ڈھاکہ میں میڈیکل کالج اور ناڈیا میں تپ دق کا کاسینی ٹوریم قائم کیا۔

سوال : قیام پاکستان کے فوراً بعد کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : آئین ساز اسمبلی کے رکن چنے گئے۔

سوال : برما میں پاکستان کے سفیر کب رہے؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : دوبارہ دستور ساز اسمبلی کے رکن کب بنے؟

Marfat.com

جواب : 1953ء میں۔

سوال : آئین ساز مجلس میں مسلم لیگ کے لیڈر کب چُنے گئے؟

جواب : 25 ستمبر 1953ء کو۔

سوال : انہوں نے اپنی وزارت کی دوبارہ تشکیل کب کی؟

جواب : اکتوبر 1954ء میں انہوں نے اپنی وزارت کی دوبارہ تشکیل کی اپریل 1955ء بنڈونگ میں منعقدہ ایشیائی افریقی کانفرنس میں شرکت کی بعد ازاں امریکہ اور جاپان میں پاکستان کے سفیر بھی رہے۔

سوال : وہ پاکستان کے وزیر اعظم کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 17 اپریل 1953ء تا 11 اگست 1955ء۔

سوال : وہ پاکستان کے وزیر خارجہ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : جون 1962ء تا 23 جنوری 1963ء یعنی چھ ماہ۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 23 جنوری 1963ء کو۔

☆

محمد علی جناح، قائداعظم

سوال : قائداعظم کب پیدا ہوئے؟

جواب : 8 ذی الحجہ 1693ھ مطابق 25 دسمبر 1876ء بروز پیر کو پیدا ہوئے۔

سوال : آپ کے والد گرامی کا نام کیا تھا؟

جواب : پونجا جناح۔

سوال : آپ کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب : گانجی خاندان سے۔

سوال : آپ کے آباؤ اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟

جواب : کاٹھیاواڑ کی ریاست گوندل کے۔

سوال : آپ کے والد کا ذریعہ معاش کیا تھا؟

جواب : تجارت۔

سوال : آپ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب : میٹھی بائی۔

سوال : آپ کتنے بہن بھائی تھے؟

جواب : چار بھائی محمد علی، احمد علی، بندے علی اور رحمت علی تین بہنیں مریم بائی، شیریں بائی اور فاطمہ جناح۔

سوال : آپ کو کونسا کھیل پسند تھا؟

جواب : کرکٹ۔

سوال : جناح پونجا کے انتقال کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

جواب : 26 سال۔

سوال : اُن تعلیمی اداروں کے نام بتائیں جہاں جہاں آپ زیرِ تعلیم رہے؟

جواب : سندھ مدرستہ الاسلام کراچی، انجمن اسلام اسکول بمبئی، چرچ مشن ہائی سکول کراچی۔

سوال : آپ کے دور میں میٹرک کس کلاس کو کہتے تھے؟

جواب : ساتویں جماعت کو میٹرک کہتے تھے۔

سوال : برصغیر کے سب سے کم عمر بارایٹ لاء کون تھے؟

جواب : قائد اعظم محمد علی جناح۔ آپ نے 18 سال کی عمر میں بیرسٹری کا امتحان لنکن

Marfat.com

ان لندن سے پاس کر لیا تھا۔

سوال : آپ کی کتنی بیویاں تھیں؟

جواب : دو۔ ایمی بائی اور رتن بائی۔

سوال : 15 اگست 1919ء کو آپ کے ہاں ایک لڑکی پیدا ہوئے بتائیں اس کا نام کیا رکھا گیا؟

جواب : وینا۔

سوال : 1905ء میں آپ کس کے پرائیویٹ سیکرٹری رہے؟

جواب : دادا بھائی نوروجی کے۔

سوال : آپ نے کانگریس میں مسلم نمائندگی کے فرائض کب انجام دیئے؟

جواب : 1909ء میں۔

سوال : 1910ء میں گوکھلے نے آپ کو کونسا خطاب دیا؟

جواب : ''سفیر صلح''

سوال : کن دو مسلم رہنماؤں کے اصرار پر آپ نے مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی؟

جواب : محمد علی جوہر اور سید وزیر حسن کے کہنے پر۔

سوال : مسز سروجنی نائیڈو نے میثاق لکھنو کے بعد آپ کو کون سا خطاب دیا؟

جواب : ہندو مسلم اتحاد کا سفیر۔

سوال : قائدِ اعظم ''ریڈ لیٹر ڈے'' کس تاریخ کو کہتے ہیں؟

جواب : 11 دسمبر 1918ء کو۔

سوال : محمد علی جناح ''اتحاد کا سفیر'' کس نے یہ کتاب لکھی؟

جواب : سروجنی نائیڈو نے۔

سوال : آپ نے اپنا پرائمری اور سیکنڈری سکول کن کن جماعتوں کو کہا ہے؟

جواب : انڈین نیشنل کانگرس کو پرائمری اور آل انڈیا مسلم لیگ کو اپنا سیکنڈری سکول کہا ہے۔

سوال : آپ نے اپنے چودہ نکات کب اور کیوں پیش کیے؟

جواب : 1929ء میں نہرو رپورٹ کے خلاف پیش کیے۔

سوال : آپ کے علاوہ اور کس کے چودہ نکات مشہور ہیں؟

جواب : وڈروولسن کے

سوال : یہ نکات کس کے مشورے سے منظر عام پر آئے؟

جواب : مولانا محمد علی جوہر کے مشورے سے۔

سوال : قائداعظم اور علامہ اقبال کی پہلی ملاقات کس موقع پر ہوئی؟

جواب : دوسری گول میز کانفرنس کے موقع پر لندن میں۔

سوال : علامہ اقبال نے آپ سے خط و کتابت کب شروع کی؟

جواب : 23 مئی سن 1936ء کو۔

سوال : خطوط کا یہ سلسلہ کب تک جاری رہا؟

جواب : 10 نومبر سن 1937ء تک۔

سوال : آپ نہرو اور پٹیل کے بارے کیا کہتے تھے؟

جواب : ”یہ دو اشخاص نا قابل اصلاح ہیں۔“

سوال : قائداعظم کا خطاب آپ کو کس نے دیا؟

جواب : مولانا مظہر الدین نے۔

سوال : قرارداد پاکستان کس نے پیش کی؟

جواب : مولوی فضل حق نے۔

سوال : آپ سے کس چیف جسٹس نے گورنر جنرل کے عہدہ کا حلف لیا تھا؟

Marfat.com

جواب : سر عبدالرشید نے۔

سوال : آپ نے کب وفات پائی؟

جواب : 11 ستمبر 1948ء بمطابق 7 ذیقعد 1367ھ بروز ہفتہ کو فوت ہوئے۔

سوال : آپ کی موت کا سبب کون سی بیماری تھی؟

جواب : پھیپھڑوں کی بیماری۔

سوال : آپ نے کتنی عمر پائی؟

جواب : 71 سال 8 ماہ اور 18 دن۔

سوال : آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟

جواب : شبیر احمد عثمانی نے۔

سوال : آپ کی نماز جنازہ میں کتنا مجمع تھا؟

جواب : تقریباً چار لاکھ۔

سوال : آپ کے مزار کا سنگ بنیاد پاکستان کے کس فیلڈ مارشل نے رکھا تھا؟

جواب : فیلڈ مارشل ایوب خان نے۔

سوال : آپ کے مزار کا نقشہ کس نے تیار کیا؟

جواب : یحییٰ مرچنٹ نے۔

سوال : آپ کے مزار کا رقبہ کتنے مربع گز ہے؟

جواب : 6 لاکھ 5 ہزار مربع گز۔

سوال : مزار قائد کے احاطہ میں کونسی تین چیزیں آپ کی وصیت کے مطابق دفن ہیں؟

جواب : پاکستانی سکے' قرار داد پاکستان کی دستاویزات اور قائد کی مختصر سوانح عمری۔

سوال : آپ کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب : ''نہیں میں زندہ نہیں رہ سکتا۔''

Marfat.com

محمد نبی چودھری

سوال : ان کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب : 15 اپریل 1905ء میں جالندھر میں پیدا ہوئے۔

سوال : ایم۔ایس۔سی (کیمیا) کی ڈگری کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : لاہور کے کس کالج میں کیمیا کے پروفیسر مقرر ہوئے؟

جواب : اسلامیہ کالج لاہور کے۔

سوال : انڈین آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس سروس میں کب داخل ہوئے؟

جواب : 1928ء میں۔

سوال : 1932ء میں کس ریاست کے اکاؤنٹنٹ جنرل مقرر ہوئے؟

جواب : ریاست بہاول پور کے۔

سوال : 1936ء، 1938ء اور 1939ء میں وہ کن عہدوں پر فائز رہے؟

جواب : 1936ء میں سر جیمز وزیر خزانہ حکومت ہند کے پرائیویٹ سیکرٹری بنے۔ 1938ء میں محکمہ مالیات کے انڈر سیکرٹری اور 1938ء میں ڈپٹی فنانشل ایڈوائزر مقرر ہوئے۔

سوال : اس پہلے ہندوستانی کا نام بتائیں جسے وار اینڈ سپلائی کا مالی مشیر بنایا گیا؟

جواب : چوہدری محمد علی۔

سوال : وہ وزیر خزانہ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : اکتوبر 1951ء تا اگست 1955ء۔

سوال : دولتِ مشترکہ کے وزرائے مالیات کی کانفرنسوں میں پاکستان کی نمائندگی کب

Marfat.com

کی؟

جواب : 1952ء 1953ء اور 1954ء میں اور 1952ء 1953ء اور 1954ء میں بین الاقوامی بنک برائے تعمیر وترقی کے سالانہ اجلاس میں شرکت کی۔

سوال : پاکستان کے وزیراعظم کب بنے؟

جواب : 11 اگست 1955ء کو۔

سوال : ان کے عہد کا نمایاں کارنامہ کون سا ہے؟

جواب : 1956ء کے آئین کی منظوری۔

سوال : وزارت عظمیٰ سے مستعفی کب ہوگئے؟

جواب : 12 ستمبر 1956ء کو۔

سوال : ان کی وفات کب ہوئی؟

جواب : یکم دسمبر 1980ء کو۔

☆

مدثر نذر

سوال : ایک سیریز میں 750 سے زائد رنز بنانے والے پاکستانی کھلاڑی کون ہے؟

جواب : مدثر نذر نے بھارت کے خلاف 1982ء میں بنائے۔

سوال : یہ کس مشہور کرکٹر کے فرزند ہیں؟

جواب : نذر محمد کے۔

سوال : ایک سیریز میں چار سے زائد سنچریاں بنانے والے کھلاڑی کون ہے؟

جواب : 1982ء میں مدثر نذر نے بھارت کے خلاف بنائیں۔

سوال : مدثر نذر کس بنک میں ملازم ہیں؟

Marfat.com

جواب : یونائیٹڈ بنک میں۔

سوال : مدثر نذر اپنی بیوی کے متعلق کیا کہتے ہیں؟

جواب : ''میں اپنی بیوی کو باتوں کے باؤنسر کھلانے کی کبھی کوشش نہیں کرتا کیونکہ مجھے علم ہے کہ وہ میری ہر بات پر زور دار چھکا مار سکتی ہے''۔

☆

مراتب علی شاہ، سید

سوال : ان کا سن اور مقام پیدائش کون سا ہے؟

جواب : 1882ء میں لاہور میں کوچہ ٹوپیا ہزار ہٹہ میں پیدا ہوئے۔

سوال : ان کے والد گرامی کا نام کیا تھا؟

جواب : سید وزیر علی۔

سوال : 1934ء میں افغانستان کیوں گئے؟

جواب : تجارتی وفد کے رکن بن کر۔

سوال : 1936ء میں ایکل اینڈ کیمیکل کارپوریشن آف انڈیا میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : ڈائریکٹر مقرر ہوئے۔

سوال : ایچی سن کالج لاہور کے رکن کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1940ء تا 1961ء۔

سوال : 1942ء میں آل انڈیا مسلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کس عہدے کے لیے منتخب ہوئے؟

جواب : نائب صدر کے لیے اور پھر 1943ء میں صدر چنے گئے۔

Marfat.com

سوال : انڈین چیمبر آف کامرس لاہور کے صدر کب بنے؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : مراتب علی کو 1935ء میں کونسا خطاب ملا؟

جواب : سی بی ای۔کا۔

سوال : ''سر'' کا خطاب کب ملا؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : انہوں نے کس طرح پاکستان کی مالی خدمت کی؟

جواب : تربیت پانے والے نوجوانوں کے لیے ایک لاکھ روپیہ دیا۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 22 مئی 1961ء کو شام چار بجے۔

☆

مستنصر حسین تارڑ

سوال : مستنصر حسین تارڑ کب پیدا ہوئے؟

جواب : یکم مارچ 1939ء کو۔

سوال : ان کی جائے پیدائش کون سی ہے؟

جواب : لاہور۔

سوال : ایف اے کہاں سے کیا؟

جواب : لونٹنگم ٹیکنیکل کالج سے۔

سوال : ان کا ذریعہ معاش کیا ہے؟

جواب : تجارت اور اداکاری۔

Marfat.com

سوال : مستنصر حسین کن زبانوں میں لکھتے ہیں؟

جواب : اردو اور پنجابی میں۔

سوال : ان کی کونسی صنف مشہور ہے؟

جواب : سفرنامہ نگاری۔

سوال : ڈرامہ ''پرواز'' پر 1984ء 1983ء کا کونسا ایوارڈ انہیں ملا؟

جواب : گریجوایٹ ایوارڈ۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : نکلے تیری تلاش میں' پرندے' ہنزہ داستان' مورت' اندلس میں اجنبی' خانہ بدوش' فاختہ اور پیار کا پہلا شہر وغیرہ۔

☆

مظفر حسین شاہ' سید

سوال : ان کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

جواب : ضلع تھرپارکر کے سید خاندان سے۔

سوال : نامزد وزیر اعلیٰ مظفر حسین شاہ نے جامعہ کراچی سے کس مضمون میں ایم اے کیا؟

جواب : بین الاقوامی تعلقات میں۔

سوال : انہوں نے ایل ایل بی کرنے کے بعد وکالت کا آغاز کب کیا؟

جواب : 1965ء میں۔

سوال : وہ کس قسم کے مقدمات میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں؟

جواب : فوجداری کے مقدمات میں۔

Marfat.com

سوال : کیا مظفر حسین شاہ مجلس شوریٰ کے رکن رہے؟

جواب : جی ہاں!۔

سوال : انہوں نے کابینہ میں وزیر صنعت کی حیثیت سے کب شمولیت کی؟

جواب : 1984ء میں۔

سوال : وہ عمرکوٹ سے کس اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : سندھ اسمبلی کے۔

سوال : وہ کتنا عرصہ سندھ اسمبلی کے سپیکر رہے؟

جواب : اپریل 1986 تا دسمبر 1988ء۔

سوال : 1990ء کے انتخابات میں کون سی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور صوبائی کابینہ میں بھی شامل کر لئے گئے۔

سوال : مظفر حسین شاہ نے وزیر اعلیٰ سندھ کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 6 مارچ 1992ء کو۔

سوال : یہ سیٹ کس وزیر اعلیٰ کے انتقال کی وجہ سے خالی ہوئی تھی؟

جواب : جام صادق علی کی وفات کی وجہ سے۔

سوال : مظفر حسین شاہ سے حلف کس نے لیا؟

جواب : گورنر سندھ محمود اے ہارون نے۔

☆

معراج خالد

سوال : معراج خالد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1916ء میں لاہور میں۔

Marfat.com

سوال : ایل ایل بی کب کیا؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : کسانوں کی تحریک ''کسان کمیٹی'' سے کب وابستہ ہوئے؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : 1956ء میں کن تنظیموں سے وابستہ رہے؟

جواب : پاکستان کانفرنس آف سوشل ورک اور مغربی پاکستان پنجایت فیڈریشن سے۔

سوال : اخوان ہائی سکول برکی کی بنیاد کس نے رکھی؟

جواب : معراج خالد نے۔

سوال : ''پاکستان ایفریشین پیپلز سالیڈ پریٹی'' نامی تنظیم کس نے قائم کی؟

جواب : معراج خالد نے وہ خود اس کے جنرل سیکرٹری بھی رہے۔

سوال : کن ممالک میں مختلف کانفرنسوں میں پاکستان کی نمائندگی کی؟

جواب : امریکہ' لاطینی' افریقہ اور ایشیائی ممالک میں۔

سوال : 1965ء میں کس اسمبلی کے رکن چنے گئے؟

جواب : قومی اسمبلی کے۔

سوال : دوبارہ قومی اسمبلی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1970ء میں۔

سوال : پیپلز پارٹی میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : اس کے قیام کے وقت۔

سوال : 1971ء میں کس اعلیٰ عہدے پر فائز رہے؟

Marfat.com

جواب : خوراک' زراعت اور پسماندہ علاقوں کے مرکزی وزیر رہے۔

سوال : پانچویں وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے صوبہ پنجاب کے وزیر اعلیٰ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 29 اپریل 1972ء تا 12 نومبر 1973ء۔

☆

معین قریشی' ڈاکٹر

سوال : ماہر اقتصادیات ڈاکٹر معین قریشی کا تقرر پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف اکنامکس ڈویلپمنٹ کراچی میں بطور ریسرچ فیلو کب ہوا؟

جواب : 1950ء میں

سوال : عالمی بینک کے ذیلی ادارے انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی۔ایف۔سی) میں کس عہدے تک ترقی کی؟

جواب : سنئیر نائب صدر تک

سوال : پاکستان کے نگران وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف کب اُٹھایا؟

جواب : 19 جولائی 1993ء کو صدر پاکستان غلام اسحاق خان نے حلف لیا۔

سوال : 9 اگست 1993ء کو 72 محکموں کو ختم کر دیا بتائیں اس میں کتنی ڈویژنیں شامل تھیں؟

جواب : چار ڈویژنیں۔

سوال : 17 ستمبر 1993ء کو آئی ایم ایف نے پاکستان کے لیے کتنے قرضے کی منظوری دی؟

جواب : 37 کروڑ 70 لاکھ ڈالر۔

Marfat.com

سوال : منشیات کے سوداگروں کے لیے سزائے موت کا قانون کب بنایا؟

جواب : 27 ستمبر 1993ء

سوال : 6 اکتوبر 1993ء کو قومی اسمبلی کے لیے ملک بھر میں انتخابات ہوئے۔ بتائیں وزیر اعظم کون بنا؟

جواب : اکثریت پاکستان پیپلز پارٹی کی رہی اور بے نظیر بھٹو وزیر اعظم بن گئیں۔

سوال : نگران وزیر اعظم نے انتقال اقتدار کی غرض سے قوم سے خطاب کب کیا؟

جواب : 18 اکتوبر 1993ء کو

سوال : نگران وزیر اعظم ڈاکٹر معین قریشی واپس امریکہ کب چلے گئے؟

جواب : 20 اکتوبر 1993ء کو۔

☆

ممتاز علی، ڈاکٹر میاں

سوال : ممتاز علی کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1925ء میں۔

سوال : کب اور کس ادارے سے تعلیم حاصل کی؟

جواب : 1944ء میں پنجاب زرعی کالج (اب زرعی یونیورسٹی فیصل آباد) سے۔

سوال : بی ایس سی کرنے کے بعد 1945ء میں کس ادارے سے منسلک ہو گئے؟

جواب : امپریل ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ نئی دہلی سے۔

سوال : یہاں پر انہوں نے کون سی ریسرچ کی؟

جواب : ایگرانومی میں پوسٹ گریجوایٹ ریسرچ۔

سوال : امریکہ کب گئے؟

Marfat.com

جواب : 1954ء میں۔

سوال : ایگریکلچرل اکنامکس میں ایم ایس سی کی ڈگری کس یونیورسٹی سے لی؟

جواب : اورکارنل یونیورسٹی سے۔

سوال : ایگریکلچرل ڈویلپمنٹ کمشنر کی حیثیت سے کون سے اہم کام کئے؟

جواب : زراعت کے میدان میں متعدد بار قومی حکمت عملی کی ترتیب اور زرعی منصوبہ بندی کی تشکیل دی۔

سوال : ڈاکٹر ممتاز علی کن موضوعات پر تحقیق کر چکے ہیں۔

جواب : انہوں نے مشینی کاشت، زیتون، روغنی اجناس اور پھل دار اجناس کی کاشت کے بارے میں تحقیق کی اور اس ضمن میں تحقیقی اور رہنما اصول بھی پیش کئے؟

☆

ممتاز علی بھٹو

سوال : ممتاز علی بھٹو کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1933ء میں لاڑکانہ میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : سینٹ جارج کالج کے بعد لارنس کالج گھوڑا گلی میں زیر تعلیم رہے۔

سوال : ایم۔اے کہاں سے کیا؟

جواب : کرائسٹ چرچ آکسفورڈ لندن سے۔

سوال : بیرسٹری کی سند کہاں سے لی؟

جواب : لنکنز اِن سے۔

سوال : کراچی میں وکالت کتنا عرصہ کی؟

جواب : 1959ء تا 1961ء دو سال۔

سوال : 1965ء میں کس علاقے سے بلا مقابلہ قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : لاڑکانہ سے۔

سوال : کس پارٹی میں شمولیت اختیار کی؟

جواب : پاکستان پیپلز پارٹی میں۔

سوال : 1968ء میں کیوں گرفتار کیے گئے؟

جواب : صدر ایوب خان کے خلاف تحریک میں حصہ لینے کی وجہ سے۔

سوال : 1970ء میں کس پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کا انتخاب جیتا؟

جواب : پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر۔

سوال : گورنر سندھ کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 24 دسمبر 1971ء تا 20 اپریل 1972ء۔

سوال : وفاقی کابینہ میں وزیر مواصلات کب مقرر ہوئے؟

جواب : 22 اکتوبر 1974ء کو۔

سوال : 1977ء میں عام انتخابات میں کس علاقے سے بلا مقابلہ قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : لاڑکانہ سے۔

سوال : وزیر مواصلات کے عہدے پر کتنا عرصہ فائز رہے؟

جواب : 30 مارچ 1977ء تا 5 جولائی 1977ء۔

سوال : صدر پاکستان کے خصوصی ایلچی کی حیثیت سے کن ممالک کے دورے کیے؟

جواب : اٹلی، فرانس، سوئٹزرلینڈ اور مغربی جرمنی وغیرہ کے۔

☆

Marfat.com

ممتاز محمد خان دولتانہ میاں

سوال : ممتاز محمد کب پیدا ہوئے؟

جواب : 23 فروری 1916ء کو لاہور میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : میاں احمد یار خان دولتانہ۔

سوال : بی۔اے آنرز کب کیا؟

جواب : 1933ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : ایم۔اے اور بیرسٹریٹ لاء کہاں سے کیا؟

جواب : آکسفورڈ یونیورسٹی سے۔

سوال : ہندوستانی مجلس کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1936ء تا 1937ء۔

سوال : 1943ء میں کس پارٹی کے ٹکٹ پر بلامقابلہ پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟

جواب : مسلم لیگ کے ٹکٹ پر۔

سوال : پنجاب مسلم لیگ کے معتمد اعلیٰ کب چنے گئے؟

جواب : 1944ء میں۔

سوال : پنجاب لیجسٹیو اسمبلی کے رکن کب چنے گئے؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : ہندوستان آئین ساز اسمبلی کے رکن کب بنے؟

جواب : 1946ء میں۔

Marfat.com

سوال : قائداعظم نے انہیں مسلم لیگ مجلس عمل (ایکشن کمیٹی) کا رکن کب چنا؟

جواب : 1946ء میں۔

سوال : قیام پاکستان کے موقعہ پر کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : وزیر خزانہ (پاکستان)۔

سوال : بیک وقت پنجاب مسلم لیگ کے صدر اور قومی اسمبلی کے رکن کب رہے؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : پنجاب کے دوسرے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے کتنا عرصہ کام کیا؟

جواب : 6اپریل 1951ء تا3اپریل1953ء۔

سوال : مرکزی وزیر دفاع کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 18اکتوبر1958ء تا 11دسمبر 1957ء۔

سوال : انہیں سیاست میں نااہل کس دور میں قرار دیا گیا؟

جواب : ایوب خان مارشل لاء میں۔

سوال : کس کے دور اقتدار میں برطانیہ میں پاکستان کے سفیر رہے؟

جواب : بھٹو دور میں۔

سوال : پاکستان مسلم لیگ کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : اپریل1967ء تا1969ء دوسری بار 17 مئی 1970ء تا1972ء۔

☆

محمود اعظم فاروقی

سوال : محمود اعظم فاروقی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 8مارچ1922ء کو اعظم گڑھ (یوپی) بھارت میں۔

Marfat.com

سوال : بی اے کب اور کہاں سے کیا؟

جواب : 1940ء میں الہ آباد یونیورسٹی سے۔

سوال : جماعت اسلامی میں شمولیت کب اختیار کی؟

جواب : 1945ء میں جماعت اسلامی کے بانی مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی علمی بصیرت سے متاثر ہوکر۔

سوال : کیا محمود اعظم فاروقی نے 1951ء میں پاکستان میں اسلامی دستور کے نفاذ کی مہم میں اہم کردار ادا کیا؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : 1954ء میں کتنے سال کے لیے کراچی یونیورسٹی سینٹ کے ممبر منتخب ہوئے؟

جواب : تین سال کے لیے۔

سوال : 1958ء میں کس یونیورسٹی کی سینٹ کے رکن بنے؟

جواب : کراچی یونیورسٹی کی۔

سوال : کتنا عرصہ جماعت اسلامی کراچی کے سیکرٹری رہے؟

جواب : جولائی 1962ء تا نومبر 1969ء۔

سوال : مجلس شوریٰ کے رکن کب بنے؟

جواب : 1966ء میں۔

سوال : 1965ء کے صدارتی انتخابات میں کس کی طرف سے انتخابی مہم میں حصہ لیا؟

جواب : محترمہ فاطمہ جناح کی طرف سے۔

سوال : متحدہ حزب اختلاف (COP) کی کراچی کمیٹی میں کس عہدے پر فائز ہیں؟

جواب : صدر۔

سوال : محمود اعظم فاروقی وزیر اطلاعات ونشریات کب بنے؟

Marfat.com

جواب : 23اگست1978ء کو۔

سوال : کتنا عرصہ داخلہ'مذہبی امور' اقلیتی امور اور سیاسی امور کی وزارتیں ان کے پاس رہیں؟

جواب : 21اپریل1979ء تا9مارچ1981ء۔

☆

محمود علی قصوری

سوال : محمود علی قصوری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 31اکتوبر 1910ء کو قصور میں۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : مولانا عبدالقادر قصوری۔

سوال : محمود علی نے ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : پونہ اور بمبئی میں۔

سوال : بی اے کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : تحریک پاکستان کے سلسلے میں طالب علمی کے زمانے میں جیل کب کاٹی؟

جواب : 1930ء میں۔

سوال : بمبئی یونیورسٹی سے قانون کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1932ء میں۔

سوال : بیرسٹری کا امتحان کب پاس کیا اور کون سی پوزیشن لی؟

جواب : 1935ء میں انگلستان سے پاس کیا اور پہلی پوزیشن حاصل کر کے گولڈ میڈ

لیا۔

سوال : ایل ایل ایم کی ڈگری کس کالج سے لی؟

جواب : کنگز کالج لندن سے۔

سوال : لاہور ہائی کورٹ میں پریکٹس کب شروع کی؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : مسلم لیگ سے علیحدگی کب اختیار کی؟

جواب : 1949ء میں۔

سوال : آزاد پاکستان پارٹی کب قائم کی؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : مغربی پاکستان نیشنل عوامی پارٹی کے صدر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1965ء تا 1970ء۔

سوال : 1970ء میں نیپ سے مستعفی ہو کر کونسی پارٹی میں شامل ہوئے؟

جواب : پاکستان پیپلز پارٹی میں۔

سوال : پاکستان پیپلز پارٹی میں کس حیثیت سے خدمات انجام دیں؟

جواب : وزیر قانون کی حیثیت سے۔

سوال : وزارت سے مستعفی ہونے کے بعد کس تحریک سے وابستہ ہو گئے؟

جواب : تحریک استقلال سے۔

سوال : ائیر مارشل اصغر خان کی نظر بندی کے دوران کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : قائم مقام صدر۔

سوال : دوبارہ انہیں کب تحریکِ استقلال کا صدر چنا گیا؟

جواب : اپریل 1984ء میں۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1987ء میں۔

☆

مودودیؒ مولانا سید ابوالاعلیٰ

سوال : مولانا کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 25 ستمبر 1903ء کو حیدر آباد کے ایک شہر اورنگ آباد میں۔

سوال : وہ کس کے صاحبزادے تھے؟

جواب : سید احمد حسین کے۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : ابتدائی تعلیم حیدر آباد میں پائی پھر اپنے والد کے ساتھ دہلی آ گئے اور یہاں دینی تعلیم حاصل کی۔

سوال : جمعیۃ علماء ہند کے اخبار "الجمیعتہ" کے ایڈیٹر کب بنے؟

جواب : 1921ء میں۔

سوال : 1926ء میں جب ایک مسلمان نے مشہور آریہ سماجی شردھانند کو قتل کر دیا تو ہندوؤں نے اسلامی تعلیمات پر الزام تراشی کی۔ اس کے جواب میں مولانا نے کون سی کتاب لکھی؟

جواب : "الجہاد فی الاسلام" کتاب لکھی۔

سوال : حکومتِ آصفیہ کی تاریخ کس نے لکھی؟

جواب : مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے۔

سوال : 1933ء میں حیدر آباد سے کونسا ماہانہ رسالہ جاری کیا؟

Marfat.com

جواب : ''ترجمان القرآن''۔

سوال : جماعت اسلامی کے بانی کون تھے؟

جواب : 1941 میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی۔

سوال : انہوں نے اس دنیا سے کوچ کب کی؟

جواب : 22 ستمبر 1979ء کو۔

سوال : انہیں دفن کس تاریخ کو کیا گیا؟

جواب : مرنے کے تین دن بعد یعنی 26 ستمبر 1979ء کو۔

سوال : ان کی مشہور کتابیں کون سی ہیں؟

جواب : سیاسی کشمکش، تفہیمات، تفہیمات، الجہاد فی الاسلام، مسئلہ قومیت، اسلامی عبادات پر ایک تحقیقی نظر، خطبات تفہیم القرآن وغیرہ وغیرہ۔

☆

موسیٰ خان، محمد، جنرل

سوال : ان کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 20 اکتوبر 1908ء۔

سوال : والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب : سردار یزدان بخش۔

سوال : ان کا افغانستان کے کس قبیلے سے تعلق تھا؟

جواب : ہزارہ قبیلے سے تعلق رکھتے تھے اور بلوچستان میں آ بسے تھے۔

سوال : فوج میں کس عہدہ سے بھرتی ہوئے؟

جواب : 20 نومبر 1926ء کو ہزارہ پائیز میں سپاہی بھرتی ہوئے۔

Marfat.com

سوال : کمیشن کب ملا؟

جواب : 1925ء میں کمیشن ملا اور فرنٹیئر زفورس بٹالین میں بھیج دیئے گئے تقریباً تین سال وزیرستان میں قبائلیوں کے خلاف لڑائی میں حصہ لیا۔

سوال : دوسری عالمی جنگ میں انہوں نے کیا کردار ادا کیا؟

جواب : تقریباً سوا سال دوسری عالمی جنگ میں شمال مشرقی افریقہ کی اطالوی سلطنت کو فتح کرنے میں گزارا۔ ان کی خدمات کے صلے میں انہیں دو انعامات دیئے گئے جو ان کی بہادری کے اعتراف اور کمان کی تعریف کے لیے کافی ہیں۔

سوال : فوجی تربیت کب اور کہاں مکمل کی؟

جواب : 1941ء میں سٹاف کالج میں تربیت پائی اور اس کے بعد آفیسر ٹریننگ سکول ماہو' انٹیلی جنس بیورو اور رسل و رسائل کے ایک ہیڈ کوارٹرز میں نوکری کی۔

سوال : بریگیڈیئر کب بنے؟

جواب : 1947ء میں لاہور میں تعینات تھے اس کے بعد انہیں ترقی دے کر بریگیڈیئر بنا کر سیالکوٹ بھیج دیا گیا۔

سوال : 1952ء میں ان کو ترقی دے کر کہاں بھیجا گیا؟

جواب : مشرقی پاکستان (بنگلہ دیش)۔

سوال : سٹاف افسر بنا کر کراچی کب بھیجا گیا؟

جواب : 1955ء میں۔

سوال : چیف آف سٹاف کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1957ء میں انہیں لیفٹیننٹ جنرل بنا کر فوج کا چیف آف سٹاف مقرر کیا گیا۔

سوال : اکتوبر 1958ء میں مارشل لاء لگنے پر انہیں کس عہدے پر ترقی ملی؟

Marfat.com

جواب : فوج کا کمانڈر انچیف بنایا گیا۔

سوال : پاک بھارت جنگ 1965ء میں ان کا کیا کردار ہے؟

جواب : کمانڈر انچیف کی حیثیت سے انہوں نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں نمایاں کردار ادا کیا اور پاکستانی فوج کو فتح سے ہمکنار ہونے میں اہم کردار ادا کیا۔

سوال : کتنا عرصہ کمانڈر انچیف کے عہدہ پر فائز رہے؟

جواب : 8 سال تک۔

سوال : مغربی پاکستان کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 18 ستمبر 1966ء تا 19 مارچ 1969ء یعنی تین سال۔

سوال : 1965ء کی جنگ کے بارے میں کس عنوان سے ایک کتاب لکھی؟

جواب : ''میرا بیان'' کے عنوان سے جسے مقبولیت عامہ حاصل ہوئی۔

سوال : ان کی کتاب ''جوان ٹو جنرل'' کس موضوع پر ہے؟

جواب : ''جوان ٹو جنرل'' انہوں نے 1973ء میں لکھی ۔ اس کتاب میں انہوں نے اپنے حالاتِ زندگی کے علاوہ ملکی اور بین الاقوامی حالات و واقعات پر بھی روشنی ڈالی اپنے فوجی تجربات کے علاوہ انتظامی خدمات اور پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے مختلف ممالک میں سفر و سیاحت کا ذکر بھی کیا ہے۔

سوال : بلوچستان کے گورنر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 30 دسمبر 1985ء کو۔

سوال : ان کو اہل قلم کانفرنس ایوارڈ کب ملا؟

جواب : اکتوبر 1987ء میں۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

Marfat.com

جواب : 12 مارچ 1990ء کو تقریباً 83 سال کی عمر میں تین بج کر چالیس منٹ پر کچھ عرصہ علیل رہ کر انتقال کر گئے۔

☆

منظور احمد وٹو

سوال : منظور احمد وٹو کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 14 اگست 1939ء کو موضع معظم پور ضلع فیروز پور (بھارت) میں۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کہاں پر سکونت اختیار کی؟

جواب : وصل والی ضلع اوکاڑہ میں۔

سوال : بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : ضلع کونسل اوکاڑہ میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : چیئرمین۔

سوال : ٹی بی ایسوسی ایشن میں کس اعلیٰ عہدے پر کام کیا؟

جواب : صدر کے۔

سوال : مرکز کونسل حویلی میں کس حیثیت سے شمولیت کی؟

جواب : صدر کی حیثیت سے۔

سوال : برطانیہ میں منعقدہ کواپریٹو کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کب کی؟

جواب : 1982ء میں۔

سوال : کیا انہوں نے 1968ء میں منعقدہ بنیادی جمہوریتوں کے کنونشن میں بھی شرکت کی؟

Marfat.com

جواب : جی ہاں۔

سوال : پنجاب اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 28 فروری 1985ء کو۔

سوال : پنجاب اسمبلی کے سپیکر کی حیثیت سے اپنے عہدے کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 10 اپریل 1985ء کو۔

سوال : کب تک پنجاب اسمبلی کے سپیکر رہے؟

جواب : مئی 1988ء تک۔

☆

منیر، جسٹس محمد

سوال : محمد منیر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 3 مئی 1895ء کو پٹیالہ (بھارت) میں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : پٹیالہ میں۔

سوال : بی اے کہاں سے کیا؟

جواب : مہندرا کالج پٹیالہ سے۔

سوال : گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم اے کن مضمون میں کیا؟

جواب : اقتصادیات میں۔

سوال : قانون کا امتحان کہاں سے پاس کیا؟

جواب : یونیورسٹی لاء کالج سے۔

سوال : وکالت کا آغاز کب اور کہاں سے کیا؟

Marfat.com

جواب : 1921ء میں امرتسر سے۔

سوال : لاہور ہائی کورٹ میں پریکٹس کب شروع کی؟

جواب : 1923ء میں۔

سوال : اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل کب بنے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : انکم ٹیکس کی عدالت اپیل کے صدر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1940ء میں۔

سوال : لاہور ہائی کورٹ کے جج کب بنے؟

جواب : 1942ء میں۔

سوال : چیف جسٹس کب بنے؟

جواب : 23 مئی 1947ء کو۔

سوال : کیا جسٹس محمد منیر نے قیام پاکستان سے قبل ریڈ کلف ایوارڈ میں مسلمانوں کی نمائندگی کی؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : فیڈرل کورٹ کے جج کب بنے؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : 1951ء میں لیاقت علی خان کے قتل کی تحقیقات کے سلسلے میں جو کمیشن قائم ہو۔ اس میں جسٹس منیر احمد کو کونسا عہدہ دیا گیا؟

جواب : صدر کا۔

سوال : 1951ء میں بین الاقوامی عدالت فوجداری میں کونسا عہدہ ملا؟

جواب : نائب صدر کا۔

Marfat.com

سوال : احمدیوں کے خلاف تحریک کے سلسلے میں جو ٹریبونل قائم ہوا اس میں انہیں کون سا عہدہ ملا؟

جواب : صدر کا۔

سوال : کتنا عرصہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس رہے؟

جواب : 29 جون 1954ء تا 3 مئی 1960ء۔

سوال : وزیر قانون کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : Quaied-i-Azam to Zia اور قانون شہادت کے اصول وغیرہ لکھیں۔

☆

منیر نیازی

سوال : منیر نیازی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب : 9 اپریل 1923ء۔

سوال : ان کی جائے پیدائش کون سی ہے؟

جواب : ہوشیار پور۔

سوال : منیز نیازی کی تعلیم کتنی ہے؟

جواب : بی۔اے۔

سوال : انہوں نے کہاں پر ملازمت کی؟

جواب : آل انڈین نیوی میں۔

سوال : وہ کس زبان میں لکھتے ہیں؟

Marfat.com

جواب : اردو اور پنجابی میں۔

سوال : کس صنف میں لکھتے ہیں؟

جواب : شاعری میں۔

سوال : ان کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : اس بے وفا کا شہر' تیز ہوا اور کہنا پھول' سفردی رات چار چپ چیزاں رستہ دسن والے تارے' جنگل میں دھنک' دشمنوں کے درمیان شام' ماہِ منیر' چھ رنگین دروازے اور کلیاتِ منیر (سات کتابوں کا مجموعہ) وغیرہ۔

☆

ناصر کاظمی

سوال : ناصر کاظمی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : ناصر رضا کاظم۔

سوال : ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب : محمد سلطان۔

سوال : وہ کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1925ء میں انبالہ میں۔

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : انبالہ میں۔

سوال : لاہور کے کس کالج میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : اسلامیہ کالج لاہور میں۔

سوال : بی اے کیوں نہ کر سکے؟

Marfat.com

جواب : ناسازگار حالات کے سبب۔

سوال : قیامِ پاکستان کے بعد وہ انبالہ سے ہجرت کر کے پاکستان کے کس شہر میں پہنچے؟

جواب : لاہور۔

سوال : پاکستان میں انہوں نے کن محکموں میں ملازمت کی؟

جواب : کچھ عرصہ محکمہ روزگار سے وابستہ رہے۔ مختلف ادوار میں اردو کے معروف ادبی رسائل و جرائد سے وابستہ رہے اور ریڈیو پاکستان کی ملازمت بھی کی۔

سوال : انہوں نے کب وفات پائی؟

جواب : ناصر کی عمر کا آخری حصہ لاہور میں گزرا انہوں نے 1975ء میں رحلت فرمائی۔

سوال : ان کی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : ''برگ نے''۔ ''دیوان'' (شعری مجموعہ) اور امریکی کلچر (ترجمہ) وغیرہ۔

وہ ساحلوں پہ گانے والے کیا ہوئے
وہ کشتیاں چلانے والے کیا ہوئے
وہ صبح آتے آتے رہ گئی کہاں
جو قافلے تھے آنے والے کیا ہوئے

☆

ناظم الدین، خواجہ

سوال : ان کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 1894ء

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : علی گڑھ اور کیمبرج یونیورسٹی میں۔

سوال : سیاست میں کب سے حصہ لینا شروع کیا؟

جواب : 1922ء سے

سوال : ڈھاکہ میونسپلٹی میں کس عہدے پر رہے؟

جواب : صدر

سوال : انتظامی کونسل ڈھاکہ یونیورسٹی کے ممبر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1923ء تا 1929ء

سوال : متحدہ بنگال میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : متحدہ بنگال کے 1941ء میں وزیر اعلیٰ رہے۔

سوال : بنگال کی مجلسِ قانون ساز میں مسلم لیگ جماعت کے لیڈر اور حزب مخالف کے رہنما کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1942ء تا 1947ء یعنی دس سال۔

سوال : قائداعظم محمد علی جناح کے بعد پاکستان کا گورنر جنرل کون بنا؟

جواب : خواجہ ناظم الدین ۔ 14-12-1948

سوال : وہ کتنا عرصہ پاکستان کے گورنر جنرل رہے؟

جواب : 14 ستمبر 1948ء تا 17 اکتوبر 1951ء یعنی تین سال۔

سوال : آپ پاکستان کے وزیر اعظم کب مقرر ہوئے؟

جواب : 19 اکتوبر 1951ء کو۔

سوال : پاکستان مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

جواب : 15 نومبر 1951ء میں۔

سوال : وزارتِ عظمیٰ سے علیحدہ کب ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 17اپریل1953ء کو۔

سوال : آپ نے وفات کب پائی؟

جواب : 22اکتوبر1964ء کو دل کا دورہ پڑنے سے۔

سوال : خواجہ ناظم الدین کہاں دفن ہیں؟

جواب : ڈھاکہ میں۔

☆

نسیمہ ترمذی، ڈاکٹر

سوال : پاکستان کی پہلی سائنسدان خاتون کا نام کیا ہے؟

جواب : ڈاکٹر نسیمہ ترمذی۔

سوال : انہوں نے سندھ یونیورسٹی سے میٹرک کب کیا؟

جواب : 1948ء میں۔

سوال : ایف ایس سی اور بی ایس سی کس یونیورسٹی سے کیا؟

جواب : ایف ایس سی سندھ یونیورسٹی سے 1950ء میں کیا اور بی ایس سی (آنرز) 1953ء میں کراچی یونیورسٹی سے کیا۔

سوال : 1955ء میں کراچی یونیورسٹی میں فیکلٹی آف سائنس میں پہلی پوزیشن کس نے حاصل کی؟

جواب : نسیمہ ترمذی نے۔

سوال : 1958ء میں انہوں نے آکسفورڈ یونیورسٹی سے کون سی ڈگری لی؟

جواب : میرین زوالوجی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری لی۔

سوال : جامعہ کراچی سے زوالوجی میں ڈی ایس سی کی ڈگری کب لی؟

جواب : 1972ء میں۔

سوال : وہ کب سے جامعہ کراچی سے منسلک ہیں؟

جواب : 1958ء سے۔

سوال : نسیمہ ترمذی کا ڈپٹی نذیر احمد اور رشید احمد صدیقی سے کیا رشتہ ہے؟

جواب : وہ ڈپٹی نذیر احمد کی پوتی اور رشید احمد صدیقی کی بھتیجی ہیں۔

سوال : پاکستان لاء کونسل نے انہیں پاکستان کی پہلی سائنسدان خاتون کا ایوارڈ کب دیا؟

جواب : 1991ء میں۔

سوال : میرین زوالوجی کے بارے میں ڈاکٹر نسیمہ ترمذی کی کون سی کتاب شائع ہوچکی ہے؟

جواب : ''فشریہ'' کے عنوان سے۔

☆

نصراللہ خاں بابر، میجر جنرل (ریٹائرڈ)

سوال : نصراللہ خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1921ء میں پشاور میں۔

سوال : تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : سینٹ جوزف کالج بارہ مولا سے تعلیم حاصل کی۔

سوال : قیام پاکستان کے بعد کاکول ملٹری اکیڈمی کے کس پہلے کورس کے لئے منتخب ہوئے؟

جواب : پی۔ایم اے۔ کے لئے۔

سوال : کشمیر کی جنگ آزادی میں کیا کردار ادا کیا؟

جواب : دوران تربیت پونچھ سیکٹر میں ایک لشکر کی کمان کی اور کشمیر کی جنگ آزادی میں نمایاں طور پر حصہ لیا۔

سوال : کمیشن کب ملا؟

جواب : 1950ء میں۔

سوال : 1965ء میں پاک بھارت جنگ میں نمایاں خدمات سرانجام دینے کے صلے میں ان کو کون سا اعزاز دیا گیا؟

جواب : ''ستارۂ جرأت''۔

سوال : بریگیڈیئر کب بنے؟

جواب : 1971ء میں۔

سوال : میجر جنرل کے عہدے پر ترقی کب ملی؟

جواب : 1975ء میں۔

سوال : دوبارہ ''ستارۂ جرأت'' کب ملا؟

جواب : 1971ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد۔

سوال : کتنا عرصہ گورنر رہے؟

جواب : 29 فروری 1976ء تا 5 جولائی 1877ء۔

☆

نصراللہ خان

سوال : نصراللہ خان نے چھٹے وزیر اعلیٰ سرحد کی حیثیت سے کب حلف اٹھایا؟

جواب : 2 مئی 1975ء کو۔

Marfat.com

سوال : ان کا یہ عہدہ کب تک برقرار رہا؟

جواب : 5جولائی 1977ء تک۔

☆

نصرت عبداللہ ہارون' لیڈی

سوال : وہ کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب : 9فروری 1896ء کو شہر کرمان (ایران) میں پیدا ہوئیں۔

سوال : لیڈی نصرت نے ایران کے کس سکول میں تعلیم حاصل کی؟

جواب : بوشہر سکول میں۔

سوال : ان کے والد نے ایران کو چھوڑ کر کہاں سکونت اختیار کی؟

جواب : سندھ میں۔

سوال : ان کی شادی کب اور کس سے ہوئی؟

جواب : نومبر 1914ء میں عبداللہ ہارون سے۔

سوال : کس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا؟

جواب : تحریک خلافت میں اور بعد میں تحریک پاکستان میں۔

سوال : لیڈی نصرت کا شجرہ نسب کہاں تک پہنچتا ہے؟

جواب : مغل شہنشاہوں تک۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 27مارچ 1974ء بمطابق 2ربیع الاول 1394ء کو ہوا۔

☆

نذر محمد

سوال : 1952-53ء میں بمقام لکھنو بھارت کے خلاف پاکستان کا کون سا کرکٹر ٹیسٹ میچ کے کئی دن فیلڈ میں رہا؟

جواب : نذر محمد چار دن تک۔

سوال : پہلا سکور بنانے والا پاکستانی کھلاڑی کون ہے؟

جواب : نذر محمد۔

سوال : پہلی سنچری کس نے بنائی؟

جواب : نذر محمد نے بھارت کے خلاف لکھنو میں اکتوبر 1952ء میں۔

☆

نور خان، ائیر مارشل (ریٹائرڈ)

سوال : ان کا سن ولادت کیا ہے؟

جواب : 1923ء میں ٹمن ضلع اٹک میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کہاں پر پائی؟

جواب : چیفس کالج لاہور سے تعلیم پانے کے بعد پرنس آف ویلز رائل انڈین ملٹری کالج ڈیرہ دون میں تعلیم حاصل کی۔

سوال : برطانیہ میں کون کون سے کورس کیے؟

جواب : برطانیہ سے آر۔اے۔ایف سٹاف کالج کورس اور جائنٹ سروسز سٹاف کالج کورس بھی مکمل کیا۔

Marfat.com

سوال : فوج میں کمیشن کب حاصل کیا؟

جواب : 1941ء میں۔

سوال : دوسری جنگ عظیم میں کس محاذ پر حصہ لیا؟

جواب : برما کے محاذ پر۔

سوال : انبالہ میں ہوا بازی کے تربیتی سکول میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : انسٹرکٹر۔

سوال : قیام پاکستان کے فوراً بعد کہاں تعینات ہوئے؟

جواب : چک لالہ اور ماڑی پور کے ہوائی اڈوں کے کمانڈر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

سوال : پی اے ایف آرگنائزیشن کے چیئرمین کب بنے؟

جواب : 1957ء میں۔

سوال : ایئر وائس مارشل اور ائر مارشل کے عہدہ پر ترقی کب ملی؟

جواب : 19 مئی 1964ء کو ایئر وائس مارشل اور 5 جولائی 1965ء کو ایئر وائس مارشل کے عہدہ پر ترقی ملی۔

سوال : پاک بھارگ جنگ 1965ء میں انہوں نے کیا کردار ادا کیا؟

جواب : 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں ان کی قیادت میں پاکستان ائر فورس نے بھارتی فضائیہ کو مفلوج کر کے رکھ دیا۔

سوال : 1965ء کی جنگ کی فتح کے بعد ان کو غیر معمولی خدمات کے صلے میں کون سا اعزاز ملا؟

جواب : ''ہلال جرات''۔

سوال : ڈپٹی چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کب بنے؟

Marfat.com

جواب : 25مارچ1969ءکو۔

سوال : مغربی پاکستان کے گورنر کتنا عرصہ رہے؟

جواب : یکم ستمبر1969ءتا فروری1970ء۔

سوال : پی آئی اے کے چیرمین کتنا عرصہ رہے؟

جواب : 1973ءتا1978یعنی چار سال۔

سوال : پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف بین الاقوامی امور کراچی کے ایڈمنسٹریٹر کب مقرر ہوئے؟

جواب : 16اپریل1981ءکو۔

سوال : ایڈ پاک کمیٹی کے چیئرمین کب بنے؟

جواب : فروری1980ءمیں۔

سوال : بی۔سی۔سی۔پی کے صدر کا عہدہ کب سنبھالا؟

جواب : 1980ءمیں صدر بنے اور 5فروری1984ءتک اس عہدے پر فائز رہے۔

سوال : کب تک پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر رہے؟

جواب : 1984ءکے آواخر تک۔

سوال : فروری1985ءکو قومی اسمبلی کا انتخاب کہاں سے جیتا؟

جواب : اٹک سے۔

☆

نور الامین

سوال : نورالامین کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1897ءمیں ضلع کومیلا کے ایک گاؤں چترا میں پیدا ہوئے۔

Marfat.com

سوال : ابتدائی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : مشرقی پاکستان کے مشہور شہر میمن سنگھ میں۔

سوال : انہوں نے کس یونیورسٹی میں داخلہ لیا؟

جواب : کلکتہ یونیورسٹی میں۔

سوال : کتنی عمر میں قانون کی ڈگری حاصل کی؟

جواب : سترہ برس کی عمر میں۔

سوال : پریکٹس کب اور کہاں شروع کی؟

جواب : 1924ء میں میمن سنگھ میں وکالت شروع کی۔

سوال : مسلم لیگ کے رکن کب بنے؟

جواب : 1937ء میں۔

سوال : پہلی بار بنگال اسمبلی کے رکن کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1942ء میں اس کے بعد 1946ء میں مطالبہ پاکستان کی بنیاد پر انتخابات ہوئے تو وہ مسلم لیگ کے ٹکٹ پر بنگال لیجسٹیو اسمبلی کے ممبر منتخب ہوگئے اس کے ساتھ ساتھ میمن سنگھ ڈسٹرکٹ بورڈ اور ضلعی مسلم لیگ کے صدر بھی رہے۔

سوال : 1947ء میں مشرقی بنگال میں خواجہ ناظم الدین نے جو وزارت بنائی اس میں نورالامین کے پاس کون سا محکمہ آیا؟

جواب : سول سپلائز کا۔

سوال : وہ مشرقی پاکستان کے وزیر اعلیٰ کب بنے؟

جواب : ستمبر 1948ء میں۔

سوال : اس عہدہ پر کتنا عرصہ متمکن رہے؟

جواب : چھ سال۔

Marfat.com

سوال : پاکستان جمہوری پارٹی کے پہلے سربراہ کا نام کیا تھا؟

جواب : نورالامین۔

سوال : 21 نومبر 1971ء کو جب بھارت نے مشرقی پاکستان پر حملہ کردیا تو یحییٰ خان نے ان پر کیا ذمہ داری ڈال دی؟

جواب : ان کو عبوری دور کے لیے وزیراعظم نامزد کردیا اور ان کے ساتھ ذوالفقارعلی بھٹو کو نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ بنادیا۔

سوال : وہ پاکستان کے نائب صدر کب بنے؟

جواب : 21 دسمبر 1971ء کو نائب صدر بنے اور 14 اگست 1973ء (نئے آئین کے نفاذ) تک رہے۔

سوال : پاکستان کے ٹوٹنے کے موقع پر ان کے الفاظ کیا تھے؟

جواب : ''کاش! اللہ تعالیٰ مجھے پاکستان کے ٹوٹنے کے المیہ سے پہلے ہی اس دنیا سے اٹھالیتا''۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 2 اکتوبر 1974ء کو وفات پائی۔

سوال : ان کی نماز جنازہ کہاں پر ادا کی گئی؟

جواب : 3 اکتوبر 1974ء جی۔ایچ۔کیو گراؤنڈ راولپنڈی میں ادا کی گئی۔

سوال : وہ کہاں دفن ہیں؟

جواب : مزار قائداعظم کے احاطہ میں سردار عبدالرب نشتر کے پہلو میں۔

سوال : ان کے کتنے صاحبزادے ہیں؟

جواب : تین۔روح الامین' انوار الامین اور محبوب الامین۔

☆

Marfat.com

نواز شریف، محمد

سوال : نواز شریف کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : دسمبر 1948ء میں لاہور میں پیدا ہوئے۔

سوال : بی اے کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : ایل۔ایل۔بی کی ڈگری کہاں سے لی؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی سے۔

سوال : فراغت کے بعد صنعتی کاروبار سے منسلک ہوئے متعدد کمپنیوں میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : مینجنگ ڈائریکٹر اور ڈائریکٹر۔

سوال : انہوں نے ایک تعلیمی ادارہ کس نام سے قائم کیا؟

جواب : اتفاق اسلامک اکیڈمی کے نام سے۔

سوال : اس ادارے کا سربراہ کس کو مقرر کیا گیا؟

جواب : پروفیسر طاہر القادری کو۔

سوال : اتفاق فری ہسپتال کس نے قائم کیا؟

جواب : نواز شریف نے۔

سوال : انہیں پنجاب کی صوبائی کابینہ میں بطور وزیر خزانہ کب شامل کیا گیا؟

جواب : 1981ء میں۔

سوال : پنجاب کے وزیر اعلیٰ کب منتخب ہوئے؟

جواب : فروری 1985ء کے عام انتخابات میں لاہور سے قومی اور صوبائی اسمبلی کے

Marfat.com

رکن منتخب ہوئے مگر 9 اپریل 1985ء کو وزیر اعلیٰ پنجاب کا حلف اٹھانے پر قومی اسمبلی کی نشست چھوڑ دی۔

سوال : 29 مئی 1988ء کو جب صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے قومی اسمبلی اور وفاقی وصوبائی کابینہ ختم کردیں تو انہوں نے اپنے سابقہ عہدے کی بجائے کس عہدے کا حلف اٹھایا؟

جواب : نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کا۔

سوال : نواز شریف نے وزیر اعظم پاکستان کا حلف کب اٹھایا؟

جواب : 6۔نومبر 1990ء کو۔

☆

وحید قریشی، ڈاکٹر

سوال : ڈاکٹر وحید قریشی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب : 14 فروری 1925ء کو گوجرانوالہ میں۔

سوال : انہوں نے میٹرک کس سکول سے کیا؟

جواب : اسلامیہ ہائی سکول بھاٹی گیٹ سے۔

سوال : بی اے آنرز کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : کن دو مضامین میں ایم اے کیا؟

جواب : اردو اور فارسی میں۔

سوال : 1952ء میں کس مضمون میں پی ایچ ڈی کی؟

جواب : فارسی میں۔

Marfat.com

سوال : وحید قریشی نے اردو میں مقالہ میر حسن اور ان کا زمانہ لکھ کر ڈی لٹ کی ڈگری کب حاصل کی؟

جواب : 1962ء میں۔

سوال : گوجرانوالہ کے کس کالج میں لیکچرار مقرر ہوئے؟

جواب : اسلامیہ کالج میں۔

سوال : لاہور کے کس کالج میں خدمات انجام دیں؟

جواب : اسلامیہ کالج میں۔

سوال : ریسرچ سوسائٹی آف پاکستان کے سیکرٹری کب منتخب ہوئے؟

جواب : 1963ء میں۔

سوال : 1964ء میں پاکستان رائٹرز گلڈ لاہور میں کس عہدے پر فائز ہوئے؟

جواب : سیکرٹری۔

سوال : مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد میں کس عہدے پر فائز رہے؟

جواب : سربراہ۔

سوال : اورینٹل کالج میں کن مضامین کے پروفیسر رہے؟

جواب : اردو اور پنجابی کے۔

سوال : ڈاکٹر وحید قریشی کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : نقد جاں (شاعری) اور پینٹ سٹیڈیز (مضامین) اور پاکستان قومیت کی تشکیل وغیرہ۔

☆

وزیر آغا' ڈاکٹر

سوال : ڈاکٹر وزیر آغا کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : 1922ء میں وزیر کوٹ (سرگودھا) میں۔

سوال : ثانوی تعلیم کہاں پر حاصل کی؟

جواب : لالیاں میں۔

سوال : ایف اے کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج جھنگ سے۔

سوال : ایم اے اقتصادیات کس کالج سے کیا؟

جواب : گورنمنٹ کالج لاہور سے۔

سوال : علم و ادب سے شوق کس شخصیت کی وجہ سے ہوا؟

جواب : اپنے والد وسعت علی خان سے ورثے میں ملا۔

سوال : 1956ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کس بنا پر ملی؟

جواب : طنز و مزاح کے موضوع پر تحقیقی مقالے لکھنے پر۔

سوال : ادبی دنیا لاہور کے شریک مدیر کب بنے؟

جواب : 1960ء میں۔

سوال : رسالہ ''اوراق'' کب شائع کرنا شروع کیا؟

جواب : 1966ء میں۔

سوال : ان کی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب : اردو ادب میں طنز و مزاح ' اردو شاعری کا مزاج ' تخلیقی عمل' آشوب آگہی (تحقیق) تصوراتِ عشق و خرد' اقبال کی نظر میں وغیرہ۔

Marfat.com

ہمایوں خان مری

سوال : ہمایوں خان مری کتنا عرصہ وزیر اعلیٰ بلوچستان رہے؟

جواب : 6 اگست 1990ء تا نومبر 1990ء۔

☆

یحییٰ خان، جنرل آغا محمد

سوال : یحییٰ خان کب پیدا ہوئے؟

جواب : 1917ء میں پشاور میں پیدا ہوئے۔

سوال : تعلیم کہاں پر پائی؟

جواب : پنجاب یونیورسٹی اور انڈین ملٹری اکیڈمی میں۔

سوال : 1938ء کو لیفٹیننٹ جنرل اے ایم یحییٰ خان کو کس رجمنٹ کے ساتھ لگایا گیا؟

جواب : بلوچ رجمنٹ کے ساتھ۔

سوال : دوسری جنگ عظیم میں کس محاذ پر تھے؟

جواب : سمندر پار کئی ایک اہم لڑائیوں میں حصہ لیا۔

سوال : کس کالج میں معلم رہے؟

جواب : سٹاف کالج کوئٹہ میں۔

سوال : چیف آف جنرل سٹاف کب مقرر ہوئے؟

جواب : 1957ء میں۔

سوال : مشرقی پاکستان میں انچارج (جی۔او۔سی) کب مقرر ہوئے؟

Marfat.com

جواب : 1962ء میں۔

سوال : سی۔ڈی۔اے اسلام آباد کے پہلے چیئرمین کون تھے؟

جواب : اے۔ایم یحییٰ خان۔

سوال : ستمبر 1965ء میں معرکہ چھمب چوڑیاں میں نمایاں فتح پر کمال جرات پر کونسا تمغہ ملا؟

جواب : "ہلال جرأت"

سوال : کمانڈر انچیف کب مقرر ہوئے؟

جواب : 27 اکتوبر 1966ء کو۔

سوال : وہ صدر پاکستان کب بنے؟

جواب : 25 مارچ 1969ء کو صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان رخصت پر چلے گئے۔ جنرل یحییٰ خان چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور صدر پاکستان مقرر ہوئے۔

سوال : صدارت سے الگ کیوں ہونا پڑا؟

جواب : مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے سانحہ کے وقوع کی وجہ سے 20 دسمبر 1971ء کو صدارت سے الگ ہونا پڑا۔

سوال : یحییٰ خان کو نظر بند کب کر دیا گیا؟

جواب : 8 جنوری 1972ء کو۔

سوال : انہیں رہائی کب نصیب ہوئی؟

جواب : جولائی 1977ء میں ملک میں مارشل لاء کے نفاذ کے بعد خرابی صحت کی بناء پر رہا کر دیئے گئے۔

سوال : ان کا انتقال کب ہوا؟

جواب : 1980ء کو فوت ہوئے اور پشاور میں دفن کیا گیا۔

Marfat.com



حفیظ گوہر سینیٹر ایس۔ایم ظفر سے ایوارڈ وصول کرتے ہوئے۔

حفیظ گوہر صاحب کے جذبات واحساسات لائق تحسین ہیں اور میں انہیں نگاہ تشکر سے دیکھتا ہوں۔

سابق وزیراعظم پاکستان

محمد نواز شریف

مجھے اس بات پر فخر ہے کہ حفیظ گوہر صاحب میرے شاگردوں کے حلقے میں شامل رہے ہیں۔ان کا شمار اُن ہونہار شاگردوں میں ہوتا ہے جو اساتذہ کیلئے سرمایہ افتخار ہوتے ہیں۔موجودہ دور میں اس قسم کے طالب علم عنقا ہوتے جارہے ہیں۔حفیظ گوہر کا مطالعہ بہت وسیع ہے اور ان کی تصنیف وتالیف کا میدان بھی متنوع موضوعات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر مظفر عباس

پرنسپل گورنمنٹ ایف سی کالج لاہور

سابق ڈائریکٹر پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور

GOHAR PUBLICATIONS
Rajput Market,
Urdu Bazar, Lahore.

Marfat.com